websit: www.dailybaakhabar.com E.mail:baakhabarquetta42@gmail.com

MEMBER APNS | بے شک اللہ تعالیٰ بہت باریک بین اور باخبر ہے (القرآن) | ABC CERTIFIED

روزنامہ باخبر کوئٹہ
THE DAILY BAAKHABAR QUETTA
بانی اکرام اللہ خان

جلد 30 | جمعہ 09۔اکتوبر 2026ء بمطابق 27 ربیع الثانی 1448ھ قیمت 20 روپے | شمارہ 276

دونوں جماعتوں کا آئی ایم ایف کی شرائط پر مبنی بلز سمیت تیس مختلف بلز کی منظوری پر بھی اتفاق پیپلز پارٹی قومی اسمبلی اور سینیٹ میں قانون سازی میں حکومت کی حمایت کریگی

ن لیگ اور پیپلز پارٹی کے درمیان قانون سازی میں تعاون پر ڈیڈلاک ختم

پیپلز پارٹی دونوں ایوانوں میں حکومت کی حمایت کرے گی جبکہ بدلے میں پیپلز پارٹی کو انتخابی اصلاحات کیلئے بنائی جارہی پارلیمانی کمیٹی کی چیئرمین شپ دی جائے گی' کمیٹی میں پارلیمان میں شامل تمام جماعتوں کو نمائندگی دینے پر اتفاق ہوا ہے

مسلم لیگ نون اور پیپلز پارٹی نے آئی ایم ایف کی شرائط پر مبنی بلز سمیت تیس مختلف بلز کی منظوری پر بھی اتفاق کیا ہے' پیپلز پارٹی قومی اسمبلی اور سینیٹ میں قانون سازی میں حکومت کی حمایت کرے گی' ذرائع

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) مسلم لیگ ن اور اتحادی جماعت پیپلز پارٹی کے درمیان قانون سازی میں تعاون پر جاری ڈیڈ لاک ختم ہوگیا۔ بقیہ نمبر 02 صفحہ 2 پر ملاحظہ کریں

امریکی مڈٹرم انتخابات سے پہلے ایران پر بڑے حملے کا امکان

پینٹاگون نے سینٹرل کمانڈ کو ممکنہ کارروائی کے لیے تیاریاں مکمل کرنے کا حکم دیا ہے' ذرائع

واشنگٹن (نیوز ڈیسک) امریکی میڈیا نے دعویٰ کیا بقیہ نمبر 06 صفحہ 2 پر ملاحظہ کریں

دہشتگردی کے مذموم عزائم کامیاب نہیں ہونے دینگے شہباز شریف

فتنہ الخوارج کے خلاف سیکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائیاں دہشتگردی کے مکمل خاتمے کے لیے پاکستان کے غیر متزلزل عزم کی عکاس ہیں

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) شہباز شریف نے کہا کہ سیکیورٹی فورسز کے افسران و جوان دہشتگردی کے خاتمے اور ملک میں پائیدار امن کے قیام کے لیے قابلِ تحسین خدمات انجام دے رہے ہیں، دہشتگردوں کو ملک میں بدامنی پھیلانے اور اپنے بقیہ نمبر 05 صفحہ 2 پر ملاحظہ کریں

کوئٹہ، وزیراعلیٰ رائز بلوچستان کے تحت تربیت مکمل کرنے والوں سے خطاب کررہے ہیں

37 ماہ کی ایکسٹینڈڈ فنڈ اور 28 ماہ کی ریزیلینس اینڈ سسٹین ایبلٹی فیسیلٹی کے تحت بھی اسٹاف لیول معاہدہ طے پا یا ہے عالمی مالیاتی ادارے کا جاری کردہ اعلامیہ

اسٹاف لیول معاہدے کے تحت آئی ایم ایف نے پاکستان کیلئے 1.2 ارب ڈالر کی منظوری دیدی

عالمی مالیاتی ادارے کے عملے نے پاکستان کے لیے 2026 کا چوتھا مشاورتی جائزہ مکمل کرلیا ہے، اعلامیے کے مطابق معاہدہ آئی ایم ایف کے ایگزیکٹو بورڈ کی حتمی منظوری سے مشروط ہے

پاکستان نے مشرقِ وسطیٰ کے تنازع کے اثرات سے نمٹنے کے ساتھ مجموعی معاشی استحکام برقرار رکھا۔ خودمختار کریڈٹ ریٹنگ میں بہتری اور عالمی مالیاتی منڈیوں تک پاکستان کی دوبارہ رسائی کو اعتماد کی علامت قرار دیا

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) عالمی مالیاتی فنڈ آئی ایم ایف اور پاکستان کے درمیان اسٹاف لیول معاہدہ طے پا گیا ہے، جس کے تحت پاکستان کے لیے مجموعی طور پر تقریباً 1.2 ارب ڈالر کی مالی معاونت کی راہ ہموار ہوگئی ہے۔ آئی ایم ایف کے اعلامیے کے مطابق ادارے کے عملے نے پاکستان کے لیے 2026 کا چوتھا مشاورتی جائزہ مکمل کرلیا ہے۔ اس کے علاوہ 37 ماہ کی ایکسٹینڈڈ فنڈ فسیلٹی اور 28 ماہ کی ریزیلینس اینڈ سسٹین ایبلٹی فسیلٹی کے تحت بھی اسٹاف لیول معاہدہ طے پایا ہے۔ اعلامیے کے مطابق معاہدہ آئی ایم ایف کے ایگزیکٹو بورڈ کی حتمی منظوری سے مشروط ہے۔ منظوری کی صورت میں پاکستان کو ایکسٹینڈڈ فنڈ فسیلٹی کے تحت تقریباً ایک ارب ڈالر جبکہ ریزیلینس اینڈ سسٹین ایبلٹی فسیلٹی کے تحت تقریباً 21 کروڑ ڈالر دستیاب ہوں گے۔ آئی ایم ایف کا کہنا ہے کہ پاکستان نے مشرق وسطیٰ کے تنازع کے اثرات سے نمٹنے کے ساتھ بقیہ نمبر 01 صفحہ 2 پر ملاحظہ کریں

وزیراعظم سے بحرین کے وزیرخارجہ ڈاکٹر عبداللطیف بن راشد الزیانی کی ملاقات

تجارت، افرادی قوت کی استعداد کار میں اضافے سمیت مختلف شعبوں میں تعاون کا اعادہ

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) وزیراعظم شہباز شریف اور بحرین کے وزیر خارجہ ڈاکٹر عبداللطیف بن راشد الزیانی نے ملاقات میں دونوں ملکوں کے درمیان بقیہ نمبر 04 صفحہ 2 پر ملاحظہ کریں


پشتونخوامیپ کے مرکزی جنرل سیکرٹری عبدالرحیم زیارتوال ژوب جلسے کی قرارداد پیش کررہے ہیں

میرٹ روزگار اور بامعنی مکالمے کے ذریعے نوجوانوں اور ریاست کے درمیان موجود خلیج کو ختم کیا جائیگا وزیراعلیٰ

حکومت نوجوانوں کو اپنے پیروں پر کھڑا کرے گی' ہنر سیکھنے والے نوجوانوں کو سازگار ماحول، بلاسود قرضے، کاروباری معاونت اور مسلسل رہنمائی فراہم کرے گی

محکمہ صنعت وتجارت اور بی آر ایس پی کے زیراہتمام کے تحت ضلع کیچ، گوادر، پنجگور اور خاران سے تعلق رکھنے والے تربیت یافتہ گریجویٹس میں اسناد تقسیم کرنے کی تقریب سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ نوجوانوں اور ریاست کے درمیان موجود خلیج کو تعلیم، ہنرمندی، روزگار، میرٹ اور بامعنی مکالمے کے ذریعے ختم کیا جائے گا۔ حکومت نوجوانوں کو غیر قانونی سرگرمیوں کے بجائے قانونی معیشت کا حصہ بننے کے لیے مواقع، وسائل اور رہنمائی فراہم کررہی ہے حکومت کا مقصد صرف نوجوانوں کو تربیت دے کر سرٹیفکیٹ دینا نہیں بلکہ انہیں اپنے پیروں پر کھڑا کرنا ہے، حکومت بلوچستان ہنر سیکھنے والے نوجوانوں کو سازگار ماحول، بلاسود قرضے، کاروباری معاونت اور مسلسل رہنمائی فراہم بقیہ نمبر 03 صفحہ 2 پر ملاحظہ کریں

اسلام آباد، صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیراعظم شہباز شریف سے بحرین کے وزیرخارجہ ملاقات کررہے ہیں

ظلم وجبر کا نظام اب مزید برداشت نہیں زور زبردستی اور طاقت کے سامنے سر نہیں جھکائینگے محمود خان اچکزئی

بندوق اور لاٹھی کے زور پر اقتدار حاصل کرنے پر یقین نہیں رکھتے پرامن احتجاج ہمارا آئینی اور قانونی حق ہے جس سے کبھی دستبردار نہیں ہونگے

پاکستان ایک فیڈریشن ہے تمام اکائیوں کے حقوق کا احترام کیا جائے اور قدرتی وسائل پر انکو مکمل اختیار دیا جائے' سربراہ تحریک تحفظ آئین پاکستان

لورالائی (نمائندہ خصوصی) پشتونخواہ ملی عوامی پارٹی کے چیئرمین تحریک تحفظ آئین پاکستان کے سربراہ اور قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی نے کلی منزکی میں ضلعی سیکرٹری صفدر مینگل وال اور ناصر آباد میں پی پی پی کے رہنما شمس حمزہ زئی کی قیادت بقیہ نمبر 07 صفحہ 2 پر ملاحظہ کریں

مذاکراتی عمل میں ڈیڈلاک، فریقین کی مولانا فضل الرحمان سے ثالث کا کردار ادا کرنے کی درخواست

پہلے جائزہ لوں گا دونوں مسئلے کے حل میں کتنے سنجیدہ ہیں، اسکے بعد ثالثی کردار ادا کرنے یا نہ کرنے کا فیصلہ کریں گے' قائد جمعیت

ذرائع کے مطابق مولانا فضل الرحمان کے گرین سگنل کے بعد وزیراعظم اور مولانا فضل الرحمان کے درمیان ملاقات کا بھی امکان ہے

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) مذاکراتی عمل میں ڈیڈلاک کے پیش نظر پی ٹی آئی اور حکومت مولانا فضل الرحمان کو ثالث بنانے پر تیار ہیں تاہم مولانا فضل الرحمان نے ثالث بننے کیلئے حکومت اور اپوزیشن کے سامنے 5 شرائط رکھ دیں۔ ذرائع کے مطابق حکومت اور اپوزیشن کی مولانا فضل الرحمان سے کردار ادا کرنے کی درخواست پر سربراہ جے یو آئی نے ثالث بننے کیلئے فریقین کے سامنے 5 بقیہ نمبر 28 صفحہ 7 پر ملاحظہ کریں

8 اکتوبر کے ہولناک زلزلے کی 21 ویں برسی عقیدت واحترام سے منائی گئی

آزاد کشمیر سمیت ملک بھر میں دعائیہ تقریبات کا اہتمام، شہداء کیلئے فاتحہ خوانی و دعائیں کی گئیں

اسلام آباد، مظفرآباد (آئی این پی) آزاد کشمیر اور خیبر پختونخوا میں 8 اکتوبر 2005 کو آنے والے قیامت خیز زلزلے کے شہداء کی 21 ویں برسی انتہائی عقیدت واحترام سے منائی گئی، اس موقع پر آزاد کشمیر اور ملک بھر میں شہدا کیلئے دعائیہ تقریبات بقیہ نمبر 27 صفحہ 7 پر ملاحظہ کریں

اپوزیشن اتحاد کی حکومت سے مذاکرات سے متعلق اجلاس بلانے کی تردید

حکومت یا مولانا فضل الرحمان کی جانب سے مذاکرات پر کوئی رابطہ نہیں ہوا، اسد قیصر

اسلام آباد (این این آئی) اپوزیشن رہنماؤں نے حکومت سے مذاکرات سے متعلق کوئی اجلاس بلانے کی تردید کردی۔ نجی ٹی وی سے ٹیلی فونک گفتگو کرتے ہوئے پی ٹی آئی رہنما اسد قیصر نے کہا کہ حکومت یا مولانا فضل الرحمان کی جانب سے بقیہ نمبر 26 صفحہ 7 پر ملاحظہ کریں

فیلڈ مارشل سے بحرینی وزیر خارجہ کی ملاقات

جنرل عاصم منیر نے پاکستان اور بحرین کے درمیان دیرینہ برادرانہ تعلقات پر زور دیا، آئی ایس پی آر

راولپنڈی (نیوز ڈیسک) چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے بحرین کے وزیر خارجہ ڈاکٹر عبداللطیف بن راشد الزیانی نے ملاقات کی بقیہ نمبر 08 صفحہ 2 پر ملاحظہ کریں

چیئرمین سینیٹ کا 8 اکتوبر 2005 کے زلزلہ شہدا کو خراجِ عقیدت

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے 8 اکتوبر 2005 کے تباہ کن زلزلے کے شہدا کی 21 ویں برسی کے موقع پر انہیں خراجِ عقیدت پیش کرتے ہوئے متاثرہ خاندانوں بقیہ نمبر 09 صفحہ 2 پر ملاحظہ کریں

حکومتی مذاکراتی کمیٹی نے فضل الرحمان سے ملاقات کی رپورٹ وزیراعظم کو پیش کردی

مولانا مذاکراتی ڈیڈلاک کے خاتمے اور تنازعات کو طے کرانے کیلئے اپنا کردار ادا کرنے کو تیار ہیں، رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) حکومتی مذاکراتی کمیٹی نے جمعیت علما اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمان سے ملاقات کی رپورٹ وزیراعظم شہباز شریف کو پیش کردی ہے۔ حکومتی ذرائع کے مطابق رپورٹ میں کہا گیا کہ مولانا فضل الرحمان مذاکراتی ڈیڈلاک کے خاتمے اور تنازعات کو طے کرانے کیلئے اپنا کردار ادا کرنے کو تیار ہیں۔ مولانا فضل الرحمان بقیہ نمبر 29 صفحہ 7 پر ملاحظہ کریں

بلوچستان بالخصوص ضلع حب کی ترقیاتی رفتار مزید تیز کی جائے، صدر زرداری

اسلام آباد/کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے سینئر نائب صدر اور صدرِ پاکستان آصف علی زرداری کے بلوچستان کے ترجمان میر علی بقیہ نمبر 25 صفحہ 7 پر ملاحظہ کریں

اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی اور راجہ ناصر عباس کا ٹیلی فونک رابطہ

دونوں کے درمیان مذاکرات سمیت آل پارٹیز کانفرنس کے حوالے سے مشاورت کی گئی

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) اپوزیشن لیڈرز محمود خان اچکزئی اور علامہ ناصر عباس کے درمیان ٹیلی فونک رابطہ ہوا جس میں مذاکرات سے متعلق بات چیت ہوئی۔ ذرائع کے مطابق اپوزیشن لیڈر قومی اسمبلی محمود خان اچکزئی نے کوئٹہ سے اپوزیشن لیڈر سینیٹ بقیہ نمبر 24 صفحہ 7 پر ملاحظہ کریں

چیئرمین محمود خان اچکزئی سے پشتونخوامیپ لورالائی کے ضلعی سیکرٹری صفدر مینگل وال ملاقات کررہے ہیں

اسلام آباد، وفاقی وزیرخزانہ محمد اورنگزیب سے آئی ایم ایف مشن کا سربراہی وفد ملاقات کررہا ہے

زراعت کو ترقی دیکر روزگار اور کاروبار کے نئے مواقع پیدا کیے جاسکتے ہیں گورنر

مالداروں، خواتین اور نوجوانوں کو بھی ترقیاتی پروگراموں کا حصہ بنایا جائے تاکہ دیہی معیشت مضبوط ہو اور مقامی سطح پر روزگار کے مواقع میں اضافہ ہو

کسانوں کو جدید ریسرچ، ڈیجیٹل ٹیکنالوجی، مارکیٹ تک رسائی اور ویلیو ایڈیشن کی سہولیات فراہم کرنا ضروری ہے' FAO کے وفد سے گفتگو

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل نے کہا ہے کہ صوبے میں انفرااسٹرکچر کی تعمیر، عوامی فلاح و بہبود اور دور افتادہ علاقوں کی ترقی کیلئے اقوام متحدہ کے ذیلی اداروں سمیت تمام بین الاقوامی تنظیموں کے ساتھ خوشگوار تعلقات برقرار رکھے گئے ہیں جن کے مثبت اثرات تعلیم، صحت، زراعت اور صاف پانی کی فراہمی سمیت مختلف شعبوں میں سامنے آرہے ہیں۔ بلوچستان کے دورافتادہ اور بقیہ نمبر 23 صفحہ 7 پر ملاحظہ کریں

سیکیورٹی فورسز کی خیبر پختونخوا میں کارروائیاں 4 اہم کمانڈرز سمیت 9 خارجی ہلاک

فتنہ الخوارج کے ہلاک اہم دہشتگرد کمانڈرز میں خارجی خالد رضا، خارجی کامران، خارجی موسیٰ اور خارجی مفتوم شامل ہیں

ہلاک دہشتگردوں سے بھاری مقدار میں اسلحہ، گولہ بارود بھی برآمد ہوا، فتنہ الخوارج کے متعدد ٹھکانے بھی تباہ کیے گئے' سیکورٹی ذرائع

راولپنڈی (نیوز ڈیسک) سیکیورٹی فورسز کی خیبر پختونخوا میں عزم استحکام ویژن کے تحت فتنہ الخوارج کے خلاف بھرپور کارروائیاں جاری ہیں جب کہ شمالی وزیرستان میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن، فتنہ الخوارج کے 4 اہم دہشتگرد کمانڈرز سمیت 9 خارجی ہلاک کردیے گئے۔ سیکورٹی ذرائع نے کہا کہ سیکیورٹی فورسز نے شمالی وزیرستان کے علاقے پلنگ زئی، ندیم کوٹ، کوٹ خضری میں فتنہ الخوارج بقیہ نمبر 30 صفحہ 7 پر ملاحظہ کریں

بھارت دہشت گردی کیلئے طالبان کی مدد کر رہا ہے، پاکستان

بیرونِ ملک ماورائے علاقائی قتل اور ٹارگٹ کلنگ میں بھارت کے کردار سے پوری دنیا واقف ہے، جواد اجمل

نیویارک (آئی این پی) اقوام متحدہ کیلئے پاکستان مستقل مشن کے قونصلر محمد جواد اجمل نے کہا ہے کہ انسانی ہمدردی کی امداد کی آڑ میں بھارت طالبان حکومت کو پاکستان کے خلاف دہشت گرد حملوں کیلئے مادی اور لاجسٹک معاونت فراہم کر رہا بقیہ نمبر 22 صفحہ 7 پر ملاحظہ کریں

زیارت دہشت گرد حملے' تحقیقاتی کمیشن کی کھلی عدالت میں کارروائی

نصر اللہ زیرے سمیت متعدد گواہ کمیشن کے روبرو پیش ہوئے اور اپنے بیانات قلم بند کرائے

کوئٹہ (خ ن) زیارت میں مانگی ڈیم پمپنگ اسٹیشن پر ہونے والے دہشت گردی کے حملے کی تحقیقات کے لیے قائم تحقیقاتی کمیشن جسٹس محمد عامر نواز رانا بقیہ نمبر 21 صفحہ 7 پر ملاحظہ کریں

عوام کی تکلیف کا احساس ہے پیٹرول کی جو قیمت بنتی ہے عوام کو وفاق اندازمیں بتاتے ہیں علی پرویز ملک

دنیا کی تاریخ میں ڈیزل اتنا مہنگا کبھی نہیں ہوا' پیٹرولیم لیوی 80 روپے فی لیٹر کی حد تک وصول کی جارہی ہے' وفاقی وزیر کی قائمہ کمیٹی کو بریفنگ

مشکل حالات میں عوام کو کھانے کے اوقات میں گیس کی فراہمی یقینی بنائی، فیول سپلائی چین کو مکمل طور پر ڈیجیٹلائز کیا جارہا ہے' وفاقی وزیر پیٹرولیم

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) مصطفیٰ محمود کی صدارت میں قائمہ کمیٹی پیٹرولیم کا اجلاس ہوا، وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک نے شرکت کی اور صورتحال پر بریفنگ دی۔ کمیٹی اجلاس میں پیٹرولیم قیمتوں کے بارے میں اراکین کے سوالات کیے گئے، وزیر بقیہ نمبر 10 صفحہ 2 پر ملاحظہ کریں

عوام پر مہنگائی کا ایک اور بم ملک بھر میں بجلی ایک روپے 11 پیسے فی یونٹ مہنگی کردی گئی

نیپرا کے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق بجلی اگست کی فیول پرائس ایڈجسٹمنٹ کے تحت ایک ماہ کیلئے مہنگی کی گئی ہے

اضافہ اکتوبر کے بلوں میں وصول ہوگا' اگست کی فیول ایڈجسٹمنٹ سے صارفین پر 19 ارب روپے کا اضافی بوجھ منتقل ہوگا

اسلام آباد (آئی این پی) حکومت نے عوام پر مہنگائی کا ایک اور بم گرادیا، ملک بھر میں بجلی ایک روپے 11 پیسے فی یونٹ مہنگی کردی گئی۔ نیپرا کے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق بجلی اگست کی فیول پرائس ایڈجسٹمنٹ کے تحت ایک ماہ کیلئے مہنگی کی گئی۔ نوٹیفکیشن میں کہا گیا کہ کراچی سمیت ملک بھر کے صارفین سے اضافہ اکتوبر کے بلوں میں وصول ہوگا۔ ذرائع کے مطابق اگست کی فیول ایڈجسٹمنٹ سے صارفین پر بقیہ نمبر 31 صفحہ 7 پر ملاحظہ کریں

کوئٹہ، گورنر جعفرخان مندوخیل سے سینیٹر دوستین ڈومکی، یونس بلوچ اور چوہدری شبیر ملاقات کررہے ہیں

افغانستان میں کام کرنیوالی دہشتگرد تنظیمیں دنیا کے امن کیلئے بڑا خطرہ ہیں محسن نقوی

عالمی برادری کو اس خطرے سے نمٹنے کیلئے ملکر کام کرنے کی ضرورت ہے' اقوام متحدہ کے امن مشنز میں اپنا بھرپور کردار جاری رکھیں گے

پاکستان کی اقوام متحدہ کے امن مشنز میں شرکت ہمیشہ نمایاں رہی ہے، دنیا کے امن کیلئے پاکستان کا کردار قابلِ ستائش ہے' انتونیو گوتریس

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیرداخلہ محسن نقوی اور وزیرمملکت طلال چودھری سے اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس نے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران عالمی و علاقائی صورتحال اور امن مشنز کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفاقی بقیہ نمبر 11 صفحہ 2 پر ملاحظہ کریں

شرافت کو کمزوری نہ سمجھا جائے اپنے اصولی موقف سے پیچھے نہیں ہٹیں گے مولانا واسع

امن وامان کے قیام کی ذمہ داری قبول کرنے کے لیے کوئی تیار نہیں عوام اپنے جان ومال کے تحفظ کے لیے حکومتی اقدامات کے منتظر ہیں

صوبے میں بدامنی، ٹارگٹ کلنگ اور جرائم عروج پر ہیں، حکومت ذمہ داری پوری کرے' صوبائی اسمبلی کے اراکین اور عاملہ سے گفتگو

کوئٹہ (یو این اے) جمعیت علما اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر سینیٹر حضرت مولانا عبدالواسع نے بقیہ نمبر 20 صفحہ 7 پر ملاحظہ کریں

اسپیکر قومی اسمبلی سے مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے وفد کی ملاقات

(ن) لیگ نے ہمیشہ اقتدار میں آکر مسائل کے حل کو یقینی بنایا ہے، سردار ایاز صادق

اسلام آباد/کوئٹہ (آن لائن) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے کہا ہے کہ پاکستان مسلم لیگ (ن) نے ہمیشہ اقتدار میں آکر ملک اور قوم کی بہتری کو ممکن بناتے ہوئے مسائل کے حل کو یقینی بنایا ہے اور پارٹی قائد میاں محمد نواز شریف کے وژن کے مطابق ملک بقیہ نمبر 32 صفحہ 7 پر ملاحظہ کریں

لانگ مارچ میں سرکاری وسائل کا استعمال، پشاور ہائیکورٹ نے سہیل آفریدی سے جواب طلب کرلیا

پشاور (آئی این پی) پشاور ہائیکورٹ نے لانگ مارچ میں سرکاری وسائل کے استعمال پر وزیراعلیٰ سہیل آفریدی کو نوٹس جاری کرتے ہوئے جواب بقیہ نمبر 18 صفحہ 7 پر ملاحظہ کریں

ایسا لگ رہا ہے پیپلز پارٹی بہت بڑا کمپرومائز کرچکی ہے، شوکت یوسفزئی

اس کا جمہوری چہرہ بے نقاب ہوگیا ہے، ہمارا اصل مسئلہ وفاقی حکومت کے ساتھ ہے، رہنما تحریک انصاف

پشاور (این این آئی) سیکرٹری اطلاعات پی ٹی آئی خیبر پختونخوا شوکت یوسفزئی نے کہا ہے کہ دو دن سے مسلسل پیپلز پارٹی پریس کانفرنس کررہی ہے، ایسا لگ رہا ہے کہ پیپلز پارٹی بہت بڑا کمپرومائز کرچکی ہے، اس کا جمہوری چہرہ بے نقاب ہوگیا ہے، ہمارا بقیہ نمبر 19 صفحہ 7 پر ملاحظہ کریں

جام کمال سے برطانوی ہائی کمشنر جین میریٹ کی ملاقات

پاکستان، برطانیہ کا آئندہ ٹریڈ ڈائیلاگ میں عملی نتائج کے حصول پر اتفاق

اسلام آباد (آئی این پی) وفاقی وزیرتجارت جام کمال خان سے برطانوی ہائی کمشنر جین میریٹ نے ملاقات کی، جس میں پاکستان اور برطانیہ کے بقیہ نمبر 17 صفحہ 7 پر ملاحظہ کریں

افغانستان میں تبدیلی ناگزیر اور بہت قریب ہے گلبدین حکمت یار

اقتدار افغان عوام کے حوالے کیا جائے تاکہ ملک کے مستقبل کے سیاسی نظام اور حکومت کا فیصلہ کرسکیں' سابق افغان وزیراعظم

عوام کی مرضی ہر آنے والے سیاسی نظام کی بنیاد ہونی چاہیے، طالبان کو جنگ اور امن میں سے کسی ایک راستے کا انتخاب کرنا ہوگا، حامیوں سے خطاب

کابل (آئی این پی) افغانستان کے سابق وزیراعظم اور حزب اسلامی افغانستان کے سربراہ گلبدین حکمت یار نے طالبان کی حکومت پر تنقید بقیہ نمبر 12 صفحہ 2 پر ملاحظہ کریں

آئی ایم ایف معاہدہ پاکستان کے معاشی استحکام اور ساکھ میں بہتری کا اعتراف ہے، خرم شہزاد

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیرخزانہ کے مشیر خرم شہزاد نے کہا ہے کہ آئی ایم ایف اور پاکستان کے درمیان توسیعی فنڈ سہولت (ای ایف ایف) کے بقیہ نمبر 14 صفحہ 2 پر ملاحظہ کریں

موٹرسائیکلوں اور چھوٹی گاڑیوں کیلئے سستا پیٹرول سکیم کھٹائی میں پڑگئی

حکومت نے آئی ایم ایف کے ساتھ مذاکرات میں فیول سبسڈی سکیم ختم کرنے پر اتفاق کرلیا' ذرائع

اسلام آباد (جی این ایم) پاکستان اور بین الاقوامی مالیاتی فنڈ آئی ایم ایف کے درمیان 1.21 ارب ڈالر کے قرض کی قسط پر اسٹاف لیول معاہدہ طے پا بقیہ نمبر 13 صفحہ 2 پر ملاحظہ کریں

قانونی شرائط کو نظرانداز کرکے کسی شخص کو پنشن دینے کا حکم نہیں دیا جاسکتا، آئینی عدالت

اسلام آباد (آئی این پی) وفاقی آئینی عدالت نے قرار دیا ہے کہ وفاقی محتسب پنشن کی قانونی شرائط کو نظرانداز کرکے کسی شخص کو پنشن دینے کا حکم نہیں دے بقیہ نمبر 15 صفحہ 7 پر ملاحظہ کریں

پشاور، وزیراعلیٰ سہیل خان آفریدی لانگ مارچ کے شرکاء سے خطاب کررہے ہیں

نیویارک ٹائمز کی خبر کی تردید حوثیوں کیخلاف پاک فضائیہ کا استعمال نہیں کیا گیا وزارت اطلاعات

عالمی میڈیا مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے کے تحت پاکستانی افواج کے استعمال پر قیاس آرائیوں سے گریز کرے

افواج کی کسی بھی قسم کی تعیناتی اگر ضروری ہوئی تو اس کی تفصیلات متعلقہ حکام خود فراہم کریں گے' وزارت اطلاعات کا اعلامیہ

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان کی وزارت اطلاعات نے نیویارک ٹائمز کی خبر کو جھوٹی اور من گھڑت قرار دیتے ہوئے کہا کہ حوثیوں کے خلاف پاک فضائیہ کا استعمال نہیں کیا گیا۔ وزارت اطلاعات نے اپنے پیغام میں واضح کیا کہ عالمی بقیہ نمبر 16 صفحہ 7 پر ملاحظہ کریں

کوئٹہ، وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی سے اسپیکر بلوچستان اسمبلی عبدالخالق اچکزئی ملاقات کررہے ہیں

پشتونخوا اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن شہدائے جمہوریت اور شہدائے وطن کو خراجِ عقیدت کرتی ہے

7 اکتوبر 1983 اور 11 اکتوبر 1991 کے شہدا نے جمہوریت اور وطن کے لیے اپنی سروں کا نذرانہ پیش کیا، مرکزی بیان

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن مرکزی آرگنائزنگ باڈی کے جاری کردہ پریس ریلیز میں 7 اکتوبر 1983 کے شہدائے جمہوریت اور 11 اکتوبر 1991 کے شہدائے وطن کی برسی کے موقع پر اپنے عظیم شہداء کو خراجِ عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ شہداء کی قربانیاں پشتونخوا وطن کی قومی، جمہوری اور سیاسی جدوجہد کی تاریخ کا ناقابلِ فراموش باب ہیں۔ پشتونخوا اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن 7 اکتوبر کے شہدائے جمہوریت جنہوں نے جمہوریت، آئین کی بالادستی اور سیاسی آزادی کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا، جبکہ 11 اکتوبر کے شہدائے وطن جنہوں نے قومی حقوق اور اپنے وطن کی سربلندی کے لیے لازوال قربانی دی۔ انہیں ان کی برسیوں کے موقع پر زبردات خراج عقیدت پیش کرتی ہے اور شہداء کی قربانیاں نئی نسل کے لیے مشعلِ راہ ہیں۔ طلبہ اور نوجوانوں کی ذمہ داری ہے کہ وہ علم، شعور، تنظیم اور پرامن جمہوری جدوجہد کے ذریعے اپنے قومی اور جمہوری حقوق کے لیے کردار ادا کریں۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ شہداء کی تاریخی جدوجہد اور قربانیوں کو نئی نسل تک پہنچانے کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا اور جمہوری، قومی اور سیاسی شعور کے فروغ کے لیے جدوجہد جاری رہے گی۔ پشتونخوا اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن بیان کے آخر میں شہدا کے سرخیل خان شہید عبدالصمد خان اچکزئی اور تمام شہدا کو سرخ سلام پیش کرتی ہے اور ان کے ملی ارمانوں کی تکمیل کے لیے جاری جدوجہد کو مزید تیز و منظم کرنے کا اعادہ کرتی ہے۔

چمن میں مکمل ڈاکو راج قائم ہے، پشتونخوامیپ

حافظ احسان اللہ کے شہادت کے واقع پر اظہار افسوس، ملوث عناصر کی گرفتاری کا مطالبہ

چمن (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی ضلع چمن کے جاری کردہ بیان میں مکمل ڈاکو راج پر سخت تشویش، جمیعت طلبا اسلام ضلع چمن کے نائب صدر حافظ احسان اللہ کی شہادت پر گہرے غم اور رنج کا اظہار اور اس المناک واقعے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کرتی ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ چمن شہر اور مضافاتی علاقوں میں بدامنی، ڈکیتی اور لاقانونیت کے بڑھتے ہوئے واقعات نے عوام کو شدید عدم تحفظ سے دوچار کر دیا ہے۔ حافظ احسان اللہ کی شہادت اسی تشویشناک صورتحال کی ایک المناک مثال ہے۔ پشتونخوا میپ ضلع چمن حکومت اور متعلقہ اداروں سے مطالبہ کرتی ہے کہ شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنایا جائے، واقعے میں ملوث عناصر کو فوری گرفتار کر کے قانون کے مطابق سخت سزا دی جائے اور چمن میں امن و امان کی صورتحال بہتر بنانے کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں۔ پشتونخوا میپ چمن سوگوار خاندان سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ شہید حافظ احسان اللہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور پسماندگان کو صبرِ جمیل دے۔

موسیٰ خیل BRSP- کے زیر اہتمام ملیریا پروگرام کے تحت، IHHN کے تعاون سے تربیتی سیشن کا انعقاد

شرکاء کو تربیت کے اہداف کی واضح سمجھ اور iCCM کا مکمل جائزہ فراہم کیا گیا

موسیٰ خیل (پ ر) موسیٰ خیل میں BRSP- کے زیر اہتمام ملیریا پروگرام کے تحت، IHHN کے تعاون سے تربیتی سیشن کا انعقاد حنا علوی MIS کوآرڈینیٹر، BRAP اور محمد اقبال ماسٹر ٹرینر شفیق جعفر BRSP ڈسٹرکٹ کوآرڈینیٹر ظہور احمد (MEAL) آفیسر، (IHHN) اور کمیونٹی ہیلتھ ورکرز (CHWs) ودیگر نے آگاہی دی پہلے دن کی تربیت کے اہم نکات: تربیتی مقاصد اور iCCM کا جائزہ: *شرکا کو تربیت کے اہداف کی واضح سمجھ اور iCCM کا مکمل جائزہ فراہم کیا گیا۔ کمیونٹی انٹیگریشن) عوامی شمولیت *: (ملیریا، ٹی بی اور ایچ آئی وی (HIV) پروگراموں میں کمیونٹی کی سطح پر شمولیت پر بات چیت کی گئی اور اس بات پر زور دیا گیا کہ iCCM پروگرام کا نفاذ کیوں ضروری ہے۔ ورکرز کا کردار: *زمینی سطح پر کمیونٹی ورکرز کی اہم ذمہ داریوں اور کردار کا خاکہ پیش کیا گیا۔

چیف ایگزیکٹو آفیسر پی پی ایچ آئی اسپیکر عبدالخالق اچکزئی سے انکے بیٹے کی وفات پر فاتحہ کر رہے ہیں

منظور خان کاکڑ کا ڈاکٹر حکیم لہڑی کی وفات پر گہرے رنج و غم کا اظہار

کوئٹہ (پ ر) سردار منظور احمد خان کاکڑ صدر آل کاکڑ قبائل فیڈریشن سیکرٹری جنرل بلوچستان یوتھ فرنٹ ممتاز قبائلی سیاسی و سماجی رہنما سندھ بلوچستان نے نامور بلوچ قوم پرست بزرگ سیاستدان اور سیاسی کارکن ڈاکٹر حکیم لہڑی کی وفات پر گہرے رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے اپنے ایک بیان میں کہا ڈاکٹر حکیم لہڑی بلوچستان کی سیاست کا ایک اہم نام تھے انہیں سردار عطااللہ مینگل کے قریبی ساتھیوں میں شمار کیا جاتا تھا انہوں نے کئی دہائیوں تک بلوچستان کے سیاسی حقوق خودمختاری اور قومی جدوجہد میں حصہ لیا ڈاکٹر حکیم لہڑی کی وفات بلوچ قومی سیاست اور جدوجہد کے لیے ایک بڑا نقصان ہے جس کا خلا طویل عرصے تک محسوس کیا جائیگا وہ بابائے بلوچستان میر غوث بخش بزنجو کے انتہائی قریبی ساتھی تھے ان کی شاندار خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا سردار منظور احمد خان کاکڑ نے سوگوار خاندان سے اظہار تعزیت کرتے ہوئے مرحوم کی بلندی درجات کے لیے خصوصی دعا کی۔

کوئٹہ میں غیر معیاری آٹے کی فروخت کیخلاف کریک ڈاؤن، 24 افراد گرفتار، 4 دکانیں سیل

کوئٹہ (آئی این پی) سوشل میڈیا پر غیر معیاری آٹے کی فروخت سے متعلق سامنے آنے والی خبر پر وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے سخت نوٹس لیتے ہوئے متعلقہ حکام کو غیر معیاری آٹے کے خلاف مؤثر کارروائی کی ہدایات جاری کیں۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان کے احکامات اور ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کی سخت ہدایات کی روشنی میں ضلعی انتظامیہ کوئٹہ اور بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی مشترکہ ٹیموں نے شہر کے مختلف علاقوں میں غیر معیاری گندم سے تیار کردہ آٹا فروخت کرنے والوں کے خلاف بھرپور کارروائیاں کیں۔ ان کارروائیوں کے دوران 24 افراد کو گرفتار کر کے جیل منتقل کیا گیا جبکہ 4 دکانیں سیل کر دی گئیں۔ متعدد دکانداروں کو سخت وارننگ بھی جاری کی گئی۔ یہ کارروائیاں سریاب روڈ، کواری روڈ، قندھاری بازار، مسجد روڈ، سٹی کے مختلف ڈیپارٹمنٹل اسٹورز، ایئرپورٹ روڈ، عالمو چوک، نواں کلی، بھوسہ منڈی اور سرکی روڈ سمیت مختلف علاقوں میں کی گئیں۔ کارروائیوں کی نگرانی اسسٹنٹ کمشنر (صدر) محمد یوسف ہاشمی، اسسٹنٹ کمشنر (سٹی) محمد امیر حمزہ اور اسسٹنٹ کمشنر (سریاب) کیپٹن (ر) کبیر مزاری نے بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی ٹیموں کے ہمراہ کی۔ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی نے واضح کیا کہ شہریوں کو معیاری اور محفوظ اشیائے خورونوش کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے غیر معیاری آٹا فروخت کرنے والوں کے خلاف کارروائیاں بلاامتیاز جاری رہیں گی۔

نصیرآباد: ڈیرہ مراد جمالی میں صفائی، خوبصورتی اور شہری سہولیات کی بہتری کیلئے جامع پلان مرتب کرنے کا فیصلہ

مرکزی شاہراہوں، بازاروں اور عوامی مقامات پر خصوصی صفائی، شجرکاری اور تجاوزات کے خاتمے کی ہدایت

نصیرآباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر نصیرآباد وریندر لعل کی زیر صدارت ڈیرہ مراد جمالی شہر میں صفائی ستھرائی، شہر کی خوبصورتی اور ضلع بھر میں شہری سہولیات میں مزید بہتری لانے کے لیے جامع پلان مرتب کرنے کے حوالے سے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں چیف آفیسر میونسپل کمیٹی ڈیرہ مراد جمالی اور چیف آفیسر ڈسٹرکٹ کونسل نصیرآباد نے شرکت کیا جلاس کے دوران ڈیرہ مراد جمالی شہر میں صفائی ستھرائی کی موجودہ صورتحال، مختلف علاقوں میں صفائی کے انتظامات، کچرے کی بروقت تلفی، سڑکوں اور شاہراہوں کی صفائی نکاسی آب کے نظام سرکاری وعوامی مقامات کی صفائی سمیت شہر کی مجموعی خوبصورتی کو مزید بہتر بنانے کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا ڈپٹی کمشنر وریندر لعل نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ شہر میں صفائی ستھرائی کے نظام کو مزید مؤثر بنایا جائے اور صفائی کے عملے کو اپنی ذمہ داریاں باقاعدگی سے انجام دینے کا پابند بنایا جائے انہوں نے کہا کہ شہر کے اہم مقامات، مرکزی شاہراہوں، بازاروں اور عوامی مقامات پر صفائی کے خصوصی انتظامات کیے جائیں تاکہ شہریوں کو صاف ستھرا اور بہتر ماحول فراہم کیا جاسکیانہوں نے مزید ہدایت کی کہ شہر کی خوبصورتی کے لیے گرین بیلٹس، سڑکوں کے اطراف صفائی، شجرکاری، تجاوزات کے خاتمے اور دیگر ضروری اقدامات کو بھی پلان میں شامل کیا جائے اس سلسلے میں میونسپل کمیٹی اور ڈسٹرکٹ کونسل باہمی رابطے کے ساتھ عملی اقدامات اٹھائیں اور صفائی وخوبصورتی کے منصوبے کو مرحلہ وار عملی جامہ پہنائیں ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ ڈیرہ مراد جمالی شہر سمیت ضلع بھر میں شہری سہولیات کی بہتری انتظامیہ کی ترجیحات میں شامل ہے، اس لیے تمام متعلقہ ادارے اپنی ذمہ داریاں مؤثر انداز میں ادا کریں اور عوام کو درپیش مسائل کے حل کے لیے عملی اقدامات یقینی بنائیں۔

گورنر شیخ جعفر خان مندوخیل سے بلوچستان کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن کا وفد ملاقات کر رہا ہے

کوئٹہ کے ہونہار سپوت حماد سرفراز نے متحدہ عرب امارات میں پاکستان کا نام روشن کر دیا

حماد سرفراز کو دبئی میں منعقدہ UAE Food Cluster کی شاندار تقریب میں انعام سے نوازا گیا

کوئٹہ (پ ر) حماد سرفراز کو دبئی میں منعقدہ UAE Food Cluster کی شاندار تقریب میں "Cluster Champion Award Ambassador 2026" سے نوازا گیا۔ یہ ایوارڈ انہیں UAE Food & Beverages Business Group کے چیئرمین جناب صالح عبداللہ لوتاہ کے دستِ مبارک سے دیا گیا۔ اس ایوارڈ کا بنیادی مقصد "Together Towards Food Resilience" کے ویژن کے تحت یو اے ای کی فوڈ سیکیورٹی میں نمایاں خدمات انجام دینے والوں کی حوصلہ افزائی کرنا ہے۔ یہ سوچ دراصل دبئی کے حاکم، عزت مآب شیخ محمد بن راشد المکتوم کے دور اندیش ویژن کا حصہ ہے، جس کا مقصد متحدہ عرب امارات کو خوراک کے تحفظ کے میدان میں دنیا کا سرِ فہرست ملک بنانا ہے۔ حماد سرفراز گزشتہ 10 سال سے الجزیرہ پولٹری فارم (Al Jazira Poultry Farm LLC) جو کہ یو اے ای کی سب سے بڑی پولٹری فارمز میں سے ایک ہے، میں سیلز منیجر کے طور پر اپنی خدمات سرانجام دے رہے ہیں۔ یو اے ای کی بڑی پولٹری فارمز میں ان کا مجموعی تجربہ تقریبا 18 سال پر محیط ہے۔ یہ امر قابل فخر ہے کہ پورے متحدہ عرب امارات میں پولٹری کے اس اہم اور حساس شعبے میں اس مینجمنٹ پوزیشن پر کام کرنے والے پاکستانی مینیجرز کی تعداد صرف دو یا تین ہے، اور ان میں سے واحد حماد سرفراز کو UAE Cluster Award 2026 کے لیے ایمبیسڈر کے طور پر منتخب کیا گیا جو کہ نہ صرف ان کی پیشہ ورانہ مہارت بلکہ ان کی قائدانہ صلاحیتوں کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ ایوارڈ حاصل کرنے کے بعد حماد سرفراز نے کہا کہ یہ کامیابی میرے والدین، میرے اساتذہ اور میرے وطن پاکستان کی دعاں کا نتیجہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ بیرون ملک رہ کر اپنے ملک کی مثبت نمائندگی کرنا ہی اصل کامیابی ہے۔ یاد رہے کہ اس تقریب میں دنیا بھر سے فوڈ انڈسٹری کے ماہرین نے شرکت کی تھی۔

کاشف حیدری کی قیادت میں وفد کی ایس ایچ او ہزارہ ٹان سے ملاقات

کوئٹہ (آئی این پی) مرکزی تنظیم تاجران بلوچستان کے ترجمان کاشف حیدری کی قیادت میں ہزارہ ٹاؤن کے تاجروں کے ایک وفد نے ایس ایچ او ہزارہ ٹان محمود خروٹی سے ملاقات کی، جس میں علاقے کی تاجر برادری کو درپیش مختلف مسائل، کاروباری مشکلات، امن و امان کی صورتحال اور تاجروں کے جان و مال کے تحفظ سے متعلق امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران تاجر رہنماں نے ایس ایچ او محمود خروٹی کو ہزارہ ٹان کے تاجروں کو درپیش مسائل اور مشکلات سے آگاہ کیا اور کہا کہ کاروباری سرگرمیوں کے فروغ کے لیے ضروری ہے کہ تاجروں کو ایک محفوظ، پرامن اور سازگار ماحول فراہم کیا جائے۔ انہوں نے مارکیٹوں اور تجارتی مراکز میں سکیورٹی کے انتظامات کو مزید مؤثر بنانے، تاجروں کے مسائل پر فوری توجہ دینے اور پولیس و تاجر برادری کے درمیان رابطے کو مزید مضبوط بنانے کی ضرورت پر زور دیا۔ اس موقع پر مرکزی تنظیم تاجران بلوچستان کے ترجمان کاشف حیدری نے کہا کہ تاجر برادری ملکی اور صوبائی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے، اس لیے تاجروں کو درپیش مسائل کا حل اور ان کے جان و مال کا تحفظ اولین ترجیحات میں شامل ہونا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ پولیس اور تاجر برادری کے درمیان باہمی تعاون اور موثر رابطے سے نہ صرف جرائم کی روک تھام میں مدد مل سکتی ہے بلکہ کاروباری سرگرمیوں کے لیے بھی بہتر ماحول پیدا کیا جا سکتا ہے۔ کاشف حیدری نے کہا کہ مرکزی تنظیم تاجران بلوچستان تاجروں کے مسائل کے حل کے لیے ہر متعلقہ فورم پر آواز بلند کرتی رہی ہے اور آئندہ بھی تاجر برادری کے جائز مسائل کے حل کے لیے اپنا کردار ادا کرتی رہے گی۔ انہوں نے اس امید کا اظہار کیا کہ ہزارہ ٹان میں تاجروں کو درپیش مسائل کے حل کے لیے پولیس انتظامیہ عملی اقدامات اٹھائے گی اور تاجروں کو درپیش مشکلات کے ازالے میں تعاون فراہم کیا جائے گا۔

ڈپٹی کمشنر سوراب کی زیرِ صدارت DCC اجلاس، امن و امان اور ترقیاتی منصوبوں کا جائزہ

سوراب (خ ن) حکومت بلوچستان کی ہدایت پر ڈپٹی کمشنر سوراب صاحبزادہ نجیب اللہ کی زیر صدارت (DCC) کا اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ایف سی بلوچستان 61 ونگ کمانڈر کرنل سید فخر رفیق طلحہ، ایس پی سوراب خورشید احمد بلوچ، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ریونیو) سلمان علی بلیدی، اسسٹنٹ کمشنر گدر عبدالجبار بلوچ سمیت تمام ضلعی محکموں کے افسران نے شرکت کی اجلاس میں امن و امان اور ترقیاتی منصوبوں کے حوالے سے ڈپٹی کمشنر کو تفصیلی بریفنگ دی گئی افسران نے منصوبوں کی موجودہ پیش رفت، تکمیل کی صورتحال اور نئی اسکیموں سے متعلق تفصیلات پیش کیں ڈپٹی کمشنر نے ترقیاتی منصوبوں کو بروقت اور معیار کے مطابق مکمل کرنے کی ہدایت کی، جبکہ ضلع میں امن و امان کی صورتحال کو مزید بہتر بنانے عوام کے جان و مال کے تحفظ اور مؤثر سکیورٹی اقدامات یقینی بنانے پر بھی زور دیا۔

وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی سے صوبائی وزیر میر عاصم کیلو اور صوبائی مشیر بابا غلام رسول عمرانی ملاقات کررہے ہیں

لیبر اینڈ مین پاور ڈیپارٹمنٹ اور برٹش کونسل کا خواتین کیلئے ڈیجیٹل و ہائی ٹیک سکلز کے فروغ پر اتفاق

محکمہ لیبر اینڈ مین پاور منصوبے کی کامل کامیابی اور فنی تعلیم کے شعبے میں مکمل تعاون فراہم کریگا۔ صالح محمد ناصر

کوئٹہ (پ ر) کوئٹہ برٹش کونسل کے زیرِ اہتمام اور یورپی یونین کے مالی تعاون سے جاری "TVET IV" پروگرام کے اعلیٰ سطحی وفد نے ٹیم لیڈر عاصمہ رحمان کی قیادت میں سیکرٹری لیبر اینڈ مین پاور بلوچستان صالح محمد ناصر سے اہم ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران بلوچستان میں خواتین کو جدید ڈیجیٹل اور ہائی ٹیک شعبوں میں عالمی معیار کی فنی و پیشہ ورانہ تربیت کی فراہمی، روزگار و خود روزگاری کے مواقع کی فراہمی اور مارکیٹ کی ضروریات سے ہم آہنگ ہنرمندی کے فروغ پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر پروجیکٹ کے تحت جاری سرگرمیوں، ادارہ جاتی استعداد کار میں اضافے اور متعلقہ شراکت داروں کے ساتھ تزویراتی تعاون کو مزید موثر اور پائیدار بنانے کے امکانات پر بھی گفتگو ہوئی۔ سیکرٹری لیبر اینڈ مین پاور صالح محمد ناصر نے صوبے میں خواتین کو معاشی طور پر بااختیار بنانے اور انہیں عصرِ حاضر کی جدید مہارتوں سے آراستہ کرنے کے لیے پروگرام کی کاوشوں کو شاندار الفاظ میں سراہا۔ انہوں نے یقین دہانی کرائی کہ محکمہ لیبر اینڈ مین پاور اس منصوبے کی کامل کامیابی اور فنی تعلیم کے شعبے میں پائیدار اصلاحات کے لیے تمام درکار سہولیات اور مکمل تعاون فراہم کرتا رہے گا۔

بلوچستان فوڈ اتھارٹی کا کوئٹہ اور ڈیرہ مراد جمالی میں کریک ڈاؤن

9 فوڈ یونٹس پر جرمانے، 8 کو اصلاحی نوٹسز، گودام اور جوس مینوفیکچرنگ یونٹ سر بمہر

کوئٹہ (خ ن) ناقص اور غیر معیاری خوراک کے مکمل خاتمے و عوام کو محفوظ خوراک کی فراہمی یقینی بنانے کیلئے بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی صوبہ بھر میں کارروائیاں جاری ہیں۔ صوبائی وزیر و چیئرمین بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی ہدایات پر کوئٹہ اور ڈیرہ مراد جمالی میں مختلف فوڈ بزنسز کے خلاف کارروائیوں کے دوران مجموعی طور پر 9 یونٹس پر جرمانے عائد کیے گئے، 8 کو اصلاحی نوٹسز جاری جبکہ ایک گودام اور ایک جوس مینوفیکچرنگ یونٹ کو سیل کیا گیا۔ ترجمان بی ایف اے کے مطابق کوئٹہ اسپنی روڈ، سی پیک روڈ اور ریلوے سوسائٹی کے علاقوں میں بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی فوڈ سیفٹی ٹیموں نے مختلف بیکنگ یونٹس، ہوٹلز، ڈیپارٹمنٹل اسٹورز، جوس سینٹرز اور دیگر فوڈ پوائنٹس کا معائنہ کیا۔ اس دوران سنگین خلاف ورزیوں پر دو یونٹس سر بمہر کیے گئے جبکہ ایک فوڈ پوائنٹ پر جرمانہ عائد کیا گیا۔ کارروائی کے دوران سیل کیے گئے جوس مینوفیکچرنگ یونٹ میں پروڈکٹ رجسٹریشن اور لیبارٹری رپورٹس کی عدم موجودگی، ناقص اسٹوریج، پروسیسنگ ایریا میں واش روم کی موجودگی اور ورکرز کا حفاظتی لباس کے بغیر کام کرنا سامنے آیا، جس پر فوری کارروائی عمل میں لائی گئی۔ اسی طرح مصنوعات کی لیبارٹری رپورٹس اور ٹریس ایبلٹی ریکارڈز کی عدم دستیابی، جبکہ جوسز پر تاریخ تیاری اور تاریخ تنسیخ کی ڈبل پیچنگ جیسی خلاف ورزیوں پر ایک گودام کو سر بمہر کیا گیا۔ علاوہ ازیں فوڈ کارنرز کے معائنے کے دوران ناقص صفائی، غیر معیاری اسٹوریج، ریٹیڈ آئل کے استعمال، نامناسب ریفریجریشن، درجہ حرارت کنٹرول کے مؤثر نظام کی عدم موجودگی اور بی ایف اے لائسنس نہ ہونے پر بھی کارروائی کی گئی۔ ڈائریکٹر جنرل بلوچستان فوڈ اتھارٹی حبیب اللہ خان کا اس سلسلے میں کہنا ہے کہ غیر رجسٹرڈ مصنوعات، ناقص صفائی، غیر محفوظ اسٹوریج اور فوڈ سیفٹی اصولوں کی خلاف ورزی کسی صورت قابلِ قبول نہیں۔ عوام کو محفوظ اور معیاری خوراک کی فراہمی بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی اولین ترجیح ہے اور اس مقصد کے حصول کے لیے قوانین اور بی ایف اے کے مقررہ ایس او پیز پر عمل درآمد یقینی بنایا جا رہا ہے۔ انہوں نے فوڈ بزنس آپریٹرز پر زور دیا کہ وہ حفظانِ صحت کے اصولوں، صفائی، مناسب اسٹوریج، درجہ حرارت کے کنٹرول اور مصنوعات کی رجسٹریشن سے متعلق تمام قانونی تقاضوں پر سختی سے عمل کریں۔ ڈی جی بی ایف اے نے واضح کیا کہ فوڈ سیفٹی قوانین اور بی ایف اے ایس او پیز کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی تاکہ عوام کو معیاری، محفوظ اور صحت بخش خوراک کی فراہمی یقینی بنائی جاسکے۔

بقیہ 01

مطابق ادارے کے عملے نے پاکستان کے لیے 2026 کا چوتھا مشاورتی جائزہ مکمل کرلیا ہے۔ اس کے علاوہ 37 ماہ کی ایکسٹینڈڈ فنڈ فسیلٹی اور 28 ماہ کی ریزیلینس اینڈ سسٹین ایبلٹی فسیلٹی کے تحت بھی اسٹاف لیول معاہدہ طے پایا ہے۔ اعلامیے کے مطابق معاہدہ آئی ایم ایف کے ایگزیکٹو بورڈ کی حتمی منظوری سے مشروط ہے۔ منظوری کی صورت میں پاکستان کو ایکسٹینڈڈ فنڈ فسیلٹی کے تحت تقریبا ایک ارب ڈالر جبکہ ریزیلینس اینڈ سسٹین ایبلٹی فسیلٹی کے تحت تقریبا 21 کروڑ ڈالر دستیاب ہوں گے۔ آئی ایم ایف کا کہنا ہے کہ پاکستان نے مشرق وسطی کے تنازع کے اثرات سے نمٹنے کے ساتھ مجموعی معاشی استحکام برقرار رکھا۔ خودمختار کریڈٹ ریٹنگ میں بہتری اور عالمی مالیاتی منڈیوں تک پاکستان کی دوبارہ رسائی کو ادارے نے ملکی پالیسیوں پر بڑھتے ہوئے اعتماد کی علامت قرار دیا ہے۔ تاہم آئی ایم ایف نے خبردار کیا ہے کہ جغرافیائی سیاسی کشیدگی، توانائی کی قیمتوں میں اتار چڑھاؤ، عالمی مالیاتی حالات میں سختی اور تجارت میں رکاوٹیں پاکستان کی معیشت کے لیے بدستور اہم خطرات ہیں۔

بقیہ 02

قانون سازی میں حکومت کی حمایت کرے گی۔

بقیہ 03

کرے گی تاکہ وہ اپنے علاقوں میں یا ملک کے کسی بھی حصے میں باعزت کاروبار شروع کرسکیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعرات کو وزیر اعلیٰ سیکرٹریٹ کوئٹہ میں محکمہ صنعت و تجارت حکومت بلوچستان اور بلوچستان رورل سپورٹ پروگرام کے زیر اہتمام حکومت بلوچستان کے فنڈڈ ریزیلینس، انٹیگریشن اینڈ سوشیو اکنامک ایمپاورمنٹ پروگرام کے تحت ضلع کیچ، گوادر، پنجگور اور خاران سے تعلق رکھنے والے فنی و پیشہ ورانہ تعلیم کے تربیت یافتہ گریجویٹس میں اسناد تقسیم کرنے کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ وزیر اعلیٰ نے تقریب میں تربیت مکمل کرنے والی خواتین اور طالبات میں اسناد بھی تقسیم کیں۔ اس موقع پر صوبائی وزراء، مشیران، پارلیمانی سیکرٹریز، اراکین صوبائی اسمبلی، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، بی آر ایس پی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر طاہر رشید اور دیگر متعلقہ حکام بھی موجود تھے۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ آج کی تقریب دراصل ان نوجوان خواتین کی حوصلہ افزائی اور اعتراف کا موقع ہے جنہوں نے اپنے گھروں سے نکل کر ہنر حاصل کیا اور تربیت مکمل کرکے ایک نئے سفر کا آغاز کیا ہے۔ ان کے لیے یہ ایک اہم لمحہ ہے کیونکہ جب موجودہ حکومت نے ذمہ داریاں سنبھالیں تو ایک بڑا چیلنج حکومت اور نوجوانوں کے درمیان موجود فاصلے کو کم کرنا تھا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت، کابینہ اور صوبائی اسمبلی کے اراکین نے محسوس کیا کہ نوجوان نسل اور ریاست کے درمیان ایک خلا پیدا ہو چکا ہے، خاص طور پر ریاست کے ساتھ نوجوانوں کی وابستگی میں کمی ایک اہم چیلنج تھی۔ تشدد کو وہ بنیادی چیلنج نہیں سمجھتے، اصل چیلنج نوجوانوں کو ریاست پاکستان کے ساتھ دوبارہ جوڑنا ہے اور اس مقصد کے لیے عملی اقدامات ناگزیر ہیں۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ حکومت بلوچستان نے بلوچستان رورل سپورٹ پروگرام کو اس مقصد کے لیے اپنے ساتھ شامل کیا تاکہ ریاست، حکومت اور نوجوانوں کے درمیان ایک پل کا کردار ادا کیا جاسکے اور پروگرام کے شفاف نفاذ کو یقینی بنایا جاسکے۔ اگر حکومت براہ راست اس نوعیت کے منصوبے شروع کرتی تو سرکاری طریقہ کار کے باعث تاخیر اور دیگر انتظامی مسائل پیدا ہوسکتے تھے، اس لیے بی آر ایس پی جیسے ادارے کے ذریعے نوجوانوں کو تربیت، رہنمائی اور عملی معاونت فراہم کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ انہوں نے واضح کیا کہ یہ پروگرام صرف تربیت اور سرٹیفکیٹ تک محدود نہیں بلکہ نوجوانوں کو ہنر کے بعد کاروبار شروع کرنے کے قابل بنانا اس پروگرام کا بنیادی مقصد ہے۔ بی آر ایس پی حکومت بلوچستان کے تعاون سے تربیت مکمل کرنے والوں کی مسلسل رہنمائی کرے گا، نجی شعبے کی مہارت سے فائدہ اٹھاتے ہوئے انہیں کاروباری سرگرمیوں کے لیے تیار کیا جائے گا اور حکومت کئی سال تک ان کی معاونت جاری رکھے گی تاکہ وہ اپنے پیروں پر کھڑی ہوسکیں۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ حکومت بلوچستان کی کوشش ہے کہ تربیت یافتہ نوجوان خواتین اور مرد نہ صرف خود روزگار حاصل کریں بلکہ مستقبل میں اپنے خاندانوں اور دیگر نوجوانوں کو بھی ساتھ لے کر آگے بڑھیں۔ انہوں نے کہا کہ آج کا دن تربیت مکمل کرنے والوں کے سفر کا اختتام نہیں بلکہ نئے سفر کا آغاز ہے، حکومت بلوچستان انہیں اس مقام تک پہنچانے کے لیے ان کا ہاتھ تھامے رکھے گی جہاں وہ اپنے پیروں پر کھڑی ہوسکیں۔ انہوں نے سرحدی اضلاع کے نوجوانوں کے لیے حکومت کے روزگار پروگرام کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ حکومت نے یہ سوچ کر پروگرام شروع کیا کہ غیر قانونی سرگرمیوں سے وابستہ معیشت کے بجائے نوجوانوں کو قانونی روزگار اور کاروبار کے مواقع فراہم کیے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ زمباد اور اسمگلنگ نوجوانوں کا مستقبل نہیں ہوسکتے، نوجوانوں کو قانونی معیشت کا حصہ بنانا حکومت کی ذمہ داری ہے۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان کی بچیوں کو تشدد کی طرف لے جانے، انہیں خودکش جیکٹس پہنانے اور ریاست مخالف سرگرمیوں کے لیے استعمال کرنے کی کوششیں نہ معاشرے کی روایات سے مطابقت رکھتی ہیں، نہ اسلام اور نہ ہی انسانی اقدار اس کی اجازت دیتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ریاست مخالف پروپیگنڈے کے ذریعے نوجوانوں کو ریاست سے دور کرنے کی کوششوں کا مقابلہ تعلیم، ہنرمندی، روزگار اور مواقع فراہم کرکے کیا جاسکتا ہے۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ حکومت بلوچستان نے فیصلہ کیا ہے کہ غیر قانونی دائرے کو محدود کرنے کے ساتھ نوجوانوں کے لیے قانونی دائرے میں ایسے مواقع پیدا کیے جائیں جن کے ذریعے وہ اپنے ہنر کو بروئے کار لا کر کاروبار اور روزگار حاصل کرسکیں۔ اس مقصد کے لیے تربیت، سازگار ماحول، مالی معاونت اور بلاسود قرضوں پر مشتمل ایک جامع پیکیج متعارف کرایا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی خواتین ان کے لیے خصوصی ترجیح رکھتی ہیں اور انہیں یقین ہے کہ صوبے کی بچیوں میں بے پناہ صلاحیتیں موجود ہیں۔ معاشرہ اس وقت حقیقی معنوں میں ترقی کرے گا جب خواتین معاشی اور سماجی میدان میں آگے بڑھیں گی۔ انہوں نے کہا کہ بنگلہ دیش کی مثال ہمارے سامنے ہے کہ خواتین کی معاشی شمولیت نے وہاں کی معیشت کو آگے بڑھانے میں اہم کردار ادا کیا میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ جب بلوچستان کی خواتین آگے بڑھیں گی تو وہ اپنے بھائیوں، شوہروں اور بچوں کو بھی ترقی اور مثبت سرگرمیوں کی طرف لے جائیں گی۔ حکومت اسی وژن کے تحت خواتین کو بااختیار بنانے کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ تربیت مکمل کرنے والی خواتین کو وزیر اعلیٰ سیکرٹریٹ میں مدعو کرنا بھی اسی عزم کا اظہار ہے تاکہ خواتین کو بااختیار بنانے کے حکومتی وژن کو عملی طور پر نمایاں کیا جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان حکومت صحت کے شعبے میں بھی جدید اور ڈیجیٹل نظام متعارف کرا رہی ہے اور صوبے میں ڈیجیٹل صحت کے اقدامات کو عالمی سطح پر پذیرائی حاصل ہورہی ہے۔ صوبائی وزیر صحت کو سری لنکا میں عالمی کانفرنس میں بطور مہمان خصوصی مدعو کیا گیا جبکہ اب ناروے میں بھی انہیں مدعو کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ بلوچستان حکومت کی جانب سے نوجوانوں کو مواقع فراہم کرنے کی پالیسی کا حصہ ہے اور نوجوانوں کو ان مواقع سے بھرپور فائدہ اٹھانا چاہیے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ حکومت بلوچستان کا مقصد نوجوانوں کو ہنرمند، کاروباری اور باعزت شہری بنانا ہے۔ غیر قانونی سرگرمیوں کو چھوڑ کر قانونی دائرے میں آگے بڑھنا وقت کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نے سرحدی اضلاع سے اس پروگرام کا آغاز کیا کیونکہ یہ تاثر دیا جاتا رہا کہ وہاں نوجوانوں کے پاس روزگار کے مواقع نہیں، اس لیے وہ اسمگلنگ کی طرف چلے جاتے ہیں۔ حکومت نے اس سوچ کا عملی جواب دیا ہے اور نوجوانوں کو متبادل مواقع فراہم کیے جا رہے ہیں انہوں نے کہا کہ سرحدی اضلاع کی ان بچیوں نے اپنے گھروں سے نکل کر تربیت حاصل کی ہے، جو آسان فیصلہ نہیں تھا۔ انہوں نے کہا کہ قبائلی معاشرے سے تعلق رکھنے کے باعث وہ بخوبی سمجھتے ہیں کہ بچیوں کو گھر سے نکل کر تربیت اور روزگار کے لیے آگے آنے میں کن مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ان کے لیے یہ باعث فخر ہے کہ بلوچستان کی بچیاں ان مشکلات کے باوجود آگے بڑھ رہی ہیں میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ حکومت بلوچستان نوجوانوں کے لیے اس پروگرام کو صرف سرحدی اضلاع تک محدود نہیں رکھے گی بلکہ اسے پورے صوبے تک وسعت دی جائے گی۔ نوجوانوں اور ریاست کے درمیان موجود فاصلے کو مکالمے، بااختیار بنانے، روزگار، ملازمتوں کے مواقع اور میرٹ کی بالادستی کے ذریعے کم کیا جائے گا انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں 15 ہزار سے زائد اساتذہ بھرتی کیے گئے ہیں اور حکومت نے میرٹ کو بنیادی اصول بنایا ہے۔ انہوں نے میڈیا اور عوام سے کہا کہ اگر کسی بھرتی میں میرٹ کی خلاف ورزی ہوئی ہے تو اس کی نشاندہی کی جائے۔ حکومت احتساب کے لیے تیار ہے اور میرٹ کی بالادستی کے بغیر معاشرہ ترقی نہیں کرسکتا وزیر اعلیٰ نے کہا کہ کرپشن کے خلاف مہم بھی بھرپور انداز میں جاری ہے، کیونکہ جب تک معاشرے کو کرپشن کی لعنت سے نجات نہیں ملتی اور میرٹ کو فروغ نہیں دیا جاتا، ترقی کا سفر مکمل نہیں ہوسکتا انہوں نے جناح پیپلز ٹرین کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ حکومت نے عوام کے لیے پچاس روپے کے کرائے میں جدید سفری سہولت فراہم کی ہے تاکہ مزدور، طلبہ، خواتین اور عام شہری باعزت انداز میں سفر کرسکیں، تاہم افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ ٹرین پر پتھراؤ، نشستوں کو نقصان پہنچانے اور اس کے پرزے چوری کرنے کے واقعات سامنے آئے ہیں۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ جناح پیپلز ٹرین عوام کے لیے ہے، نہ کہ وزیر اعلیٰ، چیف سیکرٹری یا کابینہ کے اراکین کے لیے۔ انہوں نے شہریوں پر زور دیا کہ وہ اپنی سہولیات کی حفاظت خود کریں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نے عوام کو جدید سفری سہولت فراہم کی ہے اور شہریوں کی بھی ذمہ داری ہے کہ وہ سرکاری املاک کی حفاظت کریں۔ انہوں نے کہا کہ پنک بسوں اور گرین بسوں کی سروسز کو بھی بلوچستان کے دیگر علاقوں تک وسعت دی جارہی ہے۔ تربت میں گرین بس سروس کے لیے عوامی استعمال کی شرح حوصلہ افزا ہے اور چار بسوں سے شروع ہونے والی سروس کو مزید بڑھایا جائے گا۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ حکومت بلوچستان نوجوانوں کو صرف روزگار ہی نہیں بلکہ اعلیٰ تعلیم کے مواقع بھی فراہم کر رہی ہے۔

بقیہ 04

تجارت، سرمایہ کاری، توانائی اور افرادی قوت کی استعداد کار میں اضافے سمیت مختلف شعبوں میں تعاون بڑھانے کے عزم کا اعادہ کیا۔ وزیراعظم آفس سے جاری اعلامیے کے مطابق بحرین کے وزیر خارجہ ڈاکٹر عبداللطیف بن راشد الزیانی نے آج وزیراعظم محمد شہباز شریف سے ملاقات کی، وہ پاکستان کے نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ کے ہمراہ پاکستان اور بحرین کے درمیان مشترکہ وزارتی کمیشن (جے ایم سی) کے تیسرے اجلاس کی مشترکہ صدارت کے لیے پاکستان آئے ہیں۔ وزیراعظم نے بحرینی وزیر خارجہ کا خیرمقدم کیا اور بحرین کی قیادت اور عوام کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا اور انہوں نے پاکستان اور بحرین کے درمیان دیرینہ اور برادرانہ تعلقات کو سراہتے ہوئے کہا کہ دونوں ممالک کے تعلقات مشترکہ اقدار، باہمی اعتماد اور عوامی روابط پر قائم ہیں۔

بقیہ 05

مذموم عزائم میں کامیاب نہیں ہونے دیں گے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے شمالی وزیرستان میں فتنہ الخوارج کے خلاف کامیاب کارروائی پر سیکیورٹی فورسز کے افسران و اہلکاروں کی پذیرائی کی اور کارروائی میں فتنہ الخوارج کے 4 اہم کمانڈرز سمیت 9 دہشتگرد ہلاک کرنے پر افسران و اہلکاروں کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو سراہا۔ وزیراعظم نے کہا کہ شمالی وزیرستان کے علاقوں پلنگ زئی، ندیم کوٹ اور کوٹ خضری میں فتنہ الخوارج کے خلاف موثر کارروائیاں کی گئیں، فتنہ الخوارج کے خلاف سیکورٹی فورسز کی کامیاب کارروائیاں دہشتگردی کے مکمل خاتمے کے لیے پاکستان کے غیر متزلزل عزم کی عکاس ہیں۔

بقیہ 06

موجود ہے جبکہ امریکی محکمہ دفاع نے مبینہ طور پر متعلقہ فوجی کمانڈ کو تیاری مکمل رکھنے کی ہدایت کردی ہے۔ امریکی نیوز ویب سائٹ ایگزیوس کی رپورٹ کے مطابق پینٹاگون نے سینٹرل کمانڈ کو ممکنہ کارروائی کے لیے تیاریاں مکمل کرنے کا حکم دیا ہے۔ امریکا میں مڈٹرم انتخابات 3 نومبر کو ہونے ہیں اور امریکی میڈیا کی رپورٹ میں دعویٰ کیا گیا ہے کہ ایران کے خلاف ممکنہ فوجی کارروائی اس تاریخ سے پہلے کی جاسکتی ہے۔ رپورٹ کے مطابق امریکی اور اسرائیلی ذرائع نے بھی امکان ظاہر کیا ہے کہ ایران پر حملہ نومبر سے قبل ہوسکتا ہے۔ تاہم ذرائع نے ساتھ ہی واضح کیا کہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے تاحال ایران کے خلاف حملے کا حتمی فیصلہ نہیں کیا۔ رپورٹ میں ممکنہ کارروائی کے حجم، نوعیت یا اہداف کے بارے میں حتمی تفصیلات فراہم نہیں کی گئیں۔ اس لیے فی الحال ایران پر بڑے حملے کی اطلاعات کو امریکی میڈیا اور ذرائع کے دعوے کے طور پر دیکھا جارہا ہے، نہ کہ کسی طے شدہ فوجی آپریشن کے طور پر۔ اگر یہ کارروائی ہوتی ہے تو اس کے امریکا، ایران اور پورے مشرق وسطیٰ کی سیکیورٹی صورتحال پر بڑے اثرات مرتب ہوسکتے ہیں، تاہم موجودہ اطلاعات کے مطابق واشنگٹن کی جانب سے حملے کے حوالے سے کوئی حتمی اعلان نہیں کیا گیا۔

بقیہ 07

میں ملنے والے وفد اور عوامی جرگے سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ لانگ مارچ کو جاری رہنا چاہیے جب تک فارم 47 کی جعلی حکومت ہمارے تمام جائز مطالبات کو نہیں مانتی انہوں نے کہا کہ ظلم و جبر کا نظام اب مزید برداشت نہیں کرینگے ہم بندوق اور لاٹھی کے زور پر اقتدار حاصل کرنے پر یقین نہیں رکھتے پرامن احتجاج ہمارا آئینی اور قانونی حق ہے جس سے کبھی دستبردار نہیں ہونگے انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ ن کے صدر میاں نواز شریف سے مری میں ملنے کو تیار ہوں ملک میں آئین کی بالادستی اور عوام کے منتخب پارلیمنٹ کو فیصلہ سازی کا حق دیا جائے 8 فروری دو ہزار چوبیس کے جنرل الیکشن کے نتائج ہمیں قبول نہیں ہے ہم طاقت کا سرچشمہ عوام کو سمجھتے ہیں ملک میں آقا اور غلام کی تفریق نے بگاڑ اور تقسیم پیدا کردی ہے پاکستان ایک فیڈریشن ہے تمام اکائیوں کے حقوق کا احترام کیا جائے اور قدرتی وسائل پر انکو مکمل اختیار دیا جائے

بقیہ 08

جس دوران باہمی دلچسپی کے امور، علاقائی سیکیورٹی صورتحال اور پاکستان بحرین دفاعی و سیکیورٹی تعاون پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق جی ایچ کیو راولپنڈی میں ہونے والی ملاقات میں فیلڈ مارشل نے پاکستان اور بحرین کے درمیان دیرینہ برادرانہ تعلقات کو اجاگر کیا اور دفاع اور سیکیورٹی سمیت مختلف شعبوں میں دوطرفہ تعاون مزید مضبوط بنانے کے پاکستان کے عزم کا اعادہ کیا۔ فیلڈ مارشل کا کہنا تھا کہ دونوں ممالک کے تعلقات مشترکہ اقدار اور باہمی احترام پر استوار ہیں۔ بحرین کے وزیر خارجہ نے پاکستان کی مسلح افواج کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور آپریشنل تیاری کو سراہا۔ بحرینی وزیر خارجہ نے دوطرفہ تعاون مزید بڑھانے کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے علاقائی امن اور استحکام کے لیے پاکستان کی خدمات کا بھی اعتراف کیا۔

بقیہ 09

سے دلی ہمدردی اور یکجہتی کا اظہار کیا ہے۔ سینیٹ سیکرٹریٹ کے مطابق 8 اکتوبر 2005 کے زلزلہ متاثرین کی 21ویں برسی کے موقع پر اپنے پیغام میں چیئرمین سینیٹ نے زلزلہ شہدا کے درجات کی بلندی اور سوگوار خاندانوں کے لئے صبرِ جمیل کی دعا کی۔ چیئرمین سینیٹ نے پاک فوج، ریسکیو اداروں، رضا کاروں اور امدادی کارکنوں کی خدمات کو بھی خراجِ تحسین پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ 2005 کے زلزلے کے تجربے سے قدرتی آفات سے نمٹنے کے لئے اہم اسباق حاصل ہوئے، قدرتی آفات کو روکا نہیں جا سکتا تاہم بروقت وارننگ، مؤثر ادارہ جاتی رابطے، بہتر ہنگامی ردعمل اور مضبوط ڈیزاسٹر مینجمنٹ کے ذریعے جانی و مالی نقصانات کو کم کیا جا سکتا ہے۔ سید یوسف رضا گیلانی نے کہا کہ مشکل کی ہر گھڑی میں قومی یکجہتی، باہمی تعاون اور اجتماعی ذمہ داری کے جذبے کو برقرار رکھنا ہوگا۔

بقیہ 10

پیٹرولیم علی پرویز نے کہا کہ علاقائی کشیدگی کے باعث تیل سپلائی کا بحران ہے، کشیدگی سے پیٹرول ڈیزل اور خام تیل کی سپلائی متاثر ہوئی، دنیا کی تاریخ میں ڈیزل اتنا مہنگا کبھی نہیں ہوا، ہمیں معلوم ہے احساس بھی ہے کہ عوام تکلیف میں ہیں۔ رکن کمیٹی سید نوید قمر نے کہا کہ پیٹرولیم لیوی نان ٹیکس ریونیو ہے، پیٹرولیم لیوی پر پارلیمنٹیرینز کا ووٹ نہیں ہے، پیٹرولیم لیوی ایگزیکٹو کے ہاتھ میں ہے۔ وزیر پیٹرولیم نے جواب دیا کہ پیٹرولیم لیوی کے اہداف بجٹ میں مختص ہیں، ملٹی لیٹرل پارٹنرز کے بغیر لیوی کے ہدف میں تبدیلی نہیں کرسکتے، ہم نے کچھ نہیں چھپایا ہر چیز اوگرا کی ویب سائٹ پر موجود ہے، پیٹرولیم لیوی 80 روپے کی حد تک وصول کی جارہی۔ رکن کمیٹی معین عامر پیرزادہ نے مطالبہ کیا کہ عوام تنگ ہیں تیل کی قیمتوں پر غور کیا جائے۔ وزیر پیٹرولیم نے جواب دیا کہ ہمیں عوام کی تکلیف کا احساس ہے، جو قیمت بنتی ہے عوام کو صاف شفاف انداز میں منتقل ہو رہی، پانچ میں سے چار ریفائنریوں کے ساتھ یورو فائیو فیول تیار کرنے کے معاہدے ہو چکے، ایک ریفائنری کے ساتھ ابھی معاہدے پر بات چیت جاری ہے، مقامی ریفائنریاں اپ گریڈیشن کے بعد یورو فائیو معیار کا پٹرول اور ڈیزل بنائیں گی۔

بقیہ 11

وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا کہ پاکستان دہشتگردی کے خلاف عالمی جنگ لڑ رہا ہے، افغانستان میں اس وقت 25 دہشتگرد تنظیمیں کام کررہی ہیں، جو دنیا کے امن کیلئے بڑا خطرہ ہیں، عالمی برادری کو اس خطرے سے نمٹنے کیلئے ملکر کام کرنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اقوام متحدہ کے امن مشنز میں اپنا بھرپور کردار جاری رکھے گا، پاکستانی پولیس کے افسران اور اہلکار اقوام متحدہ پولیس میں بھی خدمات سرانجام دے رہے ہیں، پاکستان نے امن مشنز میں 181 جانوں کا نذرانہ پیش کیا ہے۔ سیکرٹری جنرل اقوام متحدہ انتونیو گوتریس کا کہنا تھا کہ پاکستان کی اقوام متحدہ کے امن مشنز میں شرکت ہمیشہ نمایاں رہی ہے، دنیا کے امن کیلئے پاکستان کا کردار قابلِ ستائش ہے۔ وزیر داخلہ نے قدرتی آفات کے دوران پاکستان کی بھرپور امداد پر جنرل سیکرٹری اقوام متحدہ کا شکریہ ادا کیا۔

بقیہ 12

کرتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ اقتدار افغان عوام کے حوالے کیا جائے، افغانستان میں تبدیلی ناگزیر ہے اور بہت قریب ہے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق گلبدین حکمت یار نے اپنے حامیوں سے آن لائن خطاب کے دوران کہا کہ افغان عوام کو اپنے منتخب نمائندوں کے ذریعے ملک کے مستقبل کے سیاسی نظام اور حکومت کا فیصلہ کرنا چاہیے۔ اقتدار افغان عوام کو منتقل ہونا چاہیے تاکہ عوام ایک کونسل منتخب کرسکیں اور ملک کے مستقبل کے سیاسی نظام اور حکومت کا فیصلہ کر سکیں۔ گلبدین حکمت یار کا کہنا تھا کہ ملکی اور خارجہ پالیسی، بجٹ، جنگ اور امن سے متعلق فیصلے منتخب اداروں کے ذریعے کئے جانے چاہئیں، عوام کی مرضی ہر آنے والے سیاسی نظام کی بنیاد ہونی چاہیے۔ ان کا کہنا تھا کہ طالبان کو جنگ اور امن میں سے کسی ایک راستے کا انتخاب کرنا ہوگا، افغانستان میں تبدیلی ناگزیر ہے اور بہت قریب ہے، جس طرح سوویت یونین اور امریکا کی حمایت سے قائم ہونے والی حکومتیں زیادہ عرصے تک قائم نہیں رہ سکیں اسی طرح طالبان کی حکومت بھی برقرار نہیں رہ سکے گی۔ سابق افغان وزیراعظم کا کہنا تھا کہ طالبان کی حکومت سیاسی طور پر تنہائی کا شکار ہے اور اپنے دعوں کے برعکس خطے اور دنیا میں اس کے حقیقی اور مستقل اتحادی موجود نہیں ہیں، جو ممالک پہلے طالبان کی حمایت کرتے تھے، اب وہ بھی ان کے ساتھ مکمل طور پر ہم آہنگ نہیں ہیں اور کوئی بھی ملک طالبان کو مکمل حمایت فراہم نہیں کر رہا۔ افغان طالبان کو مخاطب کرتے ہوئے گلبدین حکمت یار نے کہا کہ جب آپ کہتے ہیں کہ افغانستان میں مخالفین کے لیے کوئی جگہ نہیں تو پھر آپ کیلئے بھی جگہ نہیں ہونی چاہیے، کیونکہ آپ اب دوسروں کو برداشت نہیں کرسکتے۔ انہوں نے مزید کہا کہ طالبان کی حکومت کے دوران افغان عوام بے روزگاری، بدامنی اور غربت سمیت مختلف سنگین مسائل کا سامنا کر رہے ہیں۔

بقیہ 13

گیا ہے، معاہدے کے لیے حکومت نے فیول سبسڈی اسکیم کو فوری طور پر ختم کرنے پر رضامندی ظاہر کردی، معاہدے کے تحت پاکستان نے سماجی و صحت کے شعبے کے اخراجات میں بہتری لانے اور سرکاری اداروں کی کارکردگی اور گورننس کو بہتر بنانے کی بھی یقین دہانی کروائی ہے۔ ایکسپریس ٹریبیون سے منسلک صحافی شہباز رانا کی رپورٹ کے مطابق آئی ایم ایف مشن کی سربراہ آئیوا پیٹرووا کی قیادت میں یہ مذاکرات 23 ستمبر سے 7 اکتوبر 2026 تک کراچی اور اسلام آباد میں منعقد ہوئے، جن میں 2026 کے آرٹیکل فور، ایکسٹینڈڈ فنڈ سہولت کے چوتھے اور ریسیلینس اینڈ سسٹین ایبلٹی سہولت کے تیسرے جائزے پر بات چیت کی گئی۔ مذاکرات کے اختتام پر جاری کردہ بیان میں آئیوا پیٹرووا نے واضح کیا کہ زیادہ لاگت اور غیر ہدف شدہ ہونے کی وجہ سے فیول سپورٹ اسکیم کو فوری طور پر بند کیا جانا چاہیے۔

بقیہ 14

چوتھے اور ریزیلیئنس اینڈ سسٹین ایبلٹی فسیلٹی (آر ایس ایف) کے تیسرے جائزے پر اسٹاف سطح کا معاہدہ پاکستان کے معاشی استحکام اور اصلاحات کے سفر میں اہم پیش رفت ہے۔ جمعرات کو یہاں جاری بیان میں انہوں نے کہا کہ معاہدے سے تقریبا 1.2 ارب ڈالر کی اضافی فنانسنگ کی راہ ہموار ہوئی ہے، خرم شہزاد نے کہا کہ آئی ایم ایف کے جائزے کے مطابق مشکل بیرونی ماحول کے باوجود پروگرام پر عملدرآمد مجموعی طور پر درست سمت میں جاری رہا، مضبوط پالیسیوں کے باعث معاشی استحکام برقرار رکھنے میں مدد ملی، جس میں مشرق وسطی کے تنازع کے اثرات سے نمٹنا بھی شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ ستمبر 2026 کے اختتام تک پاکستان کے زرمبادلہ کے ذخائر تقریبا 21.5 ارب ڈالر تک پہنچ گئے جبکہ مالی سال 26-2025 کے دوران ترسیلات زر کی مضبوط آمد کے باعث کرنٹ اکاؤنٹ مجموعی طور پر متوازن رہا۔ مشیر خزانہ نے کہا کہ آئی ایف نے قرار دیا ہے کہ خودمختار کریڈٹ ریٹنگ میں بہتری اور عالمی کیپٹل مارکیٹ تک دوبارہ رسائی بھی پاکستان کی پالیسی ساکھ میں اضافے کی عکاسی کرتی ہے۔ صحت اور تعلیم کے شعبوں میں اخراجات مالی سال 24-2023 کے دوران جی ڈی پی کے 2.2 فیصد سے بڑھ کر مالی سال 26-2025 میں 2.5 فیصد ہوگئے ہیں، جبکہ مالی سال 27-2026 میں ان اخراجات میں مزید اضافے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ خرم شہزاد نے کہا کہ ڈھانچہ جاتی اصلاحات کے حوالے سے بھی پیش رفت جاری ہے۔ پبلک فنانشل مینجمنٹ کے شعبے میں بجٹ سازی، سرکاری سرمایہ کاری، خریداری کے عمل اور حکومتی نقدی کے انتظام کی کارکردگی اور شفافیت بہتر بنانے کے اقدامات کیے جارہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ محصولات کے انتظام میں رسک بیسڈ آڈٹ، ڈیجیٹل انوائسنگ اور تھرڈ پارٹی ڈیٹا کے زیادہ استعمال پر پیش رفت جاری ہے، جبکہ توانائی کے شعبے میں مالی استحکام بہتر بنانے، اخراجات اور نقصانات کم کرنے، نجی شعبے کی شرکت بڑھانے اور مسابقت کو فروغ دینے کے لیے اصلاحات جاری ہیں۔ مشیر خزانہ نے کہا کہ آئی ایم ایف کے مطابق ریزیلینس اینڈ سسٹین ایبلٹی فسیلٹی کے تحت موسمیاتی اصلاحات میں بھی پیش رفت ہورہی ہے، جن میں سرکاری سرمایہ کاری میں موسمیاتی عوامل کو شامل کرنا، قدرتی آفات سے لاحق مالی خطرات کے انتظام اور متعلقہ اداروں کے درمیان رابطہ کاری کو مضبوط بنانا شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ نجکاری، سرکاری اداروں کی گورننس، مسابقت، تجارت، ریگولیٹری اصلاحات، گورننس اور مالیاتی منڈیوں کو مزید گہرا کرنے سمیت دیگر ڈھانچہ جاتی اصلاحات کا عمل بھی جاری ہے، جن کا مقصد پیداواری صلاحیت، نجی سرمایہ کاری، برآمدات اور روزگار کے مواقع میں اضافہ کرنا ہے۔

از عدالت فرید کاکڑ تحصیلدار / اسسٹنٹ کلکٹر درجہ اول تحصیل و ضلع پشین

اشتہار بنام عوام الناس

ہرگاہ مسمی سید محمود خان ولد سید محمد ہاشم قوم سید ساکن کربلا موضع سرخاب کربلا سرکل حبہ خوشدل خان تحصیل و ضلع پشین نے ایک قطعہ درخواست مورخہ 1/10/2026 کو برائے اندراج وراثت انتقالات زیر دستخطی کے عدالت میں پیش کی ہیں کہ مرحوم سید محمد ہاشم ولد سید عبدالصمد قوم سید ساکن کربلا بروئے پیش کردہ شرعی فتویٰ از مدرسہ یا خطیب جامع دارالافتاء والا شاد حضرت مولانا مفتی رحمت علی کہ بقضائے الٰہی وفات پاچکا ہے بروئے شرعی فتویٰ جس کے وارثان بیوہ بی بی خاتمہ سید محمود خان، محمد اکبر خان، میرواِئس خان، الماس خان، خوشحال خان، احمد خان، حارث خان، محمد سدیس خان پسران بی بی شبانہ، بی بی شمائلہ، بی بی کشمالہ تحصیل و ضلع پشین انتقالات وراثت درج ریکارڈ مال کرنا مطلوب ہیں لہٰذا اگر انتقال وراثت پر کسی آس پاس زمیندار یا دیہہ کسی سرکاری کا غیر سرکاری ادارے یا تعلق کوئی اعتراضات ہیں تو وہ اندر سات یوم اپنے اعتراضات زیر دستخطی کو اصالتاً یا وکالتاً پیش کریں بعد گزرنے متعین معیاد کوئی اعتراض یا عذر قابل قبول نہ ہوگا اور انتقالات وراثت حسب ضابطہ درج ریکارڈ مال کیا جائیگا۔ اشتہار ہذا 1/10/2026 کو میرے دستخط و مہر عدالت سے جاری ہوا۔

تحصیلدار کربلا ضلع پشین

بعدالت فیملی جج I کوئٹہ

مثل نمبر 170/2026 طیبہ عباس علی زوجہ عباس علی قوم ہزارہ سکنہ طوغی روڈ رحمت اللہ اسٹریٹ ہاوس نمبر 7/5-10C کوئٹہ **بنام**: عباس علی ولد رمضان علی قوم ہزارہ سکنہ طوغی روڈ رحمت اللہ سٹریٹ ہاوس نمبر 7/5-10C کوئٹہ

دعویٰ خلع

اشتہار بنام مدعا علیہ / مدعا علیہم:۔ عباس علی ولد رمضان علی قوم ہزارہ سکنہ طوغی روڈ رحمت اللہ سٹریٹ ہاوس نمبر 7/5-10C کوئٹہ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا عدالت ہذا میں زیر سماعت ہے جس کی آئندہ تاریخ سماعت 19/10/2026 مقرر ہوچکی ہے درج بالا مقدمہ ہذا میں مدعا علیہ عدالت ہذا کے سمن لینے سے دیدہ دانستہ طور پر گریز کر رہا ہے اور روپوش ہے لہٰذا اشتہار مدعا علیہ / مدعا علیہم کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مقررہ تاریخ سماعت پر اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہو کر مقدمہ کی پیروی کریں۔ بصورت دیگر یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائیگی آج مورخہ 6/10/2026 کو بدستخط میرے و مہر عدالت کے جاری ہوا۔

فیملی جج I کوئٹہ

بعدالت جناب سینئر سول جج ژوب بااختیار ڈسٹرکٹ جج ژوب

رجسٹر جانشینی نمبر 28/2026 متدائرہ 5/10/2026 تاریخ پیشی 20/10/2026

1۔ حیات بی بی بیوہ فرید خان مرحوم 2۔ اولس یار 3۔ شیر یار خان 4۔ معصومہ 5۔ منظور احمد خان پسران و دختران فرید خان مرحوم اقوام شیرانی ساکنان شہر ژوب تحصیل و ضلع ژوب سائلان / درخواست گزاران **بنام**:۔ عوام الناس

درخواست برائے حصول جانشینی سرٹیفکیٹ زیر دفعہ 372 ایکٹ جانشینی 1925ء

ہرگاہ کہ بعنوان بالا درخواست جانشینی بذریعہ مختیار غنی خان ولد غلام گل بابت فرید خان ولد غلام گل کے محکمہ تعلیم فیڈرل ایجوکیشن ضلع ژوب بحیثیت ای ایس ٹی کے ماہوار پنشن، لم سم گرانٹ -/900000 روپے، پلاٹ اماونٹ -/2000000 روپے فنانشل ایڈ -/200000 میرج گرانٹ -/800000 روپے انکیشمنٹ -/425760 اور بینک اسلامی ژوب اکاونٹ PK21BKIP0104801537880001 میں رقم مبلغ -/83260 کے بابت عدالت ہذا میں دائر کیا ہے۔ جس کی آئندہ تاریخ پیشی مورخہ 20/10/2026 کو مقرر ہوچکی ہے لہٰذا بذریعہ اشتہار ہذا ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ درخواست کہ بابت اگر کسی کو کوئی عذر یا اعتراض ہو تو وہ مقررہ تاریخ پیشی پر حاضر عدالت ہو کر درخواست کی پیروی کریں بصورت دیگر حسب ضابطہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ آج مورخہ 5/10/2026 کو بدستخط میرے و مہر عدالت کے جاری ہوا۔

عصمت اللہ

سینئر سول جج ژوب

بعدالت جناب سینئر سول جج ژوب بااختیار ڈسٹرکٹ جج ژوب

رجسٹر جانشینی نمبر 30/2026 متدائرہ 8/9/2026 تاریخ پیشی 19/10/2026

1۔ کریم ولد عبداللہ مرحوم 2۔ زیب النساء دختر عبدالغفار 3۔ سہیل شاہ ولد عبدالغفار ذات کاکڑ ساکنان شرغلئی زرچوڑ تحصیل و ضلع ژوب سائلان / درخواست گزاران **بنام**:۔ عوام الناس

APPLICATION US 10 7/25 OF THE GUARDIAN & WARD ACT, 1890 FOR THE APPOINTMENT OF GUARDIANSHIP

ہرگاہ کہ بعنوان بالا درخواست گارڈین بذریعہ مختیار کریم / کونسل بابت عبدالغفار ولد عبداللہ مرحوم کے ورثاء کیلئے تقرر ولی نابالغان زیب النساء اور سہیل شاہ عدالت ہذا میں دائر کیا ہے۔ جس کی آئندہ تاریخ پیشی مورخہ 19/10/2026 کو مقرر ہوچکی ہے لہٰذا بذریعہ اشتہار ہذا ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ درخواست کہ بابت اگر کسی کو کوئی عذر یا اعتراض ہو تو وہ مقررہ تاریخ پیشی پر حاضر عدالت ہو کر درخواست کی پیروی کریں بصورت دیگر حسب ضابطہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ آج مورخہ 2/10/2026 کو بدستخط میرے و مہر عدالت کے جاری ہوا۔

عصمت اللہ

سینئر سول جج ژوب

روزنامہ باخبر کوئٹہ
THE DAILY BAAKHABAR QUETTA
بانی اکرام اللہ خان
کوئٹہ اور بلوچستان بھر سے

روزنامہ باخبر 09 اکتوبر 2026ء

کوئٹہ، سیکرٹری لیبر اینڈ مین پاور بلوچستان صالح محمد ناصر سے برٹش کونسل کے EUTVET-IV پروجیکٹ کی لیڈ محترمہ عاصمہ رحمان ملاقات کر رہی ہیں

نوجوانوں کو میرٹ پر روزگار کی فراہمی اولین ترجیحات میں شامل ہے

محمد خان لہڑی

صوبائی آمدن میں محکمہ ایکسائز ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے، محکمہ ایکسائز کی کارکردگی بہتر بنانے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں

حلقہ انتخاب میں بنیادی مسائل کے حل اور ترقیاتی عمل کو مزید تیز کیا جائے گا، عوام کی فلاح و بہبود اور علاقے کی پائیدار ترقی کے لیے تمام ممکنہ اقدامات کیے جائیں گے

اوستہ محمد (نامہ نگار) پاکستان مسلم لیگ کے مرکزی رہنما و صوبائی مشیر برائے ایکسائز حاجی محمد خان لہڑی نے کہا ہے کہ بے روزگار نوجوانوں کو بلا رنگ و نسل اور مذہب روزگار کے مواقع فراہم کرنا ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ پاکستان مسلم لیگ عوامی خدمت اور عوامی مسائل کے حل پر یقین رکھتی ہے، جبکہ حلقہ انتخاب کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنا ہمارا وژن ہے۔ انہوں نے کہا کہ نوجوان کسی بھی

بقیہ نمبر 01 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں

وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی صوبائی حکومت اور بی آر ایس پی کے اشتراک سے شروع کردہ پروگرام رائز بلوچستان کے تحت تربیت مکمل کرنے والی خواتین کو سرٹیفکیٹس دے رہے ہیں

گوادر پورٹ سے ایران ٹرانزٹ تجارت اور کارگو نقل و حرکت سہل بنانے پر غور

گبد/ریمدان بارڈر تجارت کے مسائل کے حل کیلئے آئندہ جمعرات کو کسٹمز، تاجروں اور اسٹیک ہولڈرز کا اہم اجلاس طلب

کراچی/گوادر (خ ن) چیئرمین گوادر پورٹ نورالحق بلوچ نے ڈائریکٹر جنرل کسٹمز ٹرانزٹ ٹریڈ عرفان جاوید سے ملاقات کی، جس میں گوادر پورٹ سے گبد/ریمدان 250 بارڈر کراسنگ کے ذریعے ایران کے لیے ٹرانزٹ تجارت اور کارگو کی نقل و

بقیہ نمبر 03 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں

رکن صوبائی اسمبلی محمد نعیم بازئی اور ڈپٹی کمشنر کوئٹہ ویسٹ منیر احمد درانی کچلاک میں کھلی کچہری کے موقع پر لوگ اپنے مسائل سے آگاہ کر رہے ہیں

صوبائی وزیر حاجی نور محمد دمڑ اپنے آفس میں سائل کے مسائل سن رہے ہیں

ترقیاتی منصوبوں میں معیار پر سمجھوتہ برداشت نہیں مقررہ مدت میں تکمیل یقینی بنائی جائے

ڈی سی ڈکی

ڈی سی فضل الرحمٰن کبدانی نے کمانڈر 87 ونگ کرنل شاہد بلال کے ہمراہ (BSDI) پروگرام کے تحت ضلع ڈکی میں جاری مختلف ترقیاتی منصوبوں کا تفصیلی دورہ کیا

وانگی رباط روڈ، ختم نبوت چوک، گورنمنٹ مڈل سکول کلی کریم خان اور گورنمنٹ بوائز ہائی سکول کلی ڈکی میں جاری ترقیاتی و تعمیراتی کام کا معائنہ کیا

ڈکی (خ ن) ڈپٹی کمشنر ڈکی فضل الرحمٰن کبدانی نے کمانڈر 87 ونگ کرنل شاہد بلال کے ہمراہ بلوچستان اسپیشل ڈویلپمنٹ انیشی ایٹو (BSDI) پروگرام کے تحت ضلع ڈکی میں جاری مختلف ترقیاتی منصوبوں کا تفصیلی دورہ کیا اور تعمیراتی کام کی پیش رفت، معیار اور رفتار کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر ڈکی محمد اکرم حریفال بھی ان کے ہمراہ تھے۔ دورے کے دوران ڈپٹی کمشنر اور کمانڈر 87 ونگ نے وانگی رباط

بقیہ نمبر 04 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں

جھل مگسی: ڈپٹی کمشنر کی زیرِ صدارت اجلاس، ترقیاتی و فلاحی منصوبوں پر پیش رفت کا جائزہ

ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل اور کام کے معیار کو یقینی بنایا جائے، ڈپٹی کمشنر سید رحمت اللہ شاہ

جھل مگسی (خ ن) ڈپٹی کمشنر جھل مگسی سید رحمت اللہ شاہ سے ضلع کے مختلف سرکاری محکموں کے افسران اور ضلع میں عوامی فلاح و بہبود کے لیے کام کرنے والی مختلف تنظیموں کے فوکل پرسنز نے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران ضلع میں جاری ترقیاتی منصوبوں

بقیہ نمبر 02 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں

ایس ایس پی لسبیلہ نجیب اللہ پندرانی کی جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کارروائی

اوتھل (آن لائن) ایس ایس پی لسبیلہ نجیب اللہ پندرانی کی جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کارروائی کی ہدایت پر اوتھل پولیس کی کامیاب کارروائی، ملزم گرفتار، چوری شدہ سولر کیبل برآمد، تفصیلات کے مطابق SSP لسبیلہ نجیب اللہ پندرانی کی جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کارروائی کی خصوصی ہدایت پر ASI محمد ہاشم نے پولیس ٹیم کے ہمراہ کامیاب کارروائی عمل میں لاتے ہوئے پولیس تھانہ اوتھل کے مقدمہ

بقیہ نمبر 06 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں

وفاقی محتسب کی موثر مداخلت: نادرا میں طویل عرصے سے زیرِ التوا شناختی کارڈ کا مسئلہ حل

نادرا نے سوراب کی رہائشی خاتون کا اضافی شناختی کارڈ منسوخ کر کے اصل کارڈ بحال کر دیا

خضدار (پ ر) وفاقی محتسب نے عوام کو سرکاری محکموں کی زیادتیوں اور انتظامی بے ضابطگیوں کے خلاف فوری اور مفت انصاف فراہم کرنے کی اپنی روایت کو برقرار رکھتے ہوئے ایک اور شاندار کامیابی حاصل کی ہے۔ وفاقی محتسب کی بروقت اور موثر

بقیہ نمبر 05 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ، بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ دیہی خواتین کو کاروباری لحاظ سے بااختیار بنانے سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ڈپٹی کمشنر چمن حبیب احمد بنگلزئی کی زیرِ صدارت پولیو پوسٹ کمپین اجلاس منعقد ہو رہا ہے

قلعہ سیف اللہ، ڈپٹی کمشنر ساگر کمال کی زیرِ صدارت ڈی سی آفس میں پوسٹ پولیو مہم جائزہ اجلاس جاری ہے

گوادر میں ٹیکس بیس وسیع کرنے اور محصولات بڑھانے کیلئے بی آر اے اور ضلعی انتظامیہ کا تعاون پر اتفاق

اہل کاروبار اور سروس فراہم کنندگان کو ٹیکس نیٹ میں شامل کیا جائے گا، چیئرمین بی آر اے عبداللہ خان

گوادر (خ ن) بلوچستان ریونیو اتھارٹی (بی آر اے) کے چیئرمین عبداللہ خان اور ڈپٹی کمشنر گوادر نقیب اللہ کاکڑ کے درمیان ایک اہم ملاقات ہوئی۔ جس میں ضلع گوادر میں ٹیکس بیس کی توسیع اور محصولات کی وصولی کو بہتر بنانے کے اقدامات کا

بقیہ نمبر 30 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ شہر میں نکاسی آب کا نظام متاثر، گندا پانی سڑکوں پر بہنے لگا عوام کو مشکلات درپیش

کوئٹہ (اے این این) کوئٹہ شہر کے مختلف علاقوں میں نالیاں بند ہونے کے باعث گندا پانی سڑکوں پر بہنے لگا ہے، جبکہ شہر کی اہم شاہراہوں اور سڑکوں کے کناروں پر کچرے کے ڈھیر لگنے سے شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے عوامی حلقوں کے مطابق شہر کے متعدد علاقوں میں صفائی اور نکاسی آب کا نظام متاثر ہونے کے باعث گندا پانی سڑکوں پر جمع ہو رہا

بقیہ نمبر 29 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں

رکھنی: تعلیمی اداروں کے اچانک معائنے، غیر حاضر اساتذہ و عملے کے خلاف معطلی اور توضیحی نوٹس جاری

تعلیمی اداروں میں حاضری، نظم و ضبط اور معیارِ تعلیم پر سمجھوتہ نہیں ہوگا، ڈاکٹر سلیم زرکون

رکھنی (خ ن) ڈویژنل ڈائریکٹر ایجوکیشن کوہِ سلیمان ڈویژن ڈاکٹر سلیم زرکون نے مختلف تعلیمی اداروں کا اچانک دورہ کرتے ہوئے تدریسی و انتظامی امور، اساتذہ اور دیگر عملے کی حاضری اور تعلیمی سرگرمیوں کا تفصیلی جائزہ لیا۔ انہوں نے گورنمنٹ گرلز ہائی

بقیہ نمبر 07 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں

عوامی مسائل حل کرنا اور سہولیات فراہمی ہماری ذمہ داری بنتی ہے، ماریہ شمعون

عوامی مسائل کا حل، صفائی اور سرکاری نرخناموں پر عملدرآمد انتظامیہ کی ترجیحات ہیں اے سی

گنداخہ (نامہ نگار) اسسٹنٹ کمشنر اوستہ محمد محترمہ ماریہ شمعون نے تحصیل پریس کلب گنداخہ کے صدر و صحافی ساجد جمالی سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ عوامی مسائل کا حل اور شہریوں کو بنیادی سہولیات کی فراہمی انتظامیہ کی اولین ترجیحات میں شامل

بقیہ نمبر 08 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں

گنداخہ پولیس کی کارروائی، چھینی گئی موٹر سائیکل برآمد کر کے مالکان کے حوالے کردی

گنداخہ (آن لائن) گنداخہ پولیس کی کارروائی، چھینی گئی موٹر سائیکل برآمد کر کے مالکان کے حوالے کردی تفصیلات کے مطابق نامعلوم مسلح افراد نے امام بخش جمالی تھانے کی حدود، سندھ بلوچستان سرحد کے قریب ممتاز علی پندرانی سے سی ڈی موٹر سائیکل 2024 ماڈل چھین لی اور فرار ہو گئے۔ واقعے کی اطلاع ملنے پر ڈی ایس پی سرکل گنداخہ محمد علی جمالی کی نگرانی میں ایس ایچ او گنداخہ انسپکٹر نواب علی جمالی نے فوری طور پر ناکہ بندی کر کے مختلف مقامات پر چیکنگ شروع کردی۔ پولیس کی کارروائی کے دوران ڈاکو گنداخہ تھانے کی حدود میں سیرواہ کے مقام پر موٹر سائیکل چھوڑ کر فرار ہو گئے۔ ایس ایچ او نواب علی جمالی نے موٹر سائیکل اپنی تحویل میں لے کر

بقیہ نمبر 09 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں

ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر سٹی امیر حمزہ مرکزی شہر میں غیر معیاری آٹا فروخت کرنے والوں کیخلاف کارروائی کر رہے ہیں

گوادر، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو ظہور بلوچ متعلقہ ڈی ڈی اوز کے ہمراہ ملازمین کی عمر میں درستگی سے متعلق کیسز کا جائزہ لے رہے ہیں

چیف ایگزیکٹو آفیسر کیسکو انجینئر مرزا اعزاز بیگ سے ریجنل کوآرڈینیٹر او جی ڈی سی ایل بلوچستان اکرام اللہ کاسی ملاقات کر رہے ہیں

پی پی ایچ آئی بلوچستان نے اے آئی پر مبنی ProMetriX نظام متعارف کرا دیا

بلوچستان میں سرکاری بھرتیوں کا عمل مزید شفاف بنانے کی جانب اہم پیش رفت

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن، ڈیجیٹل گورننس کے فروغ اور صوبے میں میرٹ پر مبنی نظام کے قیام کے تحت صوبائی حکومت نے سرکاری بھرتیوں کے عمل کو شفاف، میرٹ پر مبنی اور انسانی مداخلت سے حتی الامکان پاک بنانے کی

بقیہ نمبر 28 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں

چمن باڈر کی بندش مقامی سطح پر معاشی بحران کا سبب بن رہی ہے، علاالدین اچکزئی

چمن کے عوام اور تاجروں کا روزگار مکمل طور پر پاک۔افغان سرحد سے وابستہ تجارت پر منحصر ہے

چمن (نامہ نگار) چمن چیمبر آف کامرس کے صدر حاجی علاالدین اچکزئی نے تاجروں کے حقوق اور پاک۔افغان بارڈر ٹریڈ (سرحدی تجارت) کی بحالی کے لیے چیمبر کی مسلسل کوششوں کا اعادہ کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ تاجروں کے لئے ہر فورم پر

بقیہ نمبر 11 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں

ڈی ایچ کیو ہسپتال بارکھان کیلئے ادویات و طبی سامان کی مکمل کھیپ پہنچ گئی

بارکھان (خ ن) وزیرِ اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں حکومتِ بلوچستان کی جانب سے عوام کو معیاری اور بنیادی صحت کی سہولیات ان کی دہلیز پر فراہم کرنے کے لیے عملی اقدامات کا سلسلہ جاری ہے۔ اسی تسلسل میں ڈی ایچ کیو ہسپتال بارکھان اور ڈی ایچ او آفس کے لیے ادویات اور ضروری طبی سامان کی مکمل کھیپ پہنچا دی گئی ہے۔ ڈویژنل ڈائریکٹر ہیلتھ ڈاکٹر مہر دین کھیتران کی خصوصی کاوشوں اور متعلقہ حکام سے مؤثر رابطوں کے نتیجے میں ادویات اور طبی سامان کی کھیپ مزدا گاڑی کے ذریعے بارکھان پہنچائی گئی، جس میں ہسپتال کی ضروریات کے مطابق مختلف ادویات اور بنیادی طبی

بقیہ نمبر 27 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں

شہریوں کے جان و مال کا تحفظ ریاست کی اولین ذمہ داری ہے

مولانا عبدالرحمٰن رفیق

جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ شہر میں امن و امان کے قیام، شہریوں کے جان و مال کے تحفظ اور معاشرتی اقدار کے دفاع کے لیے اپنی جدوجہد جاری رکھے گی

موجودہ حالات میں شہریوں کو بے یقینی، خوف اور بدامنی کے حوالے نہیں کیا جاسکتا، ریاست کی بنیادی ذمہ داری ہے کہ وہ عوام کو مکمل تحفظ فراہم کرے

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کی مجلس عمومی کا اہم اجلاس ضلعی امیر مولانا عبدالرحمٰن رفیق کی زیرِ صدارت منعقد ہوا، جس میں مجلس عمومی کے اراکین نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ اجلاس میں ضلعی سیکرٹری جنرل حاجی عین اللہ شمس کی جانب سے پیش کردہ ایجنڈے کے مطابق مختلف شعبہ جات کی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کے دوران حافظ شبیر احمد مدنی نے جماعتی کارکردگی،

بقیہ نمبر 10 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں

ڈپٹی کمشنر کوئٹہ ویسٹ منیر احمد درانی گورنمنٹ بوائز ہائی سکول کچلاک کے دورے کے موقع پر طلبہ سے بات چیت کر رہے ہیں

کوئٹہ، اہلسنت و جماعت کے رہنماء ذوالفقار طارق اور ڈاکٹر محمد ظاہر لانگو اسسٹنٹ کمشنر کوئٹہ ڈویژن علی گل عمرانی سے ملاقات کر رہے ہیں

لورالائی: اسسٹنٹ کمشنر احمد زیب کی زیرِ صدارت محکمہ مال کا اجلاس، ریونیو امور اور زیرِ التوا کیسز کا جائزہ

لورالائی (خ ن) اسسٹنٹ کمشنر لورالائی احمد زیب کی زیرِ صدارت تحصیلدار اور پٹواریوں کا اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں محکمہ مال سے متعلق امور، ریونیو معاملات، عوامی مسائل کے فوری حل سرکاری ریکارڈ کی بروقت تکمیل و درستگی اور زیرِ التواء کیسز کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اجلاس میں اسسٹنٹ کمشنر احمد زیب نے تحصیلدار اور پٹواریوں کو ہدایت کی کہ عوام کو ریونیو سے متعلق معاملات میں ہر ممکن سہولت فراہم کی جائے اور شہریوں کو بلاوجہ مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ انہوں نے سرکاری ریکارڈ کو مکمل، درست اور اپ ڈیٹ رکھنے، زیرِ التواء کیسز کو ترجیحی بنیادوں پر نمٹانے اور عوامی شکایات کا بروقت ازالہ

بقیہ نمبر 25 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں

کمشنر سبی ڈویژن عرفان اللہ خان محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کی کارکردگی کے حوالے سے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

کچھی میں تعلیمی اداروں کو نشانہ بزدلانہ فعل ہے، صدام حسین عمرانی

تعلیمی اداروں اور معصوم بچوں کے مستقبل کے خلاف کسی بھی قسم کی دہشت گردی ناقابلِ قبول ہے

نصیرآباد (اے این این) اوستہ محمد کی معروف قبائلی و سماجی شخصیت حاجی صدام حسین عمرانی نے ضلع کچھی میں سرکاری اسکول کو مبینہ طور پر دھماکے سے نقصان پہنچانے کے واقعے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ بلوچستان میں تعلیمی اداروں اور

بقیہ نمبر 26 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں

اورماڑہ، رورل ہیلتھ سینٹر میں مفت آئی سرجیکل کیمپ کا انعقاد

400 سے زائد مریضوں کا معائنہ اور 50 سے زائد کامیاب آپریشن

کوئٹہ (پ ر) آر ایچ سی اورماڑہ میں مفت آئی سرجیکل کیمپ کا انعقاد، 400 سے زائد مریضوں کا طبی معائنہ، 50 سے زائد مریضوں کا کامیاب آپریشن اورماڑہ: رورل ہیلتھ سینٹر اورماڑہ میں آنکھوں کے مفت علاج، آپریشن اور لینس لگانے

بقیہ نمبر 14 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں

حافظ احسان اللہ کی شہادت حکومتی کارکردگی پر سوالیہ نشان ہے، حافظ صدیق مدنی

ملزمان کی فوری گرفتاری اور امن و امان کی بحالی کا مطالبہ اور علماء کو تحفظ دیا جائے، رہنماء جے یو آئی

چمن (پ ر) جمعیت علماء اسلام کے رہنماء حافظ محمد صدیق مدنی نے دورہ حدیث کے طالب علم اور جمعیت طلبہ اسلام ضلع چمن کے نائب صدر مولوی حافظ احسان اللہ کی ڈاکوؤں کی فائرنگ سے شہادت کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ

بقیہ نمبر 12 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں

آل پاکستان اخبار فروش فیڈریشن کے صدر میر احمد راسکوہ وال اور دیگر کا اظہار تعزیت

کوئٹہ (این این آئی) آل پاکستان اخبار فروش فیڈریشن کے صدر میر احمد راسکوہ وال، انجمن فلاح و بہبود اخبار فروشاں بلوچستان کے سابق صدر عبدالنبی سمالانی، شاہ جہان بلوچ اور دیگر نے اپنے ایک مشترکہ بیان میں مقامی اخبار اہم اخبار کے مالک بالاچ خان لہڑی، میر نعمان لہڑی، رستم خان لہڑی کے والد سینئر سیاستدان ڈاکٹر عبدالحکیم لہڑی کی وفات پر تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنے جوارِ رحمت میں جگہ دی اور

بقیہ نمبر 13 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں

گوادر، ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت توسیع مقبول احمد بلوچ گوادر کے زمینداروں میں بینظیر کسان کارڈز تقسیم کر رہے ہیں

جعفرآباد، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر حضور بخش بگٹی ہنرمند بلوچستان ہنرمند جعفرآباد پروگرام کے سالانہ فائنل امتحانی عمل کا جائزہ لے رہے ہیں

کوئٹہ، آریا انسٹیٹیوٹ اور یونیورسٹی کے اشتراک سے نوجوانوں کی ذہنی صحت سے متعلق منعقدہ سیمینار کے اختتام پر سی ای او آریا انسٹیٹیوٹ سہیل خان کاروشن خورشید بروچہ، ڈاکٹر میروائس کاسی، اورنگزیب بادینی اور طلباء و طالبات کے ہمراہ گروپ

وفاقی محتسب ریجنل آفس خضدار کی بروقت کارروائی

خضدار (پ ر) سرکاری اداروں کی بدانتظامی کے خلاف عوام کو فوری اور مفت انصاف کی فراہمی کے سلسلے میں وفاقی محتسب سیکرٹریٹ، ریجنل آفس خضدار نے ایک اور شاندار کامیابی حاصل کر لی۔ وفاقی محتسب کی مؤثر اور تیز ترین مداخلت کے باعث ضلع خضدار کی ایک غریب اور مستحق خاتون کو بینظیر انکم سپورٹ پروگرام (BISP) کی جانب سے روکی گئی مالی معاونت ادا کر دی گئی۔ تفصیلات کے مطابق، محترمہ در خاتون ساکن بھلونک، تحصیل

بقیہ نمبر 16 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں

گوادر: بیادِ رحیمہ بانو آرٹ مقابلے کا انعقاد، طلبہ و طالبات کی بھرپور شرکت

گوادر (خ ن) ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر گوادر محمد حسن نے کہا ہے کہ آرٹ اور تخلیقی سرگرمیاں طلبہ و طالبات میں مشاہدے، تخیل، جمالیاتی ذوق اور تخلیقی سوچ کو فروغ دینے کے ساتھ ان کی شخصیت سازی میں بھی اہم کردار ادا کرتی ہیں، اس لیے نوجوانوں کو اپنی فنی صلاحیتوں کے اظہار کے بھرپور مواقع فراہم کیے جانے چاہییں وہ گوادر ایجوکیشنل اینڈ انوائرمنٹل ویلفیئر سوسائٹی کے زیرِ اہتمام شکر اللہ آرٹ گیلری میں منعقدہ ”بیادِ رحیمہ بانو“ آرٹ مقابلے سے خطاب کر رہے تھے۔ یہ آرٹ مقابلہ مرحومہ رحیمہ بانو، سابق ہیڈ مسٹریس بجنشی گرلز اسکول گوادر کی خدمات کو خراجِ عقیدت پیش کرنے کے لیے ان

بقیہ نمبر 23 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں

کاشف حیدری کی قیادت میں وفد کی ایس ایچ او ہزارہ ٹاؤن سے ملاقات

تاجر برادری کو درپیش مسائل کے حل، امن و امان اور کاروباری ماحول کی بہتری پر تفصیلی گفتگو

کوئٹہ (پ ر) مرکزی تنظیم تاجران بلوچستان کے ترجمان کاشف حیدری کی قیادت میں ہزارہ ٹاؤن کے تاجروں کے ایک وفد نے ایس ایچ او ہزارہ ٹاؤن محمود خروٹی سے ملاقات کی، جس میں علاقے کی تاجر برادری کو درپیش مختلف مسائل، کاروباری

بقیہ نمبر 24 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں

ہنرمند بلوچستان، ہنرمند جعفرآباد پروگرام کے سالانہ فائنل امتحانات جاری

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر حضور بخش بگٹی نے مختلف امتحانی مراکز کا تفصیلی دورہ کیا

جعفرآباد (نامہ نگار) گورنمنٹ آف بلوچستان محکمہ تعلیم اور یونیسیف ایجوکیشن سپورٹ پروگرام کے باہمی اشتراک سے ضلع جعفرآباد میں جاری ”ہنرمند بلوچستان، ہنرمند جعفرآباد“ پروگرام کے تحت قائم اے ایل پی، وی ٹی سی اور آئی ٹی سنٹرز کے سالانہ

بقیہ نمبر 15 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں

گنداخہ پریس کلب اپنی عمارت سے محروم، صحافی کرائے کی دکانوں میں بیٹھنے پر مجبور

حکومت کی عدم توجہی کے باعث صحافیوں کو مختلف مشکلات درپیش حکام نوٹس لیں، صحافی تنظیمیں

گنداخہ (نامہ نگار): تحصیل گنداخہ میں صحافی برادری طویل عرصے سے پریس کلب کی اپنی مستقل عمارت نہ ہونے کے باعث مشکلات سے دوچار ہے، جہاں مقامی صحافی بنیادی صحافتی سرگرمیوں کی انجام دہی کے لیے کرائے کی دکانوں میں بیٹھنے پر مجبور ہیں تحصیل گنداخہ میں پریس کلب کی مستقل عمارت نہ ہونے کے باعث صحافیوں کو نہ صرف پیشہ ورانہ امور

بقیہ نمبر 17 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں

اوستہ محمد، ملک بھر میں بارشوں کی کمی کے باعث آبی ذخائر میں پانی کی قلت، ربیع سیزن میں 22 فیصد کمی کا تخمینہ

اوستہ محمد (یو این اے) اوستہ محمد ربیع سیزن سے قبل ملک بھر میں بارشوں میں کمی کے باعث آبی ذخائر میں پانی کی کمی برقرار ہے، جس کے پیش نظر ارسا کی جانب سے کاشتکاروں کو پانی کے محتاط استعمال اور ممکنہ قلت کے حوالے سے آگاہ کیا گیا ہے۔ نصیرآباد ڈویژن کے کاشتکاروں سے اپیل ہے کہ وہ ربیع سیزن کے دوران پانی کے محدود وسائل کو مدنظر رکھتے ہوئے نہری پانی کا دانشمندانہ اور منصفانہ استعمال یقینی بنائیں، غیر ضروری پانی کے ضیاع سے گریز کریں اور اپنی فصلوں کی آبپاشی محکمہ آبپاشی کے مقررہ شیڈول کے مطابق کریں، جبکہ بارشوں کا سلسلہ شروع نہ ہونے کی صورت میں ممکنہ پانی کی قلت

بقیہ نمبر 21 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں

چمن، پراونشل انسٹیٹیوٹ فار ٹیچرز ٹریننگ کے ٹرینر صادق صبانے حافظ محمد صدیق مدنی کو بیسٹ ٹیچر ایوارڈ دے رہے ہیں

استامحمد، ڈپٹی کمشنر استامحمد رمضان پلال زیرِ تعمیر گورنمنٹ بوائز ہائی سکول استامحمد کا دورہ کر رہے ہیں

کوئٹہ، پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنماء وزیراعلیٰ بلوچستان کے فوکل پرسن سید اقبال شاہ، سید ایوب آغا، اختر بلوچ، بشیر نیچاری، شبیر مگسی پی پی کوئٹہ ڈویژن کے نائب صدر ملک عیسیٰ خان ملازئی کی والدہ قبائلی مشر ملک اسد خان ملازئی کی اہلیہ کے انتقال پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

گنداخہ سرکل میں امن وامان کے قیام کے لیے پولیس کی مؤثر کارکردگی

علاقے میں امن وامان کی صورتحال کو مزید بہتر بنانے کے لیے گشت میں اضافہ کرینگے، پولیس حکام

گنداخہ (نامہ نگار) ڈی ایس پی سرکل گنداخہ محمد علی جمالی کی نگرانی میں گنداخہ سرکل میں امن و امان کے قیام، جرائم کی روک تھام اور شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کے لیے پولیس کی جانب سے مؤثر اقدامات کا سلسلہ جاری ہے، پولیس ذرائع کے مطابق علاقے میں گشت اور نگرانی کے عمل کو مزید مؤثر بنایا گیا ہے، جبکہ مشکوک افراد اور جرائم پیشہ

بقیہ نمبر 18 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں

پیپلز پارٹی سیوی میں سولر پینلز کی تقسیم پر اختلافات، کارکنان کا ضلعی قیادت کے خلاف احتجاج

سیوی (نامہ نگار) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنماں نے پارٹی کے لیے فراہم کیے گئے سولر سسٹمز کی تقسیم میں مبینہ جانبداری اور کارکنان کو نظرانداز کیے جانے پر شدید تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے پیپلز

بقیہ نمبر 19 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں

DC ہرنائی ارشد جمالی کا ذمہ دارانہ کردار اور قابلیت کی قدر کرتے ہیں، رفیق جنگ

موصوف نے سابقہ تعیناتی کے دوران بھی اچھی پرفارمنس سے اپنی قد کاٹھ میں اضافہ کیا

کوئٹہ (پ ر) تجربہ کار سیاسی ورکر اور ن لیگ سریاب کے رہنما رفیق جنگ اور صادق ہنگوئی نے جاری کردہ بیان میں ڈپٹی کمشنر ہرنائی ارشد جمالی کی صلاحیتوں اور ذمہ دارانہ کردار کو سراہتے ہوئے کہا کہ موصوف کا متحرک کردار ہے، جس کی وجہ سے بطور آفیسران کے قد کاٹھ میں اضافہ ہو رہا ہے خوش مزاج اور عوامی مسائل کو حل کرنے کا جذبہ رکھتے

بقیہ نمبر 20 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں

سیاسی و معاشی بحران نے عوامی مشکلات میں اضافہ کر دیا ہے، امان شاہ

ملک کی سیاسی و معاشی صورتحال انتہائی تشویشناک ہے، سنجیدہ فیصلوں کی ضرورت ہے، صوبائی صدر

کوئٹہ (یو این اے) عوام پاکستان پارٹی بلوچستان کے صوبائی صدر سید امان شاہ نے ملک کی موجودہ سیاسی و معاشی صورتحال پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان اس وقت متعدد سیاسی، معاشی اور انتظامی چیلنجز سے دوچار ہے، ایسے حالات میں سیاسی محاذ آرائی اور باہمی کشیدگی کسی صورت ملک کے مفاد میں نہیں۔ حکومت اور

بقیہ نمبر 22 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں

روزنامہ باخبر کوئٹہ
چیف ایگزیکٹو پرنٹر پبلشر شاغاسی نے آریانہ پرنٹرز نصب چیمبر شارع عدالت کوئٹہ سے چھپوا کر روزنامہ باخبر کے دفتر نصب چیمبر شارع عدالت کوئٹہ سے شائع کیا بانی اکرم اللہ خان

روزنامہ ''باخبر'' کوئٹہ 09 اکتوبر 2026 ء

آئی ایم ایف کے نئے مطالبات اور ہماری قومی ضروریات

بین الاقوامی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) نے پٹرول سبسڈی سکیم جاری رکھنے پر رضامندی تو ظاہر کر دی ہے مگر ساتھ ہی یہ شرط بھی رکھ دی ہے کہ اس سکیم میں مزید صارفین شامل نہ کیے جائیں۔ گویا ایک ہاتھ سے رعایت دی گئی اور دوسرے ہاتھ سے اس کا دائرہ تنگ کر دیا گیا۔ عوام پہلے ہی کمر توڑ مہنگائی کا شکار ہیں اور توانائی کی قیمتوں کا ہر اتار چڑھاو براہِ راست ان کے چولھوں پر اثر انداز ہوتا ہے۔ ایسے میں سبسڈی کا دائرہ بڑھانے پر پابندی کا مطلب یہ ہے کہ جو طبقے اس رعایت سے محروم ہیں وہ محروم ہی رہیں گے۔ حکومت کو چاہیے کہ وہ اپنی ترجیحات کا تعین خود کرے اور سبسڈی کو اس طرح منظم کرے کہ اس کا فائدہ واقعی مستحق افراد تک پہنچے مگر جب پالیسی سازی کی کنجی کسی اور کے ہاتھ میں ہو تو عوام کی ضرورت اور حکومت کی خواہش دونوں ثانوی حیثیت اختیار کر جاتی ہیں۔

پاکستان اور آئی ایم ایف کے درمیان چوتھے اقتصادی جائزے کے مذاکرات جاری ہیں اور دونوں جانب کے حکام نے میمورنڈم آف اکنامک اینڈ فنانشل پالیسیز کی تیاری پر کام شروع کر دیا ہے۔ یہ وہی دستاویز ہے جس میں آئندہ کے لیے ہماری معاشی سمت کا تعین کیا جاتا ہے۔ اس وقت جو مطالبات سامنے آ رہے ہیں وہ ہماری قومی بے بسی کی پوری داستان سناتے ہیں۔ آئی ایم ایف کا کہنا ہے کہ صوبوں کی رضامندی سے شوگر سیکٹر کو ڈی ریگولیٹ کیا جائے، آٹو پالیسی میں الیکٹرک گاڑیوں کو دی گئی ٹیکس چھوٹ ختم کی جائے، مانیٹری پالیسی مزید سخت کی جائے اور صحت و تعلیم پر اخراجات کا ہدف کم کرنے کی تجویز بھی زیر غور آئی ہے۔ آخری نکتہ تو ایسا ہے جسے سن کر کسی بھی باشعور پاکستانی کا دل دہل جانا چاہیے۔ جس ملک کی بڑی آبادی ناخواندہ ہو اور جہاں سرکاری ہسپتالوں میں دوا اور بستر کے لیے لوگ در بدر پھرتے ہوں وہاں صحت اور تعلیم کے بجٹ میں کٹوتی کی تجویز قوم کے مستقبل پر ضرب لگانے کے مترادف ہے۔

یہ درست ہے کہ مالیاتی نظم و ضبط کوئی بری چیز نہیں۔ کوئی بھی ملک خسارے کے بوجھ تلے ہمیشہ کے لیے نہیں چل سکتا اور اخراجات اور آمدن میں توازن ہر معیشت کی بنیادی ضرورت ہے مگر اصل مسئلہ یہ ہے کہ ہم نے یہ نظم و ضبط اپنے اندر سے پیدا کرنے کی بجائے ہمیشہ باہر سے مسلط ہونے کا انتظار کیا۔ جب تک قرض دینے والا ادارہ دباو نہ ڈالے ہمارے ہاں نہ ٹیکس نیٹ کی وسعت کا خیال آتا ہے، نہ شاہانہ اخراجات میں کمی کا، نہ خسارے میں چلنے والے اداروں کی اصلاح کا۔ یہ رویہ اس مریض جیسا ہے جو معالج کے ڈر سے پرہیز کرتا ہے اپنی صحت کی فکر سے نہیں۔ ہر حکومت آتے ہی خزانہ خالی ہونے کا رونا روتی ہے، آئی ایم ایف کے دروازے پر دستک دیتی ہے، سخت شرائط تسلیم کرتی ہے، عوام پر مہنگائی اور ٹیکسوں کا بوجھ ڈالتی ہے اور چند برس بعد ہم پھر اسی مقام پر کھڑے ہوتے ہیں جہاں سے چلے تھے۔ اگر یہ نسخہ شفا بخش ہوتا تو دہائیوں کے بعد ہمیں اس کی ضرورت باقی نہ رہتی۔ آئی ایم ایف کی جانب مسلسل رجوع اس بات کا ثبوت ہے کہ مرض کی تشخیص اور علاج دونوں میں کہیں بنیادی خامی موجود ہے۔ یہ بات یاد رکھنے کی ہے کہ بیساکھی سہارا ضرور دیتی ہے مگر جو شخص ہمیشہ بیساکھی پر چلے اس کی اپنی ٹانگیں کمزور ہوتی چلی جاتی ہیں۔

آئی ایم ایف کی طرف سے مانیٹری پالیسی مزید سخت کرنے پر زور بھی معیشت کے لیے ایک نیا امتحان ہے۔ بلند شرح سود نے کاروباری طبقے کی کمر پہلے ہی جھکا رکھی ہے۔ جس صنعت کار کو قرض مہنگے داموں ملے وہ نئی فیکٹری لگانے کا سوچ بھی کیسے سکتا ہے؟ جس تاجر کا سرمایہ مہنگائی اور بھاری سود میں گھل رہا ہو وہ توسیع کا خطرہ کیوں مول لے گا؟ مہنگائی پر قابو پانا ضروری ہے لیکن اگر اس کا علاج ایسا ہو کہ معاشی سرگرمی ہی دم توڑ دے تو یہ علاج مرض سے زیادہ تکلیف دہ ثابت ہوتا ہے۔ یہ ایک ناقابلِ تردید حقیقت ہے کہ معیشت کا پہیہ چلے گا تو روزگار پیدا ہوگا اور محاصل بڑھیں گے اور اسی سے قرضوں کی ادائیگی کی صلاحیت بھی بڑھے گی۔

اسی تناظر میں وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب کا یہ کہنا قابل توجہ ہے کہ پاکستان میں انویسٹمنٹ فریم ورک اور فنانسنگ دستیاب ہے۔ انھوں نے یو این ڈی پی اور وفاقی و صوبائی حکومتوں کی کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے ایک بالکل درست بات کہی کہ مقامی سرمایہ کاری کے فروغ پر کام کرنا ہوگا کیونکہ جب اپنے لوگ سرمایہ لگائیں گے تبھی بیرونی سرمایہ کار کا اعتماد بحال ہوگا۔ یہ ایک بنیادی حقیقت ہے۔ دنیا کا کوئی غیر ملکی سرمایہ کار اس ملک میں پیسہ نہیں لگاتا جہاں کے اپنے سرمایہ دار اپنا پیسہ باہر لے جا رہے ہوں مگر سوال یہ ہے کہ ہمارے اپنے سرمایہ دار پاکستان میں سرمایہ لگانے سے کتراتے کیوں ہیں؟ اس سوال کا جواب تلخ ہے۔ ہمارے ہاں سرمایہ کار کو تحفظ کا احساس حاصل نہیں۔ آج جو قانون ہے کل وہ بدل جاتا ہے۔ آج ایک شعبے کو مراعات دی جاتی ہیں کل ان کے مراعات کے خاتمے کا اعلان ہو جاتا ہے۔ ٹیکس کی شرحیں اچانک بڑھا دی جاتی ہیں اور منصوبہ بندی کرنے والا کاروباری شخص ہر بجٹ اور منی بجٹ کے بعد نئے سرے سے حساب کتاب لگانے بیٹھ جاتا ہے۔ پالیسیوں کا تسلسل نہ ہو تو کوئی عقلمند آدمی طویل مدتی سرمایہ کاری کا خطرہ مول نہیں لیتا۔ سرمایہ کار وہیں جاتا ہے جہاں اسے امن، یقین اور انصاف ملے۔

اب وقت آگیا ہے کہ ہم تلخ حقیقت کا سامنا کریں۔ جب تک ہم اپنے وسائل پر بھروسا کرنا نہیں سیکھیں گے قرض کے اس چکر سے نہیں نکل سکیں گے۔ ہمارے پاس زرخیز زمین ہے، محنتی افرادی قوت ہے، معدنی دولت ہے اور جغرافیائی محل وقوع ایسا ہے جو دنیا کی بڑی منڈیوں کو جوڑتا ہے۔ ہماری زراعت اگر جدید خطوط پر استوار ہو تو ہم نہ صرف اپنی ضرورت پوری کر سکتے ہیں بلکہ برآمدات سے زرِمبادلہ بھی کما سکتے ہیں۔ ہماری برآمدات کا دائرہ اگر بڑھے تو ڈالر کی کمی کا رونا بھی ختم ہو سکتا ہے مگر یہ سب تبھی ممکن ہے جب ہم کشکول توڑنے کا عزم صرف نعروں میں نہیں بلکہ عملی اقدامات میں ظاہر کریں۔ اس کے لیے سب سے پہلے حکمران طبقے کو اپنی مثال قائم کرنا ہوگی۔ جس ملک میں عام آدمی پر ٹیکسوں کا بوجھ بڑھتا جائے اور اشرافیہ کی مراعات برقرار رہیں وہاں قربانی کا مطالبہ بے معنی ہو جاتا ہے۔ سرکاری اخراجات میں حقیقی کمی، غیر ضروری وزارتوں اور محکموں کا خاتمہ، خسارے میں چلنے والے سرکاری اداروں کی اصلاح اور ٹیکس چوری کرنے والے طاقتور طبقات کا احتساب یہ وہ اقدامات ہیں جن کے لیے ہمیں کسی بیرونی ادارے کے حکم کی ضرورت نہیں ہونی چاہیے۔ یہ ہمارا اپنا فرض ہے اور اسی میں ہماری بقا ہے۔

9 اکتوبر: پیغام رسانی کا عالمی دن

تحریر: مشتاق الرحمٰن

9 اکتوبر کا دن دنیا بھر میں "ڈاک کے عالمی دن" کے طور پر منایا جاتا ہے۔ یہ دن اس انسانی جذبے کا اعتراف ہے جو صدیوں سے ایک دوسرے کے ساتھ جڑے رہنے، اپنے احساسات بانٹنے اور خبروں کے تبادلے کے لیے بے چین رہا ہے۔ پیغام رسانی کا یہ سفر اتنا ہی پرانا ہے جتنی خود انسانی تاریخ نے کئی ایسے انقلابی مراحل طے کیے ہیں جو آج کے دور میں حیرت انگیز معلوم ہوتے ہیں۔

زمانہ قدیم میں جب مواصلات کے آج جیسے ذرائع کا کوئی تصور بھی نہیں تھا، تب پیغام رسانی کا سب سے پہلا اور بنیادی ذریعہ قاصد ہوا کرتے تھے۔ یہ وہ جفاکش لوگ تھے جو پیدل میلوں طویل سفر طے کر کے ایک حاکم کا پیغام دوسرے تک یا ایک قبیلے کی خبر دوسرے تک پہنچاتے تھے۔ تاریخ گواہ ہے کہ چین، مصر اور فارس جیسی عظیم الشان اور قدیم تہذیبوں میں اس مقصد کے لیے باقاعدہ تربیت یافتہ قاصد مقرر کیے جاتے تھے، جن کی پھرتی اور ایمانداری پر ریاستوں کا دار و مدار ہوتا تھا۔ وقت کے ساتھ اس نظام میں قدرے بہتری آئی اور پیدل سفر کی جگہ گھڑ سواری نے لے لی۔ گھوڑوں کی پشت پر سوار یہ قاصد طویل اور کٹھن راستوں کو عبور کرتے ہوئے خبریں پہنچایا کرتے تھے۔ اسی تسلسل میں ایک انتہائی دلچسپ موڑ اس وقت آیا جب کبوتروں کو پیغام رسانی کے لیے استعمال کیا جانے لگا۔ تربیت یافتہ کبوتر اپنے پیروں میں خط یا پیغام باندھ کر ایک جگہ سے اڑتے اور اپنے منزل مقصود پر موجود غار یا کبوتر خانے تک بحفاظت پہنچ جاتے تھے۔ قدرت کے ان بے زبان شاہکاروں نے تاریخ مواصلات میں ایک نیا باب رقم کیا۔

وقت نے مزید کروٹ لی تو باقاعدہ ڈاک کے نظام، خطوط اور کاغذ کا دور شروع ہوا۔ خط و کتابت کے اس روایتی نظام نے لوگوں کو ایک دوسرے کے قریب کرنے میں اہم کردار ادا کیا۔ اس کے بعد فیکس اور ٹیلی گرام جیسے نسبتاً جدید آلات متعارف ہوئے، جن کے ذریعے لوگ ایک شہر سے دوسرے شہر یا ایک ملک سے دوسرے ملک اپنے پیغامات بھیجنے کے قابل ہوئے۔ تاہم، اس دور میں بھی فاصلے اور وقت بہت بڑی رکاوٹ تھے۔

اس دور کے تلخ و شیریں تجربات آج کے ڈیجیٹل دور کے انسان کو حیرت میں ڈال دیتے ہیں۔ یاد کیجئے وہ دن جب اخبارات کے لیے کالم لکھے جاتے تھے۔ اس ابتدائی دور میں ڈاک کا کوئی موثر یا تیز رفتار ذریعہ میسر نہیں تھا، اس لیے ہم جیسے کالم نگاروں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا تھا۔ یا تو فیکس کے ذریعے تحریر بھیجی جاتی یا پھر شہر سے باہر کے اخبارات کے دفاتر کے لیے روایتی ڈاک کا سہارا لیا جاتا تھا۔ اس پورے عمل میں کم از کم دس سے پندرہ دن کا طویل عرصہ لگ جاتا تھا، تب کہیں جا کر وہ کالم اخبار کی زینت بنتا اور قارئین تک پہنچتا تھا۔ وہ انتظار کا کٹھن وقت اور ڈاکیے کی آمد پر کان لگائے بیٹھنا اس دور کا ایک لازمی حصہ تھا۔

پھر بیسویں صدی کے اواخر اور اکیسویں صدی کے آغاز نے وقت کا رخ ہی موڑ دیا۔ ڈیجیٹل میڈیا کا دور شروع ہوا جس نے دنیا کے نقشے کو بدل کر رکھ دیا۔ اگرچہ اس سے قبل ای میل بھی پیغام رسانی کا ایک انتہائی موثر ذریعہ بن چکی تھی، جس نے خطوط کی جگہ لینی شروع کی تھی، لیکن حقیقی انقلاب اس وقت آیا جب واٹس ایپ، میسنجر اور دیگر سوشل اور ڈیجیٹل پلیٹ فارمز نے زندگی میں قدم رکھا۔ اس جدید ٹیکنالوجی نے مہینوں اور دنوں کا مسافت بھرا سفر سیکنڈوں اور منٹوں میں سمیٹ کر رکھ دیا۔ آج صورتحال یہ ہے کہ دنیا کے کسی بھی حصے میں بیٹھا انسان ایک کلک اور انگلی کے ہلکے سے لمس سے اپنے پیغامات، تصاویر اور ویڈیوز دنیا کے دوسرے کونے میں موجود اپنے پیاروں تک لمحوں میں پہنچا سکتا ہے۔ اب نہ تو ہفتوں انتظار کی سولی پر لٹکنا پڑتا ہے اور نہ ہی ڈاک کے پہنچنے کی کوئی ٹینشن ہوتی ہے۔

آج ڈاک کا نظام اپنی شکلیں بدل چکا ہے۔ خواہ وہ روایتی سرکاری ڈاک خانے ہوں، نجی کوریئر سروسز کمپنیاں ہوں یا پھر تیز رفتار ڈیجیٹل میڈیا کے نیٹ ورکس پیغام رسانی کا یہ بنیادی سلسلہ آج بھی دنیا بھر میں پوری آب و تاب کے ساتھ جاری ہے۔ یہ نظام آج بھی دنیا کو آپس میں جوڑے ہوئے ہے۔

جہاں تک 9 اکتوبر کو منائے جانے والے اس عالمی دن کا تعلق ہے، تو اس کی ابتدا جاپان کی تجویز پر ہوئی تھی، 1969 کو جاپان کے دارالحکومت ٹوکیو میں ایک اجلاس میں باقاعدہ اس کی عالمی دن منانے کا اعلان کیا گیا اور آہستہ آہستہ یہ پوری دنیا میں باقاعدگی سے منایا جانے لگا۔ یہ دن ہمیں ماضی کی ان تمام قربانیوں اور کوششوں کی یاد دلاتا ہے جو انسان نے فاصلوں کو سمیٹنے کے لیے کیں۔ تاریخ کے اس تمام تر ارتقا سے یہ بات واضح ہوتی ہے کہ ذریعہ چاہے پیدل قاصد ہو، کبوتر ہو، روایتی ڈاک ہو یا پھر ڈیجیٹل میڈیا اصل مقصد انسان کو انسان سے جوڑنا ہے، اور یہ فریضہ ڈاک اور مواصلات کے نظام نے ہمیشہ بہترین انداز میں نبھایا ہے اور آئندہ بھی نبھاتا رہے گا۔

چین طاقت کا نیا باب

تحریر: حمید علی

دنیا کی تاریخ میں طاقت کے مراکز کبھی ایک جگہ مستقل نہیں رہے۔ کبھی تلوار طاقت کی علامت بنی۔ کبھی توپ اور میزائل نے عالمی فیصلوں پر اثر ڈالا۔ مگر اکیسویں صدی نے طاقت کا مفہوم ہی بدل دیا ہے۔ آج کسی ملک کی حقیقی قوت کا اندازہ صرف اس کی فوجی طاقت سے نہیں بل کہ اس کی مضبوط معیشت جدید ٹیکنالوجی صنعتی بنیاد عالمی تجارت اور مستقبل کی واضح منصوبہ بندی سے لگایا جاتا ہے۔ چین اس بدلتی ہوئی دنیا کی ایک نمایاں مثال ہے۔ جس نے جنگ و جدل کے بجائے صنعت تجارت تحقیق ٹیکنالوجی اور معاشی تعاون کے ذریعے عالمی منظرنامے میں اپنی مضبوط جگہ بنائی ہے۔

چین کا معاشی سفر محض اعداد و شمار کی کہانی نہیں بل کہ عزم نظم و ضبط مستقل مزاجی اور مسلسل محنت کی ایک طویل داستان ہے۔ چند دہائیوں کے دوران چین نے اپنی معیشت کو اس مقام تک پہنچایا کہ آج وہ دنیا کی بڑی معیشتوں میں شمار ہوتا ہے اور عالمی تجارت کے بنیادی ستونوں میں شامل ہے۔ دنیا کی شاید ہی کوئی بڑی منڈی ہو جہاں چینی مصنوعات اور چینی سرمایہ کاری کی موجودگی محسوس نہ ہوتی ہو۔ چین کی کامیابی کسی ایک منصوبے یا کسی ایک دور کی پالیسی کا نتیجہ نہیں بل کہ طویل المدت قومی ترجیحات کے تسلسل کا ثمر ہے۔

چین نے دنیا کو یہ سبق دیا ہے کہ ترقی نعروں اور دعووں سے نہیں مسلسل عمل سے پیدا ہوتی ہے۔ اس نے کارخانے قائم کیے۔ شاہراہیں تعمیر کیں۔ بندرگاہیں بنائیں۔ ریلوے کا وسیع نظام قائم کیا۔ صنعتی مراکز کو فروغ دیا اور جدید ٹیکنالوجی میں بڑے پیمانے پر سرمایہ کاری کی۔ اپنی وسیع افرادی قوت کو پیداواری قوت میں تبدیل کرنا چین کی معاشی حکمت عملی کی بڑی کامیابی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ آج چین ایک بڑی پیداواری قوت ہونے کے ساتھ ساتھ عالمی سپلائی نظام کا بھی اہم حصہ بن چکا ہے۔

چین کی معاشی طاقت کا دائرہ اس کی قومی پیداوار سے کہیں وسیع ہے۔ اس نے تجارت سرمایہ کاری اور اقتصادی تعاون کو اپنی عالمی حکمت عملی کا اہم ذریعہ بنایا۔ چینی مصنوعات دنیا کے مختلف براعظموں کی منڈیوں تک پہنچیں اور چینی سرمایہ کاری نے بنیادی ڈھانچے توانائی مواصلات اور صنعتی منصوبوں میں اپنی جگہ بنائی۔ اس طرح چین نے اپنی معاشی صلاحیت کو عالمی منڈیوں کے ساتھ جوڑ کر ایسا تجارتی نیٹ ورک تشکیل دیا جس نے اس کے اقتصادی اثر کو مسلسل وسعت دی۔

چین کے معاشی عروج کا ایک نمایاں اثر ایشیا میں دکھائی دیتا ہے۔ یہ براعظم دنیا کی بڑی آبادی اہم منڈیوں قدرتی وسائل اور تجارتی راستوں کا مرکز ہے۔ چین نے اپنی جغرافیائی حیثیت اور معاشی استعداد کو بروئے کار لاتے ہوئے ایشیائی ممالک کے ساتھ تجارت سرمایہ کاری اور رابطہ کاری کے تعلقات بڑھائے ہیں۔ شاہراہوں بندرگاہوں ریلوے اور توانائی کے منصوبوں نے کئی ممالک کو ایک دوسرے کے قریب لانے میں کردار ادا کیا ہے۔ اس عمل نے ایشیا میں معاشی روابط کے ایک ایسے دور کو جنم دیا ہے جس میں علاقائی تعاون کی اہمیت پہلے سے کہیں بڑھ گئی ہے۔

پاکستان کے لیے چین کا یہ کردار خاص اہمیت رکھتا ہے۔ دونوں ممالک کے تعلقات طویل عرصے سے سیاسی اور سفارتی بنیادوں پر مضبوط رہے ہیں مگر اقتصادی تعاون نے اس دوستی کو عملی ترقی کے امکانات سے جوڑ دیا ہے۔ چین پاکستان اقتصادی راہداری اسی تعاون کا اہم منصوبہ ہے۔ توانائی بنیادی ڈھانچے اور رابطہ کاری کے شعبوں میں اس کے ذریعے پاکستان کے لیے ترقی اور علاقائی تجارت کے نئے راستے کھل سکتے ہیں۔ تاہم ان امکانات کو پائیدار معاشی فائدے میں تبدیل کرنے کے لیے پاکستان کو برآمدات بڑھانے مقامی صنعت کو مضبوط کرنے اور سرمایہ کاری کے لیے بہتر ماحول پیدا کرنے کی ضرورت ہے۔

چین نے عالمی اثر و رسوخ کے لیے طاقت کے روایتی ذرائع کے بجائے معاشی قوت کو بھی ایک موثر وسیلہ بنایا ہے۔ تجارت نے اس کے سفارتی روابط کو وسعت دی۔ صنعتی پیداوار نے اس کی اقتصادی بنیاد مضبوط کی اور تحقیق و ٹیکنالوجی نے اسے مستقبل کی معیشت کے اہم میدانوں میں نمایاں مقام دیا۔ آج چین کی طاقت کا ایک بڑا اظہار عالمی منڈیوں صنعتی مراکز تحقیقی اداروں اور جدید ٹیکنالوجی میں نظر آتا ہے۔ یہی معاشی اثر و رسوخ ہے جو کسی ملک کو خاموشی سے عالمی فیصلوں کے قریب لے جاتا ہے۔

چین کی کامیابی پاکستان اور دوسرے ترقی پذیر ممالک کے لیے بھی قابل غور ہے۔ وسائل بہت سے ملکوں کے پاس ہیں مگر انہیں قومی طاقت میں تبدیل کرنے کے لیے واضح سمت مستقل پالیسی اور عملی نظم درکار ہوتا ہے۔ چین نے اپنی بڑی آبادی کو بوجھ سمجھنے کے بجائے اسے معاشی ترقی کا ذریعہ بنایا۔ تعلیم ہنر صنعت اور بنیادی ڈھانچے پر مسلسل توجہ نے اس کی پیداواری صلاحیت میں اضافہ کیا۔ یہی وہ پہلو ہے جس سے پاکستان سمیت ترقی پذیر ممالک یہ سبق حاصل کر سکتے ہیں کہ معاشی ترقی کسی مختصر مدت کی مہم سے نہیں بل کہ مستقل قومی ترجیحات سے وجود میں آتی ہے۔

چین کی ترقی یہ حقیقت بھی واضح کرتی ہے کہ کسی ملک کی اصل دولت صرف سرمایہ نہیں بل کہ اس کے انسان علم ہنر اور تخلیقی صلاحیت ہیں۔ چین نے سائنس اور ٹیکنالوجی کو قومی ترقی کے مرکزی دھارے میں شامل کیا۔ مصنوعی ذہانت جدید صنعت برقی گاڑیاں مواصلاتی ٹیکنالوجی اور خلائی تحقیق میں اس کی پیش رفت اس بات کا ثبوت ہے کہ مستقبل کی معیشت میں علم اور تحقیق کی اہمیت کس قدر بڑھ چکی ہے۔ جو ممالک نئی ٹیکنالوجی میں سرمایہ کاری کریں گے وہ آنے والے عالمی معاشی نظام میں زیادہ مؤثر مقام حاصل کرسکیں گے۔

ایشیا کے لیے چین کا معاشی عروج اس لیے بھی اہم ہے کہ اس کے اثرات تجارت سے آگے بڑھ کر علاقائی رابطہ کاری اور ترقی کے امکانات تک پہنچ رہے ہیں۔ چین اور ایشیا کے دوسرے ممالک کے درمیان بڑھتے ہوئے اقتصادی روابط نے نئی منڈیوں تک رسائی کے امکانات پیدا کیے ہیں۔ پاکستان بھی اس تبدیلی سے فائدہ اٹھا سکتا ہے۔ اگر پاکستان اپنی پیداواری صلاحیت بہتر کرے اپنی برآمدات میں اضافہ کرے اور اپنے جغرافیائی محل وقوع کو تجارتی رابطے میں تبدیل کرے تو چین کے ساتھ شراکت داری محض دو طرفہ تعلقات تک محدود نہیں رہے گی بل کہ پاکستان کو وسیع علاقائی معاشی سرگرمی کا حصہ بنا سکتی ہے۔

چین نے دنیا کو یہ پیغام دیا ہے کہ عالمی قوت کا راستہ ہمیشہ میدان جنگ سے نہیں گزرتا۔ مضبوط معیشت پائیدار صنعت وسیع تجارت تحقیق اور ٹیکنالوجی بھی کسی ملک کے اثر و رسوخ کو غیر معمولی حد تک بڑھا سکتی ہے۔ چین نے اسی راستے کو اختیار کیا اور اپنی معاشی قوت کو بتدریج عالمی اثر میں تبدیل کیا۔ اس کا تجربہ اس بات کی مثال ہے کہ طویل المدت سوچ اور مسلسل عمل کس طرح ایک ملک کی عالمی حیثیت بدل سکتے ہیں۔

آج چین عالمی معیشت کی ایک بڑی حقیقت ہے اور اس کا اثر ایشیا کے معاشی نقشے پر بھی واضح طور پر دکھائی دیتا ہے۔ اس کا عروج صرف ایک ملک کی کامیابی نہیں بل کہ اس نئے عالمی دور کی علامت ہے جس میں معیشت علم ٹیکنالوجی اور تجارت طاقت کے اہم پیمانے بن چکے ہیں۔ پاکستان کے لیے اس تبدیلی کا مطلب صرف چین کے ساتھ تعلقات کو مزید مضبوط کرنا نہیں بل کہ اپنے معاشی امکانات کو بھی حقیقت میں تبدیل کرنا ہے۔ چین نے اپنے وسائل اپنی افرادی قوت اور اپنی جغرافیائی حیثیت کو ترقی کے راستے میں استعمال کیا۔ اب پاکستان کے لیے بھی وقت ہے کہ وہ اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لائے اور بدلتی ہوئی عالمی معیشت میں ایک فعال اور باوقار مقام حاصل کرے۔

کیا روبوٹ نوکریاں لے جائیں گے؟

تحریر: انجینئر بخت سید یوسفزئی

ذرا تصور کریں کہ آپ ایک ایسی فارمیسی میں داخل ہوں جہاں ادویات ترتیب دینے والا، سامان اٹھانے والا اور اسٹور روم سے مطلوبہ چیز لانے والا انسان نہیں بلکہ ایک انسان نما روبوٹ ہو۔ یا ایک ایسے گودام کا تصور کریں جہاں درجنوں ذہین مشینیں بغیر تھکے مسلسل کام کر رہی ہوں، راستہ خود تلاش کر رہی ہوں اور بدلتے حالات کے مطابق اپنے فیصلے کر رہی ہوں۔ یہ اب کسی سائنس فکشن فلم کا منظر نہیں، بلکہ حقیقی دنیا تیزی سے اسی سمت بڑھ رہی ہے۔

انسان نما روبوٹ اب صرف تجربہ گاہوں میں کھڑے دکھائی دینے والے نمونے نہیں رہے۔ گال بوٹ جی ون جیسے روبوٹس کو حقیقی دنیا کے کاموں کے لیے تربیت دی جا رہی ہے، جہاں انہیں اشیا اٹھانے، منتقل کرنے، ترتیب دینے اور مختلف ماحول میں عملی ذمہ داریاں انجام دینے کے قابل بنایا جا رہا ہے۔ اصل حیرت صرف روبوٹ کا چلنا پھرنا نہیں، بلکہ یہ ہے کہ وہ مسلسل مشق کے ذریعے نئے کام سیکھنے کے قابل ہو رہے ہیں۔

یہ تبدیلی اتنی تیزی سے کیوں آ رہی ہے؟ اس کی ایک بڑی وجہ مصنوعی ذہانت اور روبوٹکس کا وہ امتزاج ہے جسے اب جسمانی مصنوعی ذہانت کہا جا رہا ہے۔ یعنی ایسی مصنوعی ذہانت جو صرف اسکرین پر جواب نہیں دیتی بلکہ حقیقی دنیا کو دیکھتی، سمجھتی، اس میں حرکت کرتی اور اپنے جسم کے ذریعے کام انجام دیتی ہے۔

روایتی روبوٹ عموماً ایک مخصوص کام کے لیے بنائے جاتے تھے، لیکن نئی نسل کے روبوٹس کو زیادہ عمومی صلاحیتیں دینے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ وہ مختلف اشیا کو پہچان سکتے ہیں، ماحول کا جائزہ لے سکتے ہیں، ہدایات سمجھ سکتے ہیں اور حالات کے مطابق اپنی حرکت تبدیل کر سکتے ہیں۔

اس ترقی کا ایک اہم راز مجازی تربیت ہے۔ جدید کمپیوٹنگ نظام روبوٹ کے لیے ایسی مصنوعی دنیا بنا سکتے ہیں جہاں وہ حقیقی دنیا میں جانے سے پہلے بے شمار مرتبہ مختلف کاموں کی مشق کرتے ہیں۔ یوں روبوٹ چند گھنٹوں یا دنوں میں ایسی تربیت حاصل کر سکتا ہے جس کے لیے حقیقی ماحول میں کئی گنا زیادہ وقت درکار رہتا۔

این ویڈیا کے آئیزک جم اور جی آراواوٹی جیسے نظام اسی تصور کو آگے بڑھاتے ہیں۔ ان مجازی ماحول میں روبوٹ چلنے، چیز پکڑنے، راستہ تلاش کرنے، رکاوٹوں سے بچنے اور مختلف کام مکمل کرنے کی مشق کر سکتے ہیں۔ مجازی دنیا میں ناکامی بھی سیکھنے کا ایک ذریعہ بن جاتی ہے۔ اگر روبوٹ کوئی چیز غلط انداز میں پکڑ لے یا کسی رکاوٹ سے ٹکرا جائے تو حقیقی دنیا کی طرح نقصان نہیں ہوتا۔ وہ دوبارہ کوشش کرتا ہے، اپنی حرکت تبدیل کرتا ہے اور بہتر طریقہ سیکھتا ہے۔ اسی عمل کو بے شمار مرتبہ دہرانا روبوٹ کی تربیت کو غیر معمولی رفتار دے سکتا ہے۔

اسی لیے جسمانی مصنوعی ذہانت کی ترقی آج پہلے کے مقابلے میں کہیں زیادہ تیز دکھائی دے رہی ہے۔ طاقتور کمپیوٹر، جدید سینسرز، کیمرے، مصنوعی ذہانت کے ماڈلز اور مجازی تربیتی نظام ایک ساتھ مل کر روبوٹکس کی دنیا کو تیزی سے بدل رہے ہیں۔

نیورا روبوٹکس کے چیف ایگزیکٹو ڈیوڈ ریگر بھی جسمانی مصنوعی ذہانت کی تیز رفتار ترقی اور مستقبل میں جسمانی کام کی بدلتی ہوئی نوعیت پر بات کر چکے ہیں۔ ان خیالات سے اندازہ ہوتا ہے کہ روبوٹ اب صرف کارخانوں کی مشینیں نہیں رہیں گے بلکہ روزمرہ زندگی کے کئی ایسے شعبوں میں داخل ہو سکتے ہیں جہاں آج انسان کام کرتے ہیں۔

فارمیسی اس تبدیلی کی ایک مثال ہو سکتی ہے۔ روبوٹ ادویات کو ترتیب دینے، سامان منتقل کرنے، اسٹاک کی نگرانی اور دیگر معاون کاموں میں مدد کر سکتے ہیں۔ اس طرح انسانی کارکن اپنا وقت ایسے کاموں پر زیادہ صرف کر سکتے ہیں جن میں تجربہ، فیصلہ سازی اور مریضوں یا صارفین سے براہ راست رابطہ ضروری ہوتا ہے۔

کارخانوں میں بھی روبوٹ کا کردار مزید وسیع ہو سکتا ہے۔ بھاری سامان اٹھانا، بار بار ایک ہی حرکت کرنا یا خطرناک ماحول میں کام کرنا ایسے شعبے ہیں جہاں روبوٹ انسانی کارکنوں کی مدد کر سکتے ہیں۔ اس سے بعض خطرناک کاموں میں انسانوں کے براہ راست داخل ہونے کی ضرورت کم ہو سکتی ہے۔

گوداموں میں بھی یہ تبدیلی نمایاں ہو سکتی ہے۔ ذہین روبوٹ سامان تلاش کرنے، اٹھانے اور ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کرنے کے ساتھ ساتھ بدلتے ہوئے ماحول میں راستہ بھی تلاش کر سکتے ہیں۔ اگر ایک ہی روبوٹ کئی مختلف کام کر سکے تو کاروباری اداروں کے لیے خودکاری کے نئے امکانات پیدا ہوں گے۔

دکانیں بھی اس تبدیلی سے باہر نہیں رہیں گی۔ مستقبل میں روبوٹ اسٹاک ترتیب دینے، سامان منتقل کرنے اور دکان کے مختلف معاون کام انجام دینے میں استعمال ہو سکتے ہیں۔ تاہم صارف سے بات چیت، اعتماد قائم کرنا اور پیچیدہ انسانی معاملات میں فیصلہ کرنا اب بھی انسانی کردار کو اہم رکھ سکتا ہے۔

لیکن یہاں ایک بہت بڑا سوال سامنے آتا ہے۔ اگر روبوٹ یہ سب کام کر سکتے ہیں تو انسانوں کا کیا ہوگا؟ یہی وہ سوال ہے جس پر آنے والے برسوں میں دنیا بھر میں سب سے زیادہ بحث ہونے کا امکان ہے۔

فارمیسی کارکنوں سے لے کر فیکٹری ملازمین، گودام کے عملے، ترسیلی کارکنوں اور سیلز کے شعبے سے وابستہ افراد تک، بہت سے جسمانی کام ٹیکنالوجی کی وجہ سے تبدیل ہو سکتے ہیں۔ ضروری نہیں کہ ہر ملازمت مکمل طور پر ختم ہو جائے، لیکن اس ملازمت کو انجام دینے کا طریقہ ضرور بدل سکتا ہے۔

دوسری طرف نئی ٹیکنالوجی نئی ملازمتیں بھی پیدا کر سکتی ہے۔ روبوٹ کو چلانے، تربیت دینے، ان کی نگرانی کرنے، خرابی دور کرنے، سافٹ ویئر اپ ڈیٹ کرنے اور ان کی کارکردگی بہتر بنانے کے لیے ایسے افراد درکار ہوں گے جو مشین اور انسان دونوں کو سمجھتے ہوں۔

پاکستان کے لیے یہ سوال مزید اہم ہو جاتا ہے۔ ملک کی بڑی افرادی قوت صنعت، گوداموں، دکانوں، ترسیل، تعمیرات اور دیگر جسمانی شعبوں سے وابستہ ہے۔ اگر دنیا میں خودکار مشینوں کا استعمال تیزی سے بڑھتا ہے تو پاکستانی کارکنوں کو بھی بدلتی ہوئی ضروریات کے مطابق نئی مہارتیں حاصل کرنا ہوں گی۔

خاص طور پر نوجوانوں کے لیے مستقبل کا راستہ صرف یہ نہیں کہ وہ روبوٹ سے مقابلہ کریں، بلکہ یہ بھی ہے کہ وہ روبوٹ کو استعمال کرنا سیکھیں۔ جو شخص ذہین مشین کو چلانا، اس کی کارکردگی جانچنا اور اسے درست طریقے سے ہدایات دینا جانتا ہوگا، اس کی مہارت آنے والے وقت میں زیادہ اہم ہو سکتی ہے۔

ایک عام گودام کارکن کی مثال لیجیے۔ آج وہ سامان اٹھانے اور منتقل کرنے کا کام کرتا ہے، لیکن کل وہی شخص روبوٹک نظام کی نگرانی، مشینوں کی بنیادی دیکھ بھال یا خودکار گودام کے انتظام کی ذمہ داری سنبھال سکتا ہے۔ اس تبدیلی کے لیے بنیادی تعلیم کے ساتھ عملی اور تکنیکی تربیت ضروری ہوگی۔

تعلیمی اور فنی اداروں کو بھی اس تبدیلی کے لیے تیار ہونا ہوگا۔ روبوٹکس، مصنوعی ذہانت، خودکار نظام، سینسرز، مشین مینٹیننس اور صنعتی سافٹ ویئر جیسے شعبوں میں تربیت نوجوانوں کے لیے نئے مواقع پیدا کر سکتی ہے۔

لیکن اگر ٹیکنالوجی بہت تیزی سے آگے بڑھے اور انسانی مہارتیں اسی رفتار سے نہ بڑھ سکیں تو معاشرے میں معاشی فرق بھی بڑھ سکتا ہے۔ کچھ لوگ نئی ٹیکنالوجی سے فائدہ اٹھائیں گے جبکہ وہ افراد جو نئی مہارتیں حاصل نہیں کر پائیں گے، ان کے لیے روزگار کے مواقع محدود ہو سکتے ہیں۔

اسی لیے مستقبل کی اصل تیاری صرف روبوٹ خریدنے میں نہیں بلکہ انسانوں کو تیار کرنے میں ہے۔ حکومتوں، کاروباری اداروں اور تعلیمی اداروں کو ایسے تربیتی نظام بنانے ہوں گے جو کارکنوں کو نئی مشینوں کے ساتھ کام کرنے کے قابل بنائیں۔

شاید آنے والے دور کا کامیاب کارکن وہ نہیں ہوگا جو روبوٹ سے زیادہ طاقتور ہو، بلکہ وہ ہوگا جو روبوٹ کو بہتر انداز میں استعمال کرنا جانتا ہو۔ انسانی تخلیقی صلاحیت، فیصلہ سازی، رابطے کی مہارت، اخلاقی سمجھ اور پیچیدہ حالات کو سمجھنے کی صلاحیت اب بھی انتہائی اہم رہ سکتی ہے۔

دنیا ایک ایسے دور میں داخل ہو رہی ہے جہاں مصنوعی ذہانت صرف کمپیوٹر اسکرین کے اندر محدود نہیں رہے گی بلکہ روبوٹس کے جسم کے ذریعے حقیقی دنیا میں حرکت کرے گی۔ مستقبل شاید انسان بمقابلہ روبوٹ کی جنگ نہ ہو، بلکہ انسان اور مشین کے درمیان ایک نئے تعاون کا دور ہو۔ اصل کامیابی ان لوگوں کے ہاتھ میں ہو سکتی ہے جو ذہین مشینوں کو سمجھیں گے، انہیں سکھائیں گے، ان پر قابو رکھیں گے اور ان کی طاقت کو انسانی ضرورت کے مطابق استعمال کرنا جانیں گے۔

ضرورت سے ضروری تک۔

تحریر: علیشا بگٹی۔

عہدِ قدیم کے شہر کورنتھ میں سکندرِ اعظم کو خبر ملی کہ شہر کے بازار کے ایک کونے میں ایک فلسفی دھوپ سینک رہا ہے۔ اس کے پاس ایک پرانا مٹکا تھا اور بس۔ نام تھا ڈایوجینیز۔ آدھی دنیا کا فاتح گھوڑے سے اترا اور پوچھا، مانگو، جو چاہتے ہو۔ فلسفی نے آنکھیں کھولیں اور کہا، بس ذرا ایک طرف ہٹ جا، تم میری دھوپ روک رہے ہو۔ پلوٹارک لکھتا ہے کہ واپسی پر سکندر کے درباری ہنس رہے تھے، مگر سکندر خاموش تھا۔ پھر اس نے کہا، اگر میں سکندر نہ ہوتا تو ڈایوجینیز ہونا پسند کرتا۔ کچھ برس بعد دنیا فتح کرنے والا سکندر بابل میں صرف تینتیس برس کی عمر میں بخار سے مر گیا۔ جس شخص نے آدھی دنیا فتح کر لی تھی، آخر کار اسے اتنی زمین بھی نہ ملی جتنی میں مٹکے والا فلسفی بے فکری سے لیٹا تھا۔

اس قصے میں ایک ایسا سوال چھپا ہے جو ایک نہ ایک دن ہر انسان کو گھیر لیتا ہے۔ ہمیں اصل میں کیا چاہیے؟ یہ سوال بظاہر سادہ ہے، مگر انسانی زندگی، تہذیب، معیشت، نفسیات اور فلسفے کا بڑا حصہ اسی ایک سوال کے گرد گھومتا ہے۔

ضرورت قدرت طے کرتی ہے، دھوپ، ہوا، موسم، درجہ حرارت، روٹی، پانی، لباس، چھت، صحت اور ایک محبت بھرا رشتہ۔ جبکہ خواہش، بازار، معاشرہ اور ہماری اپنی نفسیات پیدا کرتے ہیں، اور خواہش کی کوئی آخری حد نہیں۔ لیکن ان دونوں کے درمیان ایک تیسری اور زیادہ گہری چیز موجود ہے، ضروری۔ وہ چیز جس کے بغیر زندگی رکتی تو نہیں، مگر زندگی کی روح، وقار، مقصد اور معنی کمزور پڑ جاتے ہیں۔

انسان کی پوری تاریخ دراصل ضرورت سے ضروری تک پہنچنے کی ایک پیچیدہ داستان ہے۔ ابتدائی انسان کو بھوک سے بچنے کے لیے خوراک چاہیے تھی، سردی سے بچنے کے لیے لباس اور جنگلی جانوروں سے بچنے کے لیے پناہ۔ پھر ضرورت نے سہولت کو جنم دیا، سہولت نے خواہش پیدا کی، خواہش عادت بنی اور عادت نے ایک دن مطالبے کی شکل اختیار کر لی۔ پھر انسان نے اپنی خواہشوں کو ضرورت سمجھنا شروع کر دیا۔ یہی وہ مقام ہے جہاں اصل المیہ پیدا ہوتا ہے۔

ضرورت کہتی ہے، مجھے اتنا چاہیے جتنا زندگی کے لیے کافی ہے۔ خواہش کہتی ہے، مجھے اس سے زیادہ چاہیے۔ دکھاوا اور انا کہتی ہے، مجھے دوسروں سے زیادہ چاہیے۔ یہاں سے انسان ضرورت کا مالک نہیں رہتا، ضرورت انسان کی مالک بن جاتی ہے۔ غالب نے اسی بے انتہا خواہش کو ایک شعر میں پوری انسانی نفسیات بنا دیا۔

ہزاروں خواہشیں ایسی کہ ہر خواہش پہ دم نکلے
بہت نکلے مرے ارمان لیکن پھر بھی کم نکلے

ایک خواہش پوری ہوتی ہے تو دوسری پیدا ہو جاتی ہے، پھر تیسری، پھر چوتھی۔ انسان ایک دن پیچھے مڑ کر دیکھتا ہے تو اسے احساس ہوتا ہے کہ اس نے زندگی گزاری نہیں، خواہشوں کی ایک ایسی فہرست مکمل کرنے کی کوشش کی ہے جو کبھی مکمل ہی نہیں ہوئی۔

ولیم بلیک نے بھی اسی انسانی کیفیت کی طرف اشارہ کیا تھا کہ انسان کو کافی کا اندازہ اس وقت ہوتا ہے جب اسے ضرورت سے زیادہ کا شعور ہو جائے۔ مسئلہ یہ ہے کہ جدید انسان کو ضرورت سے زیادہ کی کوئی آخری حد دکھائی نہیں دیتی۔

افلاطون نے ریاست میں سقراط کے ذریعے ایک صحت مند شہر کا تصور پیش کیا، جہاں روٹی، کپڑا، گھر اور سادہ زندگی کافی تھی۔ گلاکن نے اعتراض کیا کہ یہ تو سوروں کا شہر ہے۔ اسے عیش، خوشبو، مٹھائیاں اور آسائشیں چاہییں تھیں۔ چنانچہ سقراط نے ایک ایسا بخار زدہ شہر تصور کیا جو خواہشوں سے پھیلتا چلا گیا اور پھر اسے فوج، جنگ، قانون، جج اور محافظ درکار ہونے لگے۔ اڑھائی ہزار سال گزر گئے، مگر انسان آج بھی اسی بخار کی نئی شکلوں میں مبتلا ہے۔

نفسیات اسے Hedonic Adaptation کہتی ہے۔ انسان نئی آسائش کا عادی ہو جاتا ہے اور کچھ عرصے بعد وہ آسائش اسے خوشی نہیں دیتی بلکہ اس کی نئی معمول بن جاتی ہے۔ کل موبائل ضرورت تھا، آج جدید ترین موبائل ضرورت محسوس ہوتا ہے۔ کل گاڑی سہولت تھی، آج بڑی گاڑی سماجی مرتبے کی علامت بن جاتی ہے۔ کل گھر پناہ تھا، آج گھر حیثیت، نمائش اور شناخت کا نشان بن جاتا ہے۔ یوں مسئلہ چیزوں کا نہیں رہتا، شناخت کا بن جاتا ہے۔ جس چیز کے ساتھ انسان اپنی شناخت جوڑ لیتا ہے، اسے چھوڑنا اسے اپنی ذات کا ایک حصہ چھوڑنے کے برابر محسوس ہوتا ہے۔ اسی لیے بعض لوگ غربت سے زیادہ سادگی سے ڈرتے ہیں۔ غربت انسان سے چیزیں چھینتی ہے، مگر سادگی کبھی کبھی وہ جھوٹی شناخت بھی چھین لیتی ہے جسے انسان نے برسوں محنت سے تعمیر کیا ہوتا ہے۔

ہم آزادی چاہتے ہیں مگر اپنی خواہشوں کے غلام بن جاتے ہیں۔ ہم سکون چاہتے ہیں مگر سکون خریدنے کے لیے اپنی زندگی بیچ دیتے ہیں۔ ہم وقت بچانا چاہتے ہیں مگر وقت بچانے والی سہولتیں خریدنے کے لیے مزید وقت کام کرتے ہیں۔ ہم خوشی چاہتے ہیں مگر اسے اشیا، لوگوں اور حالات کے ساتھ باندھ دیتے ہیں۔ ہم دوسروں سے ممتاز ہونا چاہتے ہیں اور پھر دوسروں ہی کی نگاہوں کے قیدی بن جاتے ہیں۔

یہی وجہ ہے کہ ہر وہ چیز جو ہمیں چاہیے، ضروری نہیں کہ وہ ہمارے لیے ضروری بھی ہو۔ ورزش مشکل ہے، مگر صحت کے لیے ضروری ہے۔ سچ بولنا مشکل ہے، مگر کردار کے لیے ضروری ہے۔ معافی مشکل ہے، مگر روح کے لیے ضروری ہو سکتی ہے۔ علم حاصل کرنا مشکل ہے، مگر ذہنی آزادی کے لیے ضروری ہے۔ اپنی غلطی تسلیم کرنا انا کے لیے تکلیف دہ ہے، مگر شخصیت کی تعمیر کے لیے ضروری ہے۔ بعض اوقات خاموش رہنا مشکل ہوتا ہے، مگر حکمت کے لیے ضروری ہوتا ہے۔ یہاں ضرورت اور ضروری کا فرق سامنے آتا ہے۔ ضرورت وہ ہے جس کے بغیر زندگی رک سکتی ہے؛ ضروری وہ ہے جس کے بغیر زندگی چل تو سکتی ہے، مگر شاید زندگی، زندگی نہ رہے۔ ایک انسان کے پاس روٹی ہو سکتی ہے مگر عزت نہ ہو۔ گھر ہو سکتا ہے مگر سکون نہ ہو۔ دولت ہو سکتی ہے مگر مقصد نہ ہو۔ دوست بہت ہو سکتے ہیں مگر ایک مخلص انسان نہ ہو۔ علم بہت ہو سکتا ہے مگر حکمت نہ ہو۔ عمر بہت ہو سکتی ہے مگر زندگی کم۔

اسلام اسی مقام پر انسان کو ایک متوازن راستہ دکھاتا ہے۔ قرآن کہتا ہے۔ کھاؤ اور پیو، مگر اسراف نہ کرو۔ یہ صرف کھانے پینے کا اصول نہیں بلکہ پوری انسانی تہذیب کے لیے ایک اخلاقی قانون ہے۔ اسلام ترک دنیا نہیں سکھاتا، بلکہ دنیا کو دل کا مالک بنانے سے روکتا ہے۔ قرآن کہتا ہے کہ اللہ نے جو کچھ تمہیں دیا ہے اس سے آخرت کا گھر تلاش کرو، اور دنیا میں اپنا حصہ نہ بھولو۔ یعنی مسئلہ دنیا کا ہونا نہیں، مسئلہ دنیا کا انسان پر غالب آ جانا ہے۔ دولت حاصل کرو، مگر دولت کو اپنی شناخت نہ بنا۔ اقتدار ملے تو اسے خدمت بنا، ملکیت نہیں۔ علم حاصل کرو تو تکبر نہیں، بصیرت پیدا ہو۔ زندگی ملے تو صرف لمبی نہ ہو، بامعنی بھی ہو۔

انسان کی خواہش صرف اس وقت خطرناک بنتی ہے جب وہ ضرورت کا لباس پہن لیتی ہے۔ حرص ہمیشہ مزید کے لفظ سے شروع ہوتی ہے۔ مزید دولت، مزید اختیار، مزید شہرت، مزید تعریف، مزید آسائش، مزید اثر و رسوخ۔ پھر انسان کے پاس جتنا بڑھتا جاتا ہے، اس کا خوف بھی اتنا ہی بڑھتا جاتا ہے کہ کہیں یہ سب کم نہ ہو جائے۔

قدرت کا قانون اس کے برعکس ہے۔ درخت اپنی ضرورت سے زیادہ پھل اپنے لیے نہیں کھاتا۔ دریا اپنی ضرورت سے زیادہ پانی اپنے پاس نہیں رکھتا۔ بادل پانی جمع کرتے ہیں مگر آخر کار برسات بن کر زمین کو واپس کر دیتے ہیں۔ صرف انسان ایسا جانور ہے جو اپنی ضرورت سے کئی گنا زیادہ جمع کر کے بھی خود کو غیر محفوظ سمجھتا ہے۔ یہ خوف کہاں سے آتا ہے؟ اکثر طاقت کا مظاہرہ کرنے والا طاقتور نہیں ہوتا، کبھی کبھی وہ اپنی اندرونی کمزوری چھپا رہا ہوتا ہے۔

پانی نرم ہے مگر چٹان کو کاٹ دیتا ہے، جھکتا ہے مگر اپنا راستہ بنا لیتا ہے۔ قدرت ہمیں بتاتی ہے کہ طاقت ہمیشہ سختی کا نام نہیں۔ درخت جتنا پھل دار ہوتا ہے، اتنا جھکتا ہے۔ پانی جتنا گہرا ہوتا ہے، اتنا خاموش ہوتا ہے۔ اور انسان جتنا بڑا ہوتا ہے، اتنی ہی کم چیزوں سے اپنی بڑائی ثابت کرنے کی ضرورت محسوس کرتا ہے۔ اسی لیے انسان کی اصل قدر صرف ان چیزوں سے متعین نہیں ہوتی جو اس کے پاس موجود ہیں، بلکہ ان چیزوں سے بھی ہوتی ہے جن کا وہ محتاج نہیں رہا۔

خلیل جبران نے محبت، آزادی اور انسانی رشتوں کے بارے میں جس حکمت سے بات کی، اس کا بنیادی اصول بھی یہی ہے کہ محبت ملکیت نہیں ہونی چاہیے۔ جس چیز کو ہم مضبوطی سے پکڑ کر رکھتے ہیں، کبھی کبھی وہی چیز ہمیں پکڑ لیتی ہے۔ یہ اصول صرف محبت پر نہیں بلکہ دولت، شہرت، عہدے، اقتدار اور خواہشات پر بھی لاگو ہوتا ہے۔

تاریخ کی بڑی جنگوں میں صرف نظریات نہیں لڑتے، زمین، وسائل، تجارت، اقتدار، خوف اور انسانی خواہشیں بھی ان کے پیچھے موجود ہوتی ہیں۔ تہذیبیں کبھی بیرونی دشمنوں سے کم اور اپنی اندرونی حرص سے زیادہ کمزور ہوتی ہیں۔ جب خواہش اجتماعی نفسیات بن جائے تو بازار صرف چیزیں نہیں بیچتا، وہ خواہشیں بھی پیدا کرتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ آج کا سب سے بڑا بحران شاید قلت کا نہیں، قدر کی گمشدگی کا بحران ہے۔ ہم نے تقریباً ہر چیز کی قیمت معلوم کر لی، مگر قدر بھول گئے۔ وقت کی رفتار کو پیسوں میں ناپ لیا، تعلیم کی افادیت کو ڈگری میں، انسان کو عہدے میں، محبت کو فائدے میں، کامیابی کو شہرت میں اور زندگی کو بینک بیلنس میں۔ حالانکہ قیمت بازار طے کرتا ہے اور قدر انسان۔ قیمت بدل سکتی ہے، مگر قدر اگر اصول بن جائے تو نسلوں تک قائم رہتی ہے۔

اسی لیے اچھی زندگی کا مطلب صرف زیادہ مال و دولت حاصل کرنا نہیں۔ اچھی زندگی اعتدال، کردار، فضیلت، تعلق، مقصد اور اندرونی آزادی کا نام ہے۔ سادگی کا مطلب غربت نہیں؛ سادگی کا مطلب یہ جاننا ہے کہ کہاں بس کہنا ہے۔ قناعت کا مطلب ترقی سے انکار نہیں؛ قناعت کا مطلب ترقی کے ساتھ اپنی روح کو گروی نہ رکھنا ہے۔

سوال یہ نہیں کہ انسان کے پاس کتنا ہے۔ اصل سوال یہ ہے کہ انسان کو کتنے کی ضرورت ہے اور کتنے کا وہ غلام بن چکا ہے۔ خواہش، محرومی اور بے بسی انسانی دکھ کی بڑی جڑیں ہیں، مگر خواہش کا علاج خواہش کو ختم کرنا نہیں، اسے سمجھنا ہے۔ انسان کو خواہش چاہیے تاکہ وہ آگے بڑھے، مگر شعور چاہیے تاکہ خواہش اسے اپنے ساتھ نہ بہا لے جائے۔ جس دن انسان کو یہ معلوم ہو جائے کہ اسے واقعی کیا چاہیے، اسی دن اس کی آدھی غلامی ختم ہو جاتی ہے۔

زندگی کا سب سے بڑا سوال شاید یہ نہیں کہ میرے پاس کیا ہے؟ بلکہ یہ ہے۔ مجھے حقیقتاً کس چیز کی ضرورت ہے؟ کیونکہ ضرورت کے بعد خواہش آتی ہے، خواہش کے بعد حرص، حرص کے بعد مقابلہ، مقابلے کے بعد غلامی۔ لیکن شعور وہاں سے شروع ہوتا ہے، جہاں انسان پہلی بار اپنے آپ سے کہتا ہے۔

یہ مجھے چاہیے ضرور، مگر یہ میرے لیے ضروری نہیں۔ یہ محض ایک جملہ نہیں، انسانی آزادی کا اعلان ہے۔ اور شاید اسی لمحے انسان چیزوں کا مالک بننے سے آگے بڑھ کر اپنی ذات کا مالک بن جاتا ہے۔

اداراتی صفحے پر شائع ہونے والے کالم اور مضامین کالم اور مضمون نگاروں کی ذاتی آراء ہیں ادارے کا ان کے مندرجات سے متفق ہونا ضروری نہیں۔ ادارہ

sports

Baakhabar

آل پاکستان چیف منسٹر بلوچستان فٹبال گولڈ کپ 2026ء

مسلم کلب، دوستان ٹانک، اے کے ایف سی، بلوچ کلب کوئٹہ، ینگ خروٹ آباد، افغان سپورٹس، افغان چمن نے پری کوارٹر جگہ بنا لی

سردار یار محمد بڑیچ ریلوئے فٹبال گراؤنڈ کے دوسرے میچ کا فیصلہ نہ ہوسکا۔ آج ٹورنامنٹ کے سلسلے میں مختلف گراؤنڈ پر میچز کھیلے جاہیں گے

کوئٹہ۔(ایم اخلاص سے) حکومت بلوچستان و محکمہ کھیل کے تعاون سے BFA زیر اہتمام چھٹا آل پاکستان چیف منسٹر بلوچستان گولڈ کپ فٹبال ٹورنامنٹ 2026ء ناک آوٹ مرحلے کے سلسلے کا مختلف گراؤنڈ پر کھیلے گئے۔ (گراؤنڈ نمبر 1 ایوب اسٹیڈیم) کے سبزہ زار پر تین شاندار میچ کھیلے گئے۔ پہلا میچ مسلم فٹبال کلب چمن بمقابلہ ایس کے بی فٹبال کلب کی ٹیموں کے درمیان کھیلا گیا۔ کھیل پہلے ہاف میں مسلم کلب۔ چمن کے اسٹرائیکر جمیل احمد نے گول کر کے اپنی ٹیم کو برتری دلائی۔ وقفے مقابلہ ایک صفر رہا۔ وقفے کے بعد دوسرے ہاف کے شروع ہوتے ہی مسلم کلب کے کھلاڑیوں نے پوزیشن مستحکم کرنے کرنے کے لیے جدو جہد تیز کردی۔ اور جہاں مسلم کلب کے اسٹرائیکر مشرف کو ایک ملا۔ جھوں نے گول میں تبدیل کرتے ہوئے اپنی ٹیم کو برتری دلائی۔ اس طرح یہ میچ مسلم کلب چمن نے صفر کے میں 2 گول سے جیت کر پر کوارٹر فائنل کے لیے کوالیفائی کر لیا۔ دوسرا میچ دوستان آتش کلب ٹانک بمقابلہ پاک ایجوکیٹر کلب کی ٹیموں کے درمیان کھیلا گیا۔ اس طرح یہ میچ دوستان آتش کلب ٹانک نے 2 کے مقابلے میں 3 گول سے جیت کر پر کوارٹر فائنل کے لیے کوالیفائی کر لیا۔ تیسرا میچ ڈے نائٹ میچ اے کے ایف سی کوئٹہ بمقابلہ شہید عثمان فٹبال کلب کوئٹہ کی ٹیموں کے درمیان کھیلا گیا۔ اس طرح یہ میچ اے کے ایف سی کوئٹہ نے صفر کے مقابلے میں ایک گول سے جیت کر پری کوارٹر فائنل کیلئے کوالیفائی کرلیا۔ (گراؤنڈ نمبر 2 سردار یار محمد بڑیچ ریلوئے فٹبال گراؤنڈ) کے سبزہ زار پر دو میچ کھیلے گئے۔ پہلا میچ بلوچ فٹبال کلب کوئٹہ بمقابلہ فیم سپورٹس کی ٹیموں کے درمیان کھیلا گیا۔ کھیل مقررہ وقت تک کوئی ٹیم گول کرنے میں کامیاب نہ ہوسکی۔ ایکسٹرا ٹائم دیا گیا۔ اس میں بھی کسی ٹیم کے کھلاڑی گول کرنے میں کامیاب ہوسکے۔ میچ کو فیصلہ کن بنانے کے لیے پینالٹی ککس دیئے گئے۔ اس طرح یہ میچ بذریعہ پینالٹی ککس پر بلوچ کلب کوئٹہ نے 2 کے مقابلے میں 4 گول سے جیت کر کوارٹر فائنل کے لیے کوالیفائی کر لیا۔ دوسرا میچ بلوچ فٹبال کلب نوشکی بمقابلہ پاک افغان کلب چمن کی ٹیموں کے درمیان کھیلا گیا۔ دونوں نے ٹیموں کے کھلاڑیوں نے بہترین کھیل پیش کیا۔ کھیل کے آغاز میں دونوں ٹیموں کے کھلاڑیوں نے جارحانہ انداز اپنایا۔ اور ابتدائی منٹوں بلوچ کلب نوشکی کو پاک افغان کلب چمن کے خلاف پنلٹی کک ملا جو بلوچ کلب کے کھلاڑی نے گول میں تبدیل کرتے ہوئے اپنی ٹیم کو ایک گول کی برتری دلائی۔ اس بعد پاک افغان کلب نے اسٹرائیکر نے ایک گول کر کے مقابلہ ایک ایک سے برابر کردیا۔ میچ کو فیصلہ کن بنانے کے لیے ایکسٹرا ٹائم دینا تھا۔ لیکن اندھیری ہونے کی وجہ اور فلڈ لائٹ کی عدم سہولیات کے باعث اس میچ کا فیصلہ نہ ہوسکا۔ (گراؤنڈ نمبر 3 صادق شہید گراؤنڈ مالی باغ) کے سبزہ زار پر ایک شاندار میچ مارخور درہ 90 کلب بمقابلہ ینگ خروٹ آباد کوئٹہ کی ٹیموں کے درمیان کھیلا گیا۔ اس یہ میچ ینگ خروٹ آباد نے ایک کے مقابلے میں 2 گول سے جیت پری کوارٹر فائنل کے لیے کوالیفائی کرلیا۔ (گراؤنڈ نمبر 4 یزدان خان سکول) کے سبزہ زار پر ایک میچ افغان سپورٹس بمقابلہ ینگ الماس فٹبال کلب کوئٹہ کی ٹیموں کے درمیان کھیلا گیا۔ اس طرح یہ میچ افغان سپورٹس کوئٹہ نے ایک کے مقابلے میں 2 گول سے جیت کر پری کوارٹر فائنل کے لیے کوالیفائی کر لیا۔ (گراؤنڈ نمبر 5 قیوم پاپا فٹبال اسٹیڈیم) منصوری گراس پر ایک میچ افغان کلب چمن بمقابلہ خیبر پختونخوا فٹبال کلب کی ٹیموں کے درمیان کھیلا گیا۔ کھیل کے مقررہ وقت تک دونوں ٹیموں کے کھلاڑی گول کرنے میں کامیاب نہ ہوسکے۔ میچ کو فیصلہ کن بنانے کے لیے ایکسٹرا ٹائم دیا گیا۔ جس میں افغان کلب چمن میڈفلیڈر نے گول کر کے آپ ٹیم کو برتری دلائی۔ اس طرح یہ میچ افغان کلب چمن نے صفر کے مقابلے میں ایک گول سے جیت کر کوارٹر فائنل کے لیے کوالیفائی کر لیا۔ سردار یار محمد بڑیچ ریلوئے فٹبال گراؤنڈ کے دوسرے میچ کا فیصلہ نہ ہوسکا۔ آج ٹورنامنٹ کے سلسلے میں مختلف گراؤنڈ پر میچز کھیلے جاہیں گے۔

سابق شوہر کا بھارتی خاتون باکسر کیخلاف سنگین الزامات پر قانونی کارروائی کا آغاز

دہلی (آئی این پی) بھارت کی نامور اولمپک باکسر اور 6 بار کی عالمی چیمپئن میری کوم اور ان کے سابق شوہر آنلر کوم کے درمیان مالی و ذاتی تنازع اب عدالت پہنچ گیا۔ جہاں آنلر نے اپنی سابقہ اہلیہ کے خلاف مجرمانہ بدنامی کا مقدمہ قائم کردیا۔ بھارتی میڈیا رپورٹ کے مطابق کیس بھارتی قوانین کے تحت بدنامی کی دفعہ کے تحت درج کیا گیا ہے، جس کی اگلی سماعت 19 نومبر 2026 کو مقرر کی گئی ہے۔ جرم ثابت ہونے کی صورت میں بھارتی باکسر کو 2 سال قید یا جرمانہ ہوسکتا ہے۔ آنلر کوم نے موقف اختیار کیا کہ میرا کیس بہت مضبوط ہے اور مجھے بھارتی عدالتی نظام پر پورا اعتماد ہے، معاملے کے زیر سماعت ہونے کی وجہ سے مزید تبصرہ نہیں کرسکتا۔ میری کوم نے اس سے قبل آنلر پر کروڑوں روپے کے فراڈ کا الزام لگاتے ہوئے کہا تھا کہ ان کے نام پر قرضے لیے گئے، جائیدادیں رہن رکھی گئیں اور رقم ان کی بغیر اجازت ٹرانسفر کی گئی۔ آنلر نے تمام الزامات کی سخت تردید کرتے ہوئے کہا کہ ان کا مقصد اب میری کوم سے بے بنیاد الزامات پر اعلانیہ معافی اور ہرجانہ وصول کرنا ہے، کیونکہ ان جھوٹے الزامات سے ان کی اور خاندانی زندگی متاثر ہوئی ہے۔ یہ جوڑی 2005 میں رشتہ ازدواج میں منسلک ہوئی اور ان کے 4 بچے ہیں۔

لورالائی، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل علی نواز جمالی کا پی سی بی کرکٹ میچ کے کھلاڑیوں کے ساتھ گروپ

رضوان کا پھر الزامات کے حوالے سے این سی سی آئی اے کو خط لکھنے کا فیصلہ

خط میں رضوان این سی سی آئی اے سے اپنے حوالے سے عدم تعاون کی افواہوں کے بارے میں بھی پوچھیں گے؛ ذرائع

این سی سی آئی اے سے اپنے اوپر لگائے گئے الزامات کی تحریری تفصیلات چاہتے ہیں۔ اور ان کے خلاف تحقیقات کر رہا ہے

لاہور (آئی این پی) قومی کرکٹ ٹیم کے وکٹ کیپر بیٹر اور سابق کپتان محمد رضوان نے ایک بار پھر اپنے خلاف الزامات کے حوالے سے نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی (این سی سی آئی اے) کو خط لکھنے کا فیصلہ کیا ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے محمد رضوان نے ایک بار پھر این سی سی آئی اے سے رابطہ کرنے کا فیصلہ کیا ہے، رضوان این سی سی آئی اے سے اپنے خلاف الزامات کے حوالے سے ایک بار پھر سوالات پوچھنے کے لیے خط لکھیں گے۔ ذرائع کے مطابق خط میں رضوان این سی سی آئی اے سے اپنے حوالے سے عدم تعاون کی افواہوں کے بارے میں بھی پوچھیں گے۔ ذرائع کا بتانا ہے کہ رضوان نے پہلی پیشی پر اپنے موبائل تک رسائی این سی سی آئی اے کو دے دی تھی، رضوان نے پہلی ہی پیشی پر اپنے آئی فون کا پاسورڈ این سی سی آئی اے کو دے دیا تھا، پہلی پیشی کے بعد رضوان کو تاحال این سی سی آئی اے کی جانب سے کوئی نوٹس موصول نہیں ہوا۔ ذرائع کا کہنا ہے رضوان کو تاحال این سی سی آئی اے نے تحریری طور پر عدم تعاون کے حوالے سے بھی آگاہ نہیں کیا، رضوان تعاون کرنے کے لیے تیار ہیں لیکن این سی سی آئی اے سے اپنے اوپر لگائے گئے الزامات کی تحریری تفصیلات چاہتے ہیں۔ خیال رہے کہ این سی سی آئی اے محمد رضوان اور امام الحق کے خلاف تحقیقات کر رہا ہے اور ذرائع کے مطابق این سی سی آئی اے کی جانب سے کرکٹرز کی مبینہ مشتبہ ٹرانزیکشن پر فوکس کیا جارہا ہے۔ خط میں رضوان این سی سی آئی اے سے اپنے حوالے سے عدم تعاون کی افواہوں کے بارے میں بھی پوچھیں گے۔ ذرائع کا بتانا ہے کہ رضوان نے پہلی پیشی پر اپنے موبائل تک رسائی این سی سی آئی اے کو دے دی تھی، رضوان نے پہلی ہی پیشی پر اپنے آئی فون کا پاسورڈ این سی سی آئی اے کو دے دیا تھا، پہلی پیشی کے بعد رضوان کو تاحال این سی سی آئی اے کی جانب سے کوئی نوٹس موصول نہیں ہوا۔ ذرائع کا کہنا ہے رضوان کو تاحال این سی سی آئی اے نے تحریری طور پر عدم تعاون کے حوالے سے بھی آگاہ نہیں کیا، رضوان تعاون کرنے کے لیے تیار ہیں لیکن این سی سی آئی اے سے اپنے اوپر لگائے گئے الزامات کی تحریری تفصیلات چاہتے ہیں۔ خیال رہے کہ این سی سی آئی اے محمد رضوان اور امام الحق کے خلاف تحقیقات کر رہا ہے اور ذرائع کے مطابق این سی سی آئی اے کی جانب سے کرکٹرز کی مبینہ مشتبہ ٹرانزیکشن پر فوکس کیا جارہا ہے۔

سری لنکا کے دھنجایا ڈی سلوا نے ٹیسٹ ٹیم کی کپتانی چھوڑ دی

کولمبو (آئی این پی) دھنجایا ڈی سلوا نے سری لنکن ٹیسٹ ٹیم کی کپتانی سے دستبرداری کا اعلان کر دیا۔ سری لنکن کرکٹ کے مطابق ٹیسٹ ٹیم کے کپتان دھنجایا ڈی سلوا نے ٹیسٹ ٹیم کی کپتانی چھوڑ دی لیکن وہ بطور کھلاڑی ٹیم کے لیے دستیاب رہیں گے۔ دھنجایا ڈی سلوا نے سلیکشن کمیٹی کو خط لکھ کر کہا ہے کہ قیادت اب اگلی نسل کو منتقل ہونی چاہیے۔ سری لنکا کرکٹ نے دھنجایا ڈی سلوا کے کیریئر کے باقی حصے کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا ہے۔ سری لنکن میڈیا کے مطابق کوشل مینڈس کو ٹیسٹ ٹیم کا عبوری کپتان بنائے جانے کا امکان ہے۔ واضح رہے کہ سری لنکا نے اگلے ماہ پاکستان کے خلاف 2 ٹیسٹ میچز کی سیریز کھیلنی ہے جس کا پہلا میچ 9 سے 13 نومبر تک راولپنڈی جبکہ دوسرا میچ 17 سے 21 نومبر تک قذافی اسٹیڈیم میں کھیلا جانا ہے۔ سری لنکن کرکٹ نے ٹیسٹ سیریز کے لیے نئے کپتان اور اسکواڈ کا اعلان بھی کرنا ہے۔

انڈر 19 ایشیا کپ کے شیڈول کا اعلان کردیا گیا

دبئی (آئی این پی) مینز انڈر 19 ایشیا کپ 2026 کے شیڈول کا اعلان کر دیا گیا۔ پچاس اوورز کا انڈر 19 ایشیا کپ 5 نومبر سے عمان میں کھیلا جائے گا۔ انڈر 19 ایشیا کپ کے سیمی فائنلز 12 نومبر اور فائنل 14 نومبر کو کھیلا جائے گا۔ پاکستان انڈر 19 ٹیم گروپ اے میں بھارت، متحدہ عرب امارات اور نیپال کے ساتھ شامل ہے۔ گروپ بی میں بنگلادیش، سری لنکا، افغانستان اور ملائیشیا انڈر 19 ٹیمیں شامل ہیں۔ پاکستان 19 ٹیم 6 نومبر کو یو اے ای، 8 نومبر کو بھارت اور 10 نومبر کو نیپال کے ساتھ میچ کھیلے گی۔ انڈر 19 ٹیم گروپ اے میں بھارت، متحدہ عرب امارات اور نیپال کے ساتھ شامل ہے۔ گروپ بی میں بنگلادیش، سری لنکا، افغانستان اور ملائیشیا انڈر 19 ٹیمیں شامل ہیں۔ پاکستان 19 ٹیم 6 نومبر کو یو اے ای، 8 نومبر کو بھارت اور 10 نومبر کو نیپال کے ساتھ میچ کھیلے گی۔

رونالڈو کے پرتگال ٹیم سے اختلافات انسٹاگرام کے 20 لاکھ فالورز کم ہوگئے

رونالڈو نے رات 2 بجے پرتگال ٹیم کو چھوڑا، منتظمین نے صبح 10 بجے رونالڈو کا 7 نمبر ایک اور کھلاڑی کو دے دیا

پوری دنیا میں رونالڈو کے فینز نے پرتگال کی آفیشل ٹیم کے انسٹاگرام کو ان فالو کرنا شروع کردیا۔ 0لاکھ ناراض فالو کرنا چھوڑ دیا

لزبن (آئی این پی) دنیائے فٹ بال کے عظیم کھلاڑی کرسٹیانو رونالڈو کے ہیڈ کوچ جورج جیسس سے مبینہ اختلافات کے بعد پرتگال کی قومی ٹیم کا تربیتی کیمپ چھوڑنے پر پرتگال کی ٹیم کے انسٹاگرام پر راتوں رات 20 لاکھ فالورز کم ہوگئے اور ملک کی قیادت سر جوڑ کر بیٹھ گئی کہ رونالڈو کو کیسے واپس لائیں۔ رونالڈو نے رات 2 بجے پرتگال ٹیم کو چھوڑا، منتظمین نے صبح 10 بجے رونالڈو کا 7 نمبر ایک اور کھلاڑی کو دے دیا۔ جرسی نمبر 7 چند گھنٹوں بعد کسی دوسرے کھلاڑی کو الاٹ کرنے پر ان کے فینز میں شدید بے چینی اور غم و غصہ دیکھا جارہا ہے۔ پوری دنیا میں رونالڈو کے فینز نے پرتگال کی آفیشل ٹیم کے انسٹاگرام کو ان فالو کرنا شروع کر دیا۔ پرتگال کے انسٹاگرام کے 25 ملین فالوورز میں سے 20 لاکھ نے ناراض ہوکر راتوں رات فالو کرنا چھوڑ دیا اور اب 23 ملین فالورز رہ گئے جس میں مزید کمی ہورہی ہے۔ جس کھلاڑی کو رونالڈو کا نمبر 7 دیا گیا وہ بھی پریشان ہے۔ اس کا کہنا ہے کہ وہ سیون نمبر نہیں لینا چاہتا تھا اور اپنے کوچز کو کہا بھی تھا کہ ہمیں رونالڈو کی ریسپیکٹ کرنی چاہیے وہ ابھی ہی تو گیا ہے میں کیسے رونالڈو کا نمبر لے لوں مگر کوچز نے اس پر پریشر ڈالا تو اس کو رونالڈو کا نمبر سیون لینا پڑا۔ جرسی نمبر 7 چند گھنٹوں بعد کسی دوسرے کھلاڑی کو الاٹ کرنے پر ان کے فینز میں شدید بے چینی اور غم و غصہ دیکھا جارہا ہے۔ پوری دنیا میں رونالڈو کے فینز نے پرتگال کی آفیشل ٹیم کے انسٹاگرام کو ان فالو کرنا شروع کردیا۔ پرتگال کے انسٹاگرام کے 25 ملین فالوورز میں سے 20 لاکھ نے ناراض ہوکر راتوں رات فالو کرنا چھوڑ دیا اور اب 23 ملین فالورز رہ گئے جس میں مزید کمی ہورہی ہے۔ جس کھلاڑی کو رونالڈو کا نمبر 7 دیا گیا وہ بھی پریشان ہے۔ اس کا کہنا ہے کہ وہ سیون نمبر نہیں لینا چاہتا تھا اور اپنے کوچز کو کہا بھی تھا کہ ہمیں رونالڈو کی ریسپیکٹ کرنی چاہیے وہ ابھی ہی تو گیا ہے میں کیسے رونالڈو کا نمبر لے لوں مگر کوچز نے اس پر پریشر ڈالا تو اس کو رونالڈو کا نمبر سیون لینا پڑا۔

پاکستان سپر لیگ 12 کی تاریخوں کا اعلان کر دیا گیا

لاہور (آئی این پی) پاکستان کرکٹ بورڈ نے پاکستان سپر لیگ کے 12 ویں ایڈیشن کی تاریخوں کا اعلان کردیا۔ پی سی بی کے مطابق ایچ بی ایل پی ایس ایل کا 12 واں ایڈیشن 18 مارچ سے 2 مئی 2027 تک کھیلا جائے گا، جبکہ ایونٹ میں مسلسل دوسری مرتبہ 8 ٹیمیں شرکت کریں گی۔ پی ایس ایل کی ونڈو کو گورننگ کونسل اور فرنچائزز کے ساتھ مشاورت کے بعد حتمی شکل دی گئی ہے، پی ایس ایل گورننگ کونسل کا اجلاس یکم ستمبر کو لندن میں ہوا تھا، جس میں تمام 8 فرنچائزز کے مالکان اور نمائندوں نے شرکت کی۔ پی ایس ایل 11 میں پہلی مرتبہ پلیئر ڈرافٹ کی جگہ پلیئر آکشن متعارف کرایا گیا تھا، جبکہ ایونٹ کے فائنل میں قذافی اسٹیڈیم میں 32 ہزار 461 تماشائیوں نے شرکت کی، جو ریکارڈ حاضری تھی۔ چیئرمین پی سی بی محسن نقوی نے کہا ہے کہ پی ایس ایل 11 نے دنیا کو لیگ کی صلاحیت دکھائی اور اس دوران سنسنی خیز لمحات، ریکارڈ کراؤڈ اور براڈکاسٹ کے نئے ریکارڈ دیکھنے کو ملے، انہوں نے ایک اور شاندار پی ایس ایل سیزن کے انعقاد کے عزم کا اظہار کیا۔ پی ایس ایل کے چیف ایگزیکٹو افسر سلمان نصیر کا کہنا ہے کہ 2027 میں شائقین کی توقعات پر پورا اترنے کا عزم ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ پی ایس ایل 12 کی ونڈو کا اعلان صرف پہلا قدم ہے، آٹھوں ٹیمیں ٹائٹل کے لیے پہلے سے زیادہ پرعزم ہوں گی، پاکستان سمیت دنیا بھر کے لاکھوں شائقین پی ایس ایل 12 کے منتظر ہیں۔ یاد رہے کہ پشاور زلمی نے پی ایس ایل 11 کا ٹائٹل اپنے نام کیا۔ پی ایس ایل 11 میں پہلی مرتبہ پلیئر ڈرافٹ کی جگہ پلیئر آکشن متعارف کرایا گیا تھا، جبکہ ایونٹ کے فائنل میں قذافی اسٹیڈیم میں 32 ہزار 461 تماشائیوں نے شرکت کی، جو ریکارڈ حاضری تھی۔ چیئرمین پی سی بی محسن نقوی نے کہا ہے کہ پی ایس ایل 11 نے دنیا کو لیگ کی صلاحیت دکھائی اور اس دوران سنسنی خیز لمحات، ریکارڈ کراؤڈ اور براڈکاسٹ کے نئے ریکارڈ دیکھنے کو ملے، انہوں نے ایک اور شاندار پی ایس ایل سیزن کے انعقاد کے عزم کا اظہار کیا۔ پی ایس ایل کے چیف ایگزیکٹو افسر سلمان نصیر کا کہنا ہے کہ 2027 میں شائقین کی توقعات پر پورا اترنے کا عزم ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ پی ایس ایل 12 کی ونڈو کا اعلان صرف پہلا قدم ہے، آٹھوں ٹیمیں ٹائٹل کے لیے پہلے سے زیادہ پرعزم ہوں گی

میسی کے الوداع پر رونالڈو کا جذباتی پیغام

بیونس آئرس (آئی این پی) ارجنٹائن کے اسٹار فٹبالر لیونل میسی کے شاندار بین الاقوامی سفر کے اختتام پر دنیا بھر سے انہیں خراج تحسین پیش کیا جارہا ہے۔ فٹبال کی دنیا میں میسی کے دیرینہ حریف پرتگال سے تعلق رکھنے والے اسٹار فٹبالر کرسٹیانو رونالڈو نے بھی اپنے پیغام کے ذریعے میسی کو خراج عقیدت پیش کیا ہے۔ میسی نے بیجن کے خلاف ارجنٹائن کی 3-0 سے کامیابی میں ایک گول کیا اور دو گولز میں معاونت کی۔ بیونس آئرس کے مونومینٹل اسٹیڈیم میں 85 ہزار سے زائد شائقین نے اپنے ہیرو کو جذباتی انداز میں الوداع کہا۔ تقریب میں موسیقی، خصوصی خراج تحسین اور ڈرون شو بھی شامل تھا۔ میسی کی الوداعی تقریب کے بعد رونالڈو نے ان کی انسٹاگرام پوسٹ پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا کہ اپنے ملک کی نمائندگی میں میسی نے جو مقام حاصل کیا،

بعدالت جوڈیشل مجسٹریٹ XI گیارہ جج کوئٹہ

جرم 550 سرکار بنام:۔شمس اللہ/عوام الناس تھانہ بجلی روڈ

اشتہار:۔ درخواست استغاثہ اشتہار بنام:۔شمس اللہ ولد نور محمد قوم خروٹی سکنہ کلی خیزو کچلاک کوئٹہ

گاڑی AQUA برنگ سیاہ رجسٹریشن نمبری 980/ BKP چیسز نمبری 6151333 -NHP 10

انجن نمبر NOT FOUND ہرگاہ ایک درخواست استغاثہ نے تمہارے خلاف دائر کیا ہے جو کہ عدالت ہذا میں زیر سماعت ہے۔ جس کی تاریخ ساعت 10-10-2026 کو مقرر ہوچکی ہے۔ جس میں تم مدعا علیہان عدالتی نوٹس لینے سے دیدہ دانستہ گریزاں ہو اور ٹال مٹول سے کام لے رہے ہو لہذا تمہیں بذریعہ اشتہار ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ مقررہ تاریخ ساعت پر اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہوکر مقدمہ درخواست استغاثہ کی پیروی کریں بصورت دیگر تمہارے خلاف یکطرفہ قانونی کارروائی عمل میں لائی جائیگی اور یکطرفہ فیصلہ دیا جائیگا اس بابت تاکید جانیں۔

جوڈیشل مجسٹریٹ XI
سول جج کوئٹہ

PRQ No1813/08-10-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

تلاش گمشدہ

میرا رکشہ نمبر RA0081 انجن نمبر 163ML08040099 چیسز نمبر SG08110151 ماڈل 2008 اصل روٹ پرمٹ کہیں گر کر گم ہوگیا ہے ملنے پر RTA آفس پہنچا دیں المشتہر:۔صلاح الدین ولد عبدالعلی

تلاش گمشدہ

میرا ایف ایس سی کا ایکولینس سرٹیفکیٹ (Equivalence Certificate) سیریل نمبر 8727 سال 1982 بنام اسد اللہ ولد حاجی محبوب کہیں گم ہوگیا ہے ملنے پر موبائل نمبر 03013463989 پر مطلع کریں

پاکستان نے فیفا کی عالمی رینکنگ میں ترقی حاصل کرلی

اسلام آباد (آئی این پی) فیفا نے مینز فٹبال کی نئی عالمی رینکنگ جاری کردی جس میں پاکستان نے ایک درجہ ترقی کرتے ہوئے 197 ویں پوزیشن حاصل کرلی۔ تفصیلات کے مطابق عالمی چیمپئن اسپین کی پہلی پوزیشن برقرار ہے جبکہ ارجنٹائن دوسرے، فرانس تیسرے اور انگلینڈ چوتھے نمبر پر موجود ہیں۔ پرتگال نے دو درجے ترقی کے ساتھ پانچویں پوزیشن حاصل کرلی جبکہ برازیل ایک درجے تنزلی کے بعد چھٹے اور مراکش ساتویں نمبر پر آ گیا۔ سوئٹزرلینڈ دو درجے ترقی کر کے 12 ویں نمبر پر پہنچ گیا جبکہ جرمنی 13 ویں اور کروشیا 14 ویں پوزیشن پر موجود ہیں۔

بعدالت جناب سینئر سول جج ژوب

دعویٰ نمبر 28/2026 آئندہ تاریخ پیشی 21/10/2026

خان بی بی زوجہ سراج خان قوم شیرانی ساکن مانی خواہ تحصیل وضلع شیرانی حال ژوب شہر مدعی

بنام:۔ڈائریکٹر جنرل وغیرہ مدعا علیہم

اشتہار زیر آرڈر 5 رول 20 ض د (دعویٰ استقرار حق ومنسوخی CNIC)

اشتہار بنام مدعا علیہ نمبر 2 عبدالرحمٰن 3۔انوار الحق 4۔رفیع اللہ 5۔رحیم اللہ پسران سراج خان اقوام شیرانی ساکن ڈسٹرکٹ شیرانی مدعا علیہم:۔ ہرگاہ مذکورہ بالا مدعی نے بعنوان بالا دعویٰ بابت منسوخی سی این آئی سی بذریعہ کونسل عدالت ہذا میں دائر کی ہے۔ جس کی آئندہ تاریخ ساعت مورخہ 21/10/2026 مقرر ہو چکی ہے۔ جس میں آپ مدعا علیہم پر نوٹس تعمیل نہیں ہو پا رہے ہیں۔ لہذا آپ مدعا علیہ کو بذریعہ اشتہار ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ مقررہ تاریخ پر بذریعہ کونسل یا نمائندہ حاضر عدالت ہوکر مقدمہ کی پیروی کریں بصورت دیگر حسب ضابطہ کارروائی عمل میں لائی جائیگی۔ آج مورخہ 7/10/2026 کو بدستخط میرے و مہر عدالت کے جاری ہوا۔

سینئر سول جج ژوب

ازعدالت مجلس شوریٰ نصیر آباد بمقام ڈیرہ مراد جمالی

اپیل نمبر 7/2026 بی بی شمع وغیرہ **بنام**:۔آندل وغیرہ زیر آرڈر 1 4 قاعدہ 1 4 ضابطہ دیوانی پاکستانی

اپیل زیر دفعہ 24 دستور العمل دیوانی قلات برخلاف

حکم محررہ 19/8/2026 مصدرہ قاضی I ڈیرہ مراد جمالی

اشتہار بنام 1۔آندل ولد صاحبداد 2۔مورد 3۔میوہ 4۔مکن پسران سائینداد 5۔ابراہیم ولد گل بہار 6۔علی حسن ولد میر حسن 7۔عرض محمد 8۔صوبھا پسران محمد صدیق اقوام جکھرانی ساکنان موضع ہوتھیانی تحصیل چھتر:۔ ہرگاہ اپیل عنوان بالا عدالت ہذا میں زیر سماعت ہے۔ جس کی تاریخ پیشی مورخہ 14/10/2026 کو مقرر کی گئی ہے جس میں تم مرافعہ علیہم کے نام متعدد بار نوٹس/سمن جاری کئے گئے جو کہ تم مرافعہ علیہم پر تعمیل نہیں ہو پا رہے ہیں جس سے صاف ظاہر ہے کہ تم مرافعہ علیہم تعمیل سمن/نوٹسز سے دیدہ دانستہ گریزاں ہو اس لیے تمہارے نام پر یہ اشتہار مشتہر کیا جاتا ہے کہ مورخہ ساعت بالا 14/10/2026 کو اصالتاً یا وکالتاً عدالت ہذا میں حاضر ہوکر اپنے اپیل کی پیروی کریں بصورت دیگر تمہارے خلاف یکطرفہ کارروائی عمل میں لاکر یکطرفہ فیصلہ صادر کیا جاسکتا ہے۔ اس بابت سخت تاکید جانیں۔ آج مورخہ 28/9/2026 کو بدستخط میرے و مہر عدالت کے جاری ہوا۔

ممبر مجلس شوریٰ نصیر آباد بمقام ڈیرہ مراد جمالی

بعدالت قاضی / گارڈین / جج بسیمہ

1۔طفیل لطیف 2۔طلال لطیف 3۔فہیمہ لطیف 4۔غزالہ لطیف **بنام**:۔عوام الناس

درخواست زیر دفعہ 107 گارڈین اینڈ وارڈ ایکٹ 1890 برائے حصول گارڈین سرٹیفکیٹ نابالغان

اشتہار بنام عوام الناس:۔ ہرگاہ ہے کہ عام وخاص کو بذریعہ اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ مرحوم عبداللطیف سکنہ بسیمہ کے پسماندگان کی طرف سے علی دوست ولد عبدالمجید نے اپنے آپ کو قدرتی ولی مقرر کرنے کیلئے درخواست گزاری ہے اگر کسی کو اس بابت کوئی اعتراض ہے تو مورخہ 15/10/2026 کو عدالت ہذا میں صبح 8:30 بجے پیش ہوکر اپنے اعتراض پیش کریں۔ آج مورخہ 2 اکتوبر 2026 کو بدستخط میرے و مہر عدالت کے جاری ہوا۔

قاضی / گارڈین جج بسیمہ

بعدالت جناب جوڈیشل مجسٹریٹ درجہ اول ڈھاڈر / سول جج

درخواست جانشینی نمبر 10/2026 1۔مسماۃ بی بی سلیمہ بیوہ مرحوم غلام قادر 2۔محمد عمران 3۔محمد کامران 4۔زیب النساء 5۔عطیہ 6۔محمد عمر 7۔نور العین پسران و دختران مرحوم غلام قادر قوم جتوئی سکنہ تحصیل ڈھاڈر درخواست گزار نمبر 3 تا 7 نابالغان درخواست گزار نمبر 1 بذریعہ والدہ **بنام**:۔عوام الناس

درخواست زیر دفعہ 372 جانشینی ایکٹ درخواست جانشینی برائے ترکہ متوفی

اشتہار بنام عوام الناس:۔ ہرگاہ عنوان بالا درخواست جانشینی سائلان/سائل نے ایک درخواست برائے حصول جانشینی سرٹیفکیٹ ترکہ متوفی غلام قادر عدالت ہذا میں گزاری ہے۔ جو کہ محکمہ ڈگری کالج ڈھاڈر میں ملازم تھا جس کا محکمہ کے ذمہ 36,49,090 روپے واجبات بنتے ہیں درخواست جانشینی کی تاریخ پیشی 21/10/2026 عدالت ہذا میں مقرر ہے۔ لہذا بذریعہ اشتہار ہذا کے ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی شخص کو درخواست مذکورہ پر کسی قسم کا اعتراض ہو تو مقرر کردہ تاریخ پیشی پر عدالت ہذا میں حاضر ہوکر اپنا عذر پیش کرے ورنہ بصورت دیگر یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ آج مورخہ 7/10/2026 کو بدستخط میرے و مہر عدالت کے جاری ہوا

جوڈیشل مجسٹریٹ درجہ اول ڈھاڈر

بعدالت جناب جوڈیشل مجسٹریٹ درجہ اول ڈھاڈر / سول جج

درخواست جانشینی نمبر 11/2026 1۔فضاء عظیم 2۔محمد عاقب 3۔مہک عظیم دختران و پسران مرحوم ارباب محمد عظیم قوم بڑوہ سکنہ محلہ ارباب ڈھاڈر کچھی **بنام**:۔عوام الناس

درخواست زیر دفعہ 372 جانشینی ایکٹ درخواست جانشینی برائے ترکہ متوفی

اشتہار بنام عوام الناس:۔ ہرگاہ عنوان بالا درخواست جانشینی سائلان/سائل نے ایک درخواست برائے حصول جانشینی سرٹیفکیٹ ترکہ متوفی ارباب محمد عظیم عدالت ہذا میں گزاری ہے جو کہ محکمہ لوکل گورنمنٹ میں ملازم تھا جس کا محکمہ کے ذمہ 306892 اور بینک میں رقم موجود ہے 10674260 روپے واجبات بنتے ہیں درخواست جانشینی کی تاریخ پیشی 21/10/2026 عدالت ہذا میں مقرر ہے۔ لہذا بذریعہ اشتہار ہذا کے ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی شخص کو درخواست مذکورہ پر کسی قسم کا اعتراض ہو تو مقرر کردہ تاریخ پیشی پر عدالت ہذا میں حاضر ہوکر اپنا عذر پیش کرے ورنہ بصورت دیگر یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ آج مورخہ 7/10/2026 کو بدستخط میرے و مہر عدالت کے جاری ہوا

جوڈیشل مجسٹریٹ درجہ اول ڈھاڈر

بعدالت جناب جوڈیشل مجسٹریٹ لہڑی بمقام سبی بااختیارات ڈسٹرکٹ جج

جانشینی درخواست نمبر 9/2026 1 روبینہ بی بی دختر مرحوم محمد یوسف قوم بڑوہ سکنہ لہڑی درخواست معذور خاتون بذریعہ حقیقی بھائی بنام 1 غلام حیدر 2 عبدالغفار 3 دھیانی دختر و پسران مرحوم محمد یوسف اقوام بڑوہ ساکنان لہڑی 4 عوام الناس **درخواست جانشینی برائے ترکہ متوفی**

نوٹس/اشتہار بنام عوام الناس: ہرگاہ عنوان بالا درخواست جانشینی سائلان/سائل نے درخواست برائے حصول جانشینی سرٹیفکیٹ ترکہ متوفی محمد یوسف عدالت ہذا میں گزاری ہے جو کہ محکمہ تعلیم میں ملازم تھا جسکا محکمہ کے ذمہ ماہوار پنشن نیشنل بنک میں رقم 298165/62 روپے واجبات بنتے ہیں درخواست جانشینی کی تاریخ پیشی 20/10/2026 عدالت ہذا میں مقرر ہے لہذا بذریعہ اشتہار ہذا کے ہر عام و خاص کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی شخص کو درخواست مذکورہ پر کسی قسم کا اعتراض ہو تو مقررہ تاریخ پیشی پر عدالت ہذا میں حاضر ہوکر اپنا عذر پیش کریں ورنہ بصورت دیگر یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی آج مورخہ 5 ماہ اکتوبر 2026 کو میرے دستخط و مہر عدالت سے جاری ہوا۔

عالم زیب خان کاکڑ
جوڈیشل مجسٹریٹ لہڑی بمقام سبی بااختیارات ڈسٹرکٹ جج

بعدالت فیملی گارڈین جج قلات بمقام قلات

اشتہار بنام عوام الناس مسول علیہ/مدعا علیہ زیر آرڈر 5 رول 20

1۔شاجدہ بشیر بیوہ محبوب شاہ قوم سربازی 2۔بی بی ایمان 3۔سید محمد زم زم 4۔بی بی زاہدہ 5۔سید محمد 6۔بی بی بختاور 7۔حسنین شاہ پسران و دختران سید محبوب شاہ اقوام سید ساکنان ٹاؤن کمیٹی روڈ مسلم محلہ تحصیل وضلع قلات سائلان نمبر 2 تا 7 بذریعہ (گارڈین ولی سائلہ نمبر 1 والدہ) سائلان/مدعیان

بنام:۔عوام الناس مسول علیہ/مدعا علیہ

درخواست زیر دفعہ 7/25 گارڈین وارڈ ایکٹ 1890 بابت حصول گارڈین سرٹیفکیٹ

اشتہار بنام عوام الناس:۔ ہرگاہ کہ سائلان 1۔شاجدہ بشیر بیوہ محبوب شاہ قوم سربازی 2۔بی بی ایمان 3۔سید محمد زم زم 4۔بی بی زاہدہ 5۔سید محمد 6۔بی بی بختاور 7۔حسنین شاہ پسران و دختران سید محبوب شاہ اقوام سید ساکنان ٹاؤن کمیٹی روڈ مسلم محلہ تحصیل وضلع قلات عوام الناس گارڈین درخواست دائر کی ہے اور نابالغان / سائلان نمبر 2 تا نمبر 7 کے حصول گارڈین سرٹیفکیٹ کے لیے عنوان بالا درخواست گزاری ہے لہذا اشتہار ہذا کی رو سے عوام الناس کو اطلاع دی جاتی ہے کہ جس کسی کو سائل نمبر 1 کے درخواست گارڈین پر اعتراض ہے وہ مورخہ 21/10/2026 کو حاضر عدالت آکر اپنے عذر و اعتراضات پیش کرے بصورت دیگر مذکورہ تاریخ کے بعد کسی کے عذر و اعتراضات مقبول تصور نہیں ہونگے۔ آج مورخہ 6/10/2026 کو بدستخط میرے و مہر عدالت کے جاری ہوا۔

نور علی بازئی
قاضی قلات بمقام قلات

درستگی نام

میرا اصل نام عبدالوحید ولد دوست محمد تاریخ پیدائش 10/8/1998 ہے جبکہ غلطی سے وفاق المدارس شعبہ حفظ سال 2014 میں وحید اللہ ولد دوست محمد تاریخ پیدائش 5/1/1999 لکھا گیا ہے لہذا درستگی کیلئے مشتہر ہے

تلاش گمشدہ

میرا قومی شناختی کارڈ نمبر 54201-7283734-7 اور ڈرائیونگ لائسنس نمبر 1920002146 بنام اسد اللہ ولد رحمت اللہ چمن میں کہیں گم ہوگئے ملنے پر موبائل نمبر 03158055155 پر مطلع کریں

تلاش گمشدہ

میرے وفاق المدارس ثانویہ عامہ اور عالیہ اول کے اسناد بنام محمد انبیا ولد عبدالخالق کہیں گم ہوگیا ہے ملنے پر موبائل نمبر 03337757642 پر مطلع کریں

تلاش گمشدہ

میرا قومی شناختی کارڈ نمبر 5450122639323 بنام عثمان غنی ولد لعل بخش سکنہ قاضی آباد نوشکی کہیں گم ہوگیا ہے ملنے پر موبائل نمبر 03171754482 پر مطلع کریں

تلاش گمشدہ

میرا گاڑی Toyota/Aqua چیسز نمبر NHP10-6218122 انجن نمبر INZFXE کا رجسٹریشن کارڈ بنام رضوان ولد اللہ داد گم ہوگیا ہے ملنے پر موبائل نمبر 03342945466 پر مطلع کریں المشتہر:۔ضیاء

درستگی نام

قومی شناختی کارڈ کے مطابق میرا اصل نام شعیب جمال ہے جبکہ غلطی سے اسکول کے ریکارڈ میں شعیب لکھا گیا ہے لہذا درستگی کی جائے رول نمبر HSSC/345233 المشتہر:۔شعیب جمال ولد سعد اللہ

تلاش گمشدہ

ضمانتی رسید نمبر 15625 ایف آئی آر نمبر 76/26 مالیت 10000/- تھانہ ائیرپورٹ روڈ بنام سید جمیل احمد ولد سید عطاء محمد گم ہوگیا ہے ملنے پر موبائل نمبر 03108278878 پر مطلع کریں

تلاش گمشدہ

میرا گاڑی نمبر JAA345 چیسز نمبر 14854 کے کاغذات بنام سعید اللہ ولد حامد خان گم ہوگیا ہے ملنے پر موبائل نمبر 03336978664 پر مطلع کریں

تلاش گمشدہ

میرا رکشہ نمبر پلیٹ نمبر RA1150 ماڈل 2007 اسپنی روڈ پر گم ہوگیا ہے ملنے پر موبائل نمبر 03351580005 پر مطلع کریں المشتہر:۔عبداللہ ولد شائستہ گل

تلاش گمشدہ

ٹرک نمبر TKM788 کے کاغذات بنام جہانگیر خان گم ہوگئے ہیں ملنے پر موبائل نمبر 03178787104 پر مطلع کریں یا ایکسائز آفس پہنچا دیں

تلاش گمشدہ

موٹرسائیکل رجسٹریشن نمبر MX3543 چیسز نمبر 4917919 کے کاغذات کہیں گم ہوگئے ہیں ملنے پر ایکسائز آفس پہنچا دیں

تلاش گمشدہ

میرا قومی شناختی کارڈ نمبر 52301-4460908-1 لیاقت بازار میں گم ہوگیا ہے ملنے پر درج پتے پر پہنچا دیں المشتہر:۔شہباز اسد ولد اسد اللہ

تلاش گمشدہ

رکشہ CNG رجسٹریشن نمبر QAQ9763 چیسز نمبر 0904502 انجن نمبر 08120566 کا روڈ پرمٹ بنام مختار احمد ولد مشتاق احمد کہیں گم ہوگیا ہے ملنے پر موبائل نمبر 03458164706 پر مطلع کریں المشتہر:۔شیر حسین ولد محمد نسیم

تلاش گمشدہ

میرا ایف ایس سی کا ایکولینس سرٹیفکیٹ (Equivalence Certificate) بنام محمد سلیم ولد حاجی عبدالحمید کہیں گم ہوگیا ہے ملنے پر موبائل نمبر 03168130040 پر مطلع کریں

تلاش گمشدہ

میرا پاسپورٹ نمبر KP1188521 بنام ظہور احمد ولد فقیر محمد پنجگور میں گم ہوگیا ہے ملنے پر موبائل نمبر 03347978595 پر مطلع کریں

ازعدالت اسسٹنٹ کلکٹر درجہ اول تحصیلدار دالبندین

اشتہار بنام عوام الناس

ہرگاہ کہ عوام الناس کو بذریعہ اخبار اشتہار ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ بمعرفت ایم ایس چاغی سٹیل آئرن ہورمائنز محلہ ظہور کالونی پی او تحصیل دالبندین ڈسٹرکٹ چاغی میں مسمی حاجی جان محمد ولد میر جلب خان نے بابت کام ائرن ہور نزد زرد کوہ ڈسٹرکٹ چاغی کے لیے الاٹمنٹ کی استدعا کی ہے اس بارے میں اگر کسی بھی شخص/کمپنی یا ادارے کو کوئی عذر، اعتراض ہو تو اشتہار ہذا کے جاری ہونے سات 7 ایام کے اندر اندر اپنے عذر اعتراض زیر دستخطی کے پاس دفتری اوقات کار میں جمع کرائیں بعد معیاد گزر جانے کے کوئی عذر / اعتراض قابل قبول نہ ہوگی۔ اشتہار ہذا 8 اکتوبر 2026 کو میرے دستخط و مہر عدالت سے جاری ہوا۔

تحصیلدار دالبندین

BAAKHABAR

مختصر اشتہارات

CLASSIFIED

تلاش گمشدہ

ہمارے بجلی کا میٹر نمبر SP6115876 بنام موسیٰ کلیم ولد عبداللہ کہیں گم ہوگیا ملنے پر موبائل نمبر 03138296668 پر مطلع کریں

تلاش گمشدہ

میرا قومی شناختی کارڈ نمبر 5410215529977 اور میرا MM9 پسٹل کا لائسنس بنام حافظ محمد ولد محمد عثمان سکنہ کلی عمر خان بیدی نوشکی کہیں گم ہوگیا ہے ملنے پر موبائل نمبر 03333393471 پر مطلع کریں

تلاش گمشدہ

میرے اپنے زمین کے پلاٹ جو کیو ڈی اے میں موجود ہے نمبر 70(A)1 کا اوریجنل فائل بنام حمد اللہ ولد ملک عبدالودود کہیں گر کر گم ہوگیا ہے ملنے پر موبائل نمبر 03283980239 پر مطلع کریں المشتہر:۔حمد اللہ ولد عبدالودود

تلاش گمشدہ

میرا لوکل سرٹیفکیٹ نمبر 068351 تاریخ اجراء 7/9/2004 جاری کردہ ڈسٹرکٹ کوئٹہ سیٹلائٹ ٹاؤن تھانے کی حدود میں گم ہوگیا ہے تلاش کیلئے مشتہر ہے المشتہر:۔حاجی عبدالرحمٰن ولد ملا حیدر اخوند

تلاش گمشدہ

میرا قومی شناختی کارڈ نمبر 54401-5234667-5 بنام نجیب اللہ ولد رحیم دین کہیں گم ہوگیا ہے تلاش کیلئے مشتہر ہے

اظہار لاتعلقی

میں اپنے حقیقی بیٹے فصیح اللہ ولد عبدالباری سے بوجہ نافرمانی اظہار لاتعلقی و بیزاری کا اعلان کرتا ہوں اور عرصہ دراز سے گھر سے ناراض ہوکر نکلا ہے اور تاحال خاندان کے کسی فرد کے ساتھ کوئی رابطہ نہیں کیا ہے لہذا بذریعہ اشتہار مشتہر ہے کہ مسمی فصیح اللہ کسی غیر قانونی سرگرمیوں و دیگر معاملات میں ملوث رہا تو اس سے میرا اور میرے خاندان کے دیگر افراد اور میرے بیٹوں عبدالجبار، محمد اقبال، ریاض خان، سہیل خان، شفقت اللہ پسران عبدالباری سے کوئی تعلق واسطہ نہیں ہوگا جو کوئی بھی ان سے لین دین تعلق یا قول و فعل رکھے گا وہ اپنے نفع و نقصان کے خود ذمہ دار ہونگے المشتہر:۔عبدالباری ولد عبدالولی قوم کاکڑ ساکن کلی میزئی ڈاکخانہ میزئی تحصیل وضلع قلعہ عبداللہ

تلاش گمشدہ

میری سٹرونگ بیس کنسٹرکشن کمپنی کا 2400,000 روپے مالیت کا یونائیٹڈ بینک لمیٹڈ کا سی ڈی آر نمبر 01225735 کہیں گم ہوگیا ہے ملنے پر موبائل نمبر 03308473675 پر رابطہ کریں المشتہر:۔عبدالرازق

تلاش گمشدہ

میرا کال ڈیپازٹ نمبر 00382851 مالیت 2400000 اربن پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ قلات ڈویژن خضدار گر کر گم ہوگیا ہے ملنے پر موبائل نمبر 03337917268 پر مطلع کریں المشتہر:۔آصف اسلم

تلاش گمشدہ

موٹرسائیکل راوی ماڈل 2021 انجن نمبر HKFAHE4688 چیسز نمبر HKFAHE4688 کا اصل اور چ خالق شہید تھانہ بھوسہ منڈی میں گم ہوگیا ہے ملنے پر درج پتے پر پہنچا دیں المشتہر:۔ذکی اللہ ولد ابراہیم

تلاش گمشدہ

میرا قومی شناختی کارڈ نمبر 544013489123-1 موبائل سم 03319663301 پولیس تھانہ دشت ضلع مستونگ کی حدود میں گم ہوگیا ہے تلاش کیلئے مشتہر ہے المشتہر:۔شاہد خان ولد میر احمد

تلاش گمشدہ

موٹرسائیکل راوی ماڈل 2021 چیسز نمبر HKFHJ117297 انجن نمبر HKFAFE8985 کا اور چ لیاقت بازار میں گم ہوگیا ہے ملنے پر درج پتے پر پہنچا دیں المشتہر:۔محمد پرویز ولد حاجی شاہ محمد

تلاش گمشدہ

گاڑی نمبر BNF021 کی رجسٹریشن کارڈ بنام محمد کاشف عزیز ولد Mehar Abul Aziz Sial ماڈل 2018 پشتون آباد کے حدود میں گم ہوگیا ہے ملنے پر موبائل نمبر 03128035871 پر مطلع کریں المشتہر:۔سلطان محمد

تلاش گمشدہ

میرے بیٹے احمد سلطان ولد غلام نبی کا شناختی کارڈ نمبر 54400-3085954-3 اور اے ٹی ایم کارڈ اور میری بیٹی بی بی سمیہ کا شناختی کارڈ نمبر 54400-4956854-6 اسپنی روڈ میں گم ہوگئے ہے ملنے پر موبائل نمبر 03083824725 پر مطلع کریں

تلاش گمشدہ

میرا موٹرسائیکل نمبر RNP2640 ماڈل 2015 انجن نمبر CR721900 چیسز نمبر CR467969 کے کاغذات زرغون آباد نواں کلی میں گم ہوگیا ہے ملنے پر موبائل نمبر 03333681526 پر مطلع کریں

تلاش گمشدہ

میرا رکشہ نمبر RA6596 کا روٹ پرمٹ کہیں گم ہوگیا ہے ملنے پر موبائل نمبر 03128008714 پر مطلع کریں المشتہر:۔سید ذاکر حسین

کوئٹہ، پریس کلب اور بی یو جے کے زیر اہتمام حالیہ دنوں میں وفات پانیوالے صحافیوں کی یاد میں تعزیتی ریفرنس سے صدر عرفان سعید، شہزادہ ذوالفقار، منظور احمد، رضا الرحمٰن، عبدالخالق رند، کاظم مینگل، ایوب ترین، خلیل احمد، شاہ حسین، بہادر شاہ شمعون فرمان، نثار احمد، سہیل ابابکی اور ظاہر خان خطاب کررہے ہیں

جے یو آئی ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمٰن رفیق، حاجی عین اللہ شمس و دیگر ضلعی مجلس عمومی کے اجلاس سے خطاب کررہے ہیں

موسیٰ خیل BRSP-ملیریا پروگرام کے تحت، IHHN کے تعاون سے تربیتی سیشن کا انعقاد حنا علوی MIS کوآرڈینیٹر، BRAP اور محمد اقبال ماسٹر ٹرینر شفیق جعفر BRSP ڈسٹرکٹ کوآرڈینیٹر ظہور احمد (MEAL) آفیسر، IHHN اور کمیونٹی ہیلتھ ورکرز (CHWs) و دیگر آگاہی دے رہے ہیں

کوئٹہ، چیف ایگزیکٹیو آفیسر کیسکو انجینئر مرزا اعزاز بیگ سے اکرام اللہ کاسی ملاقات کررہے ہیں

اطمینان کے بعد وفاقی محتسب نے اس کیس کو کامیابی کے ساتھ نمٹا دیا ہے۔ یہ کامیاب کارروائی اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ وفاقی محتسب کا ادارہ دور دراز علاقوں میں بھی عام آدمی کو سرکاری محکموں کی زیادتیوں اور غفلت کے خلاف دہلیز پر، مفت اور فوری انصاف فراہم کرنے کے لیے پوری طرح متحرک ہے۔

بحرانوں سے نکلنے کے لیے مشترکہ حکمت عملی اختیار کرنا ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ مہنگائی، بے روزگاری، کاروباری سرگرمیوں میں کمی اور عوام کی قوتِ خرید میں مسلسل کمی نے عام آدمی کی زندگی اجیرن بنا دی ہے۔ معاشی استحکام کے لیے مستقل اور مؤثر پالیسیاں تشکیل دینے کے ساتھ ساتھ صنعت، تجارت، زراعت اور روزگار کے شعبوں کو فوری سہولیات

ڈی آئی جی ہیڈ کوارٹر بلوچستان پولیس طاہر علاؤالدین بلوچستان کارپوریٹ ہیلتھ سروسز CHS اور نجی اسکولز کے نمائندے مفاہمتی یادداشتوں پر دستخط کررہے ہیں

کوئٹہ، سیکریٹری جنگلات و جنگلی حیات اسداللہ فیض موسمیاتی موافقت کے منصوبوں سے متعلق منعقدہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

کوئٹہ، آریا انسٹیٹیوٹ اور بیوٹمز کے اشتراک سے نوجوانوں کی ذہنی صحت سے متعلق منعقدہ سیمینار کے اختتام پر سی ای او آریا انسٹیٹیوٹ سہیل خان کاروشن خورشید بروچہ، ڈاکٹر میر وائس کاسی، اورنگزیب بادینی کو شیلڈ دے رہے ہیں

ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر صدر محمد یوسف ہاشمی نواں کلی اور عالمو چوک پر غیر معیاری آٹا فروخت کرنے والوں کیخلاف کارروائی کررہے ہیں

گوادر، اسسٹنٹ کمشنر نعیم جان اور ڈسٹرکٹ آفیسر ایجوکیشن خواتین کے تربیتی سیشن کے دوران کارکردگی کا جائزہ لے رہے ہیں

ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر سریاب کبیر مزاری فوڈ اتھارٹی کے ہمراہ غیر معیاری آٹا فروخت کرنے والوں کیخلاف کارروائی کررہے ہیں

وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی سے صوبائی وزراء عاصم کرد گیلو اور میر سلیم احمد کھوسہ ملاقات کررہے ہیں

اور مستحق مریضوں کو بنیادی طبی سہولیات کی فراہمی مزید بہتر ہوگی۔ حکومتِ بلوچستان کی جانب سے سرکاری ہسپتالوں میں ادویات اور ضروری طبی سامان کی دستیابی کو یقینی بنانے کے لیے اقدامات جاری ہیں، تاکہ عوام کو صحت کی سہولیات کے حصول میں غیر ضروری مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ علاقہ مکینوں اور عوامی حلقوں نے

حماد سرفراز کو دبئی میں منعقدہ UAE Food Cluster کی شاندار تقریب میں "Cluster Champion Award Ambassador 2026" سے نوازا گیا

ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر سٹی امیر حمزہ تندوروں پر روٹی اور آٹا کا معیار چیک کررہے ہیں

حب لسبیلہ ڈویژن کی پہلی خاتون کمشنر سائرہ عطا نے ڈسٹرکٹ کمپلیکس اوتھل میں کمشنر آفس کا افتتاح کردیا اور سرکاری امور کا باقاعدہ آغاز کردیا ہے

بقیہ 15

سکتا۔عدالت نے ای او بی آئی کی اپیل منظور کرتے ہوئے اسلام آباد ہائیکورٹ کا فیصلہ اور وفاقی محتسب و صدر پاکستان کے احکامات کالعدم قرار دے دیئے۔ چیف جسٹس امین الدین خان کے تحریر کردہ بارہ صفحات کے حکم نامے میں کہا گیا ہے کہ پنشن کی درخواست مسترد ہونا بذات خود بدانتظامی نہیں۔ قانونی اہلیت کے تنازع کو محض بدانتظامی کا نام دے کر محتسب کا دائرہ اختیار نہیں بڑھایا جاسکتا۔عدالت کے مطابق پنشن کے لیے عمومی طور پر کم ازکم پندرہ سال کی شراکت درکار ہے، جبکہ درخواست گزار جاوید اقبال بھٹی کی بیمہ شدہ ملازمت چھ سال سے بھی کم تھی۔ یکم جولائی 2008 سے بیمہ شدہ ہونے کے باعث انہیں پانچ سال کی خصوصی رعایت بھی حاصل نہیں تھی۔ عدالت نے واضح کیا کہ پہلے دی گئی اڑتالیس ہزار روپے کی اولڈ ایج گرانٹ پنشن کا حق پیدا نہیں کرتی۔ فوائد کی اہلیت کے تنازعات ای او بی آئی قانون میں مقررہ طریقہ کار کے تحت طے ہوں گے، جبکہ بغیر دائرہ اختیار جاری حکم، بعد کی توثیق سے قانونی حیثیت حاصل نہیں کرسکتا۔

بقیہ 16

میڈیا مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے کے تحت پاکستانی افواج کے استعمال پر قیاس آرائیوں سے گریز کرے ، افواج کی کسی بھی قسم کی تعیناتی اگر ضروری ہوئی تو اس کی تفصیلات متعلقہ حکام خود فراہم کریں گے۔ واضح رہے کہ پاکستان اس سے قبل بھی واضح کر چکا ہے کہ مکہ معاہدہ دفاعی نوعیت کا ہے اور کسی بھی ملک کے خلاف نہیں ہے۔ یاد رہے کہ گزشتہ روز ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے سی این این کو دیئے گئے خصوصی انٹرویو میں کہا کہ میں تصدیق کرتا ہوں کہ پاکستان کی افواج پہلے ہی سعودی عرب میں موجود ہیں۔ ڈی جی آئی ایس پی آر کا کہنا تھا کہ پاک فوج میں سے کچھ فوجی اہلکار کافی عرصے سے سعودی عرب میں موجود ہیں، مکہ اتحاد کے حصے کے طور پر پاکستانی فوجی کئی دہائیوں سے وہاں موجود ہیں، دفاعی اتحاد کوئی ایسی چیز نہیں جو خلا سے وجود میں آئی ہو، پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان دیرینہ فوجی تعلقات ہیں، مکہ اتحاد کوئی نئی پیش رفت نہیں، تینوں ممالک کے دیرینہ تعلقات ہیں، مکہ معاہدے کے تحت سعودی عرب میں موجود پاکستانی دستے مختلف ڈومینز سے تعلق رکھتے ہیں۔

بقیہ 17

درمیان تجارت، سرمایہ کاری اور مختلف شعبوں میں تعاون بڑھانے کے امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں سیکرٹری تجارت جواد پال اور وزارت تجارت کے سینئر حکام بھی شریک ہوئے، جس میں پاکستان اور برطانیہ نے آئندہ ٹریڈ ڈائیلاگ میں عملی نتائج کے حصول پر زور دیا، جبکہ برطانیہ کی جانب سے پاکستان کے ساتھ طویل المدتی سرمایہ کاری شراکت داری کے فریم ورک پر بھی بات چیت کی گئی۔ دونوں جانب سے صحت، آئی ٹی، زراعت، لائیوسٹاک، مالیاتی خدمات، ہوابازی اور معدنیات سمیت مختلف شعبوں میں تعاون کے امکانات کا جائزہ لیا گیا، جام کمال خان نے لائیو سٹاک کے شعبے میں برطانوی ٹیکنالوجی اور سرمایہ کاری بڑھانے پر زور دیتے ہوئے کہا کہ لائیوسٹاک کی پیداوار، ویلیوایڈیشن اور گوشت کی برآمدات میں اضافے کے وسیع مواقع موجود ہیں۔

بقیہ 18

طلب کرلیا۔درخواست گزار کے مطابق وزیراعلیٰ سیاسی سرگرمیوں کیلئے سرکاری وسائل کا استعمال کررہا ہے، انہوں نے لکی مروت لانگ مارچ کے لئے سرکاری ہیلی کاپٹر کا استعمال کیا۔ پشاور ہائی کورٹ نے نومبر 2025 میں فیصلہ جاری کیا تھا جس میں سیاسی سرگرمیوں کے لیے سرکاری استعمال پر پابندی عائد کی تھی۔ عدالت نے وزیراعلیٰ کے پی کے سہیل آفریدی کو نوٹس جاری کرتے ہوئے جواب طلب کرلیا۔

بقیہ 19

اصل مسئلہ وفاقی حکومت کے ساتھ ہے۔ اپنے بیان میں شوکت یوسفزئی نے کہا کہ پیپلز پارٹی والے کہتے تھے کہ وفاقی حکومت کا حصہ ہی نہیں لیکن اب ایسا لگ رہا ہے کہ بیگانی شادی میں عبداللہ دیوانہ، کرپشن کی باتیں پیپلز پارٹی کے منہ سے اچھی نہیں لگتیں۔ پی ٹی آئی رہنما نے کہا کہ رانا ثنااللہ نے بلاول پر بلین ڈالر کی منی لانڈرنگ کا الزام لگایا اس کا جواب دیں، آپ کارکردگی کی بات کرتے ہیں تو کراچی بی آر ٹی کو دیکھیں، 2021 میں وہاں بی آر ٹی شروع ہوئی، اب بینک کہہ رہا ہے کہ اپنا قرضہ واپس چاہیے، یہ اپنے گورنر صاحب کیلئے روزگار کی تلاش میں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی ایک بچے کے پیچھے کھڑی ہونے والی موروثی پارٹی بن گئی ہے، اسی وجہ سے پیپلز پارٹی کی سیاست پنجاب اور کے پی میں ختم ہوئی۔ شوکت یوسفزئی نے کہا کہ دہشتگردی تو 25 سال سے ہورہی ہے،

بقیہ 20

گزشتہ روز صوبائی اسمبلی کے اراکین اور صوبائی عاملہ کے اراکین سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ جمعیت علما اسلام نے ہمیشہ ملک میں آئین، قانون، جمہوریت، امن اور عوام کے بنیادی حقوق کے تحفظ کے لیے پرامن اور شائستہ سیاسی جدوجہد کو ترجیح دی ہے، لیکن ہماری شرافت، بردباری اور پرامن طرز عمل کو کمزوری سمجھنے والے یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ جمعیت علما اسلام اپنے اصولی مؤقف اور عوامی حقوق کے دفاع سے کسی صورت دستبردار نہیں ہوگی،

بقیہ 21

نے کھلی عدالت میں سماعت کی۔ سماعت کے دوران مانگی ڈیم دہشت گرد حملے سے متعلق متعدد گواہ کمیشن کے روبرو پیش ہوئے اور اپنے بیانات قلم بند کرائے، جن میں سابق رکن صوبائی اسمبلی نصر اللہ خان زیرے بھی شامل تھے۔ نصر اللہ خان زیرے نے کمیشن کو واقعے سے متعلق آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ 6 جولائی 2026 کو انہوں نے شام کے وقت چیف سیکرٹری حکومت بلوچستان اور وزیراعلیٰ بلوچستان کو مانگی کے علاقے میں دہشت گردوں کی موجودگی اور پولیس اہلکاروں کو یرغمال بنائے جانے سے متعلق آگاہ کیا تھا۔ انہوں نے دونوں حکام سے استدعا کی تھی کہ دہشت گردوں کے خلاف بروقت اقدامات کو یقینی بنایا جائے، لیکن وزیراعلیٰ بلوچستان اور چیف سیکرٹری کی طرف سے انہیں جواب نہ مل سکا۔ مزید برآں، ڈائریکٹر ویب اینالیسز ڈویژن، پی ٹی اے اسلام آباد، کمیشن کے حکم نامے کی تعمیل میں ویڈیو لنک کے ذریعے پیش ہوئے۔

بقیہ 22

ہے۔ پاکستان مستقل مشن کے قونصلر محمد جواد اجمل نے یہ بات بھارتی نمائندے کے ریمارکس پر ردعمل میں کہی۔ انہوں نے کہا کہ بھارت افغانستان کے اندر موجود اپنے پراکسیز کی فعال معاونت کے ذریعے فتنہ الخوارج (ٹی ٹی پی) اور فتنہ الہندوستان (بی ایل اے) جیسے دہشت گرد گروہوں کی مدد اور سرپرستی کر رہا ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ بیرون ملک ماورائے علاقائی قتل اور ٹارگٹ کلنگ میں بھارت کے کردار سے پوری دنیا واقف ہے۔ جواد اجمل نے کہا کہ پاکستان اپنی خودمختاری، علاقائی سالمیت، اپنے عوام اور اپنی سلامتی کا دفاع کرے گا۔

بقیہ 23

پسماندہ اضلاع میں عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی اور روزگار کے مواقع پیدا کرنے کی خاطر بین الاقوامی ترقیاتی اداروں کے تعاون کو مزید وسعت دینے کی ضرورت ہے۔ صوبائی حکومت اور متعلقہ ادارے اس سلسلے میں ہر ممکن تعاون جاری رکھیں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اقوام متحدہ کے ذیلی ادارے فوڈ اینڈ ایگریکلچر آرگنائزیشن (FAO) بلوچستان سب آفس کے سربراہ ولید مہدی کی قیادت میں وفد سے ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس دوران مراد خان میاخیل، ناصر جمال جوگیزئی اور محمد صادق آغا بھی موجود تھے۔ ملاقات میں صوبے میں زرعی ترقی، لائیوسٹاک، باغبانی، خوراک کے تحفظ، کسانوں کی تربیت، موسمیاتی تبدیلی کے اثرات سے نمٹنے اور دورافتادہ اضلاع میں ترقیاتی پروگراموں کے فروغ سے متعلق امور پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔

بقیہ 24

علامہ راجا ناصر عباس سے رابطہ کیا، دونوں کے درمیان مذاکرات سمیت آل پارٹیز کانفرنس کے حوالے سے مشاورت کی گئی۔ ذرائع کے مطابق دونوں اپوزیشن قائدین نے مذاکرات کے حوالے سے حکمت عملی پر مشاورت کی، اپوزیشن قائدین نے مذاکرت کو بانی پی ٹی آئی عمران خان سے ملاقات سے مشروط کردیا۔

بقیہ 25

حسن زہری نے ایوانِ صدر اسلام آباد میں صدرِ پاکستان آصف علی زرداری سے اہم ملاقات کی۔ ملاقات میں بلوچستان کی مجموعی صورتحال، جاری ترقیاتی منصوبوں، عوامی مسائل اور بالخصوص ضلع حب میں جاری ترقیاتی عمل پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر صدرِ پاکستان آصف علی زرداری نے بلوچستان خصوصاً ضلع حب میں جاری ترقیاتی منصوبوں کو مزید تیز کرنے، عوامی مسائل کے حل اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کے عمل کو مؤثر بنانے کی ہدایت کی۔ صدرِ پاکستان نے اس امر پر زور دیا کہ ترقیاتی منصوبوں کے ثمرات براہِ راست عوام تک پہنچائے جائیں اور عوامی فلاح و بہبود کو ترجیح دی جائے۔ میر علی حسن زہری نے صدرِ پاکستان کو ضلع حب میں جاری مختلف ترقیاتی منصوبوں اور عوامی سہولیات کی فراہمی کے لیے کیے جانے والے اقدامات سے آگاہ کیا۔

بقیہ 26

مذاکرات پر کوئی رابطہ نہیں ہوا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت سے مذاکرات ہوئے تھے جبکہ مولانا فضل الرحمان سے اے پی سی سے متعلق ملاقات ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ ایک روز قبل مولانا فضل الرحمان کی رہائشگاہ پر آخری ملاقات میں اے پی سی پر بات ہوئی تھی۔ اپوزیشن اتحاد کے ترجمان اخوانزادہ حسین یوسفزئی نے کہا کہ آخری ملاقاتوں کے بعد حکومت یا مولانا فضل الرحمان کا مذاکرات سے متعلق پی ٹی آئی سے کوئی رابطہ نہیں ہوا۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی نے مذاکرات سے متعلق کوئی اجلاس نہیں بلایا۔ بیرسٹر گوہر چارسدہ میں ہیں، پارٹی کی مرکزی قیادت لانگ مارچ میں شریک ہے۔

بقیہ 27

کا اہتمام کیا گیا، لوگوں نے اپنے پیاروں کی قبروں پر فاتحہ خوانی و دعائیں کیں اور پھول چڑھائے ، آزاد کشمیر بھر میں عام تعطیل رہی۔ 8 اکتوبر 2005 کے ہولناک زلزلے کی تباہ کاریاں اور لرزہ خیز یادیں 21 سال بعد بھی تازہ ہیں۔ چند لمحوں کے اس ہولناک زلزلے میں 87 ہزار سے زائد افراد جاں بحق، ہزاروں زخمی اور کئی علاقے صفحۂ ہستی سے مٹ گئے تھے۔ 8 اکتوبر 2005 کی صبح 8 بج کر 52 منٹ پر رمضان المبارک کے مہینے میں مظفر آباد، باغ، وادی نیلم، چکوٹھی اور دیگر علاقوں میں 7.6 شدت کا قیامت خیز زلزلہ آیا جس میں خیبر پختونخوا (اس وقت صوبہ سرحد) کی 10 سے زائد تحصیلیں صفحہ ہستی سے مٹ گئیں۔ زلزلے کا مرکز وفاقی دارالحکومت اسلام آباد سے 95 کلومیٹر دور اٹک اور ہزارہ ڈویژن کے درمیان تھا۔

بقیہ 28

شرائط رکھ دیں۔ ذرائع کے مطابق مولانا فضل الرحمان نے فریقین کو جواب دیا ہے کہ پہلے جائزہ لوں گا دونوں مسئلے کے حل میں کتنے سنجیدہ ہیں، فریقین کے جواب کے جائزے کے بعد مولانا فضل الرحمان ثالثی کردار ادا کرنے یا نہ کرنے کا فیصلہ کریں گے۔ مولانا فضل الرحمان نے ثالثی کے کردار کے لیے فریقین کو اپنی شرائط سے بھی آگاہ کردیا، کہا فریقین نے بنیادی امور پر اتفاق کیا تو مولانا فضل الرحمان اپنا کردار ادا کریں گے، سنجیدہ اور مخلصانہ کوشش سے اب بھی راستہ نکالا جاسکتا ہے۔ فضل الرحمان نے فریقین کو مشورہ دیا ہے کہ ایک دوسرے کے موقف کو تسلیم کریں گے تو درمیانی راستہ نکل آئے گا، ڈیڈلاک برقرار رہا اور لانگ مارچ کیخلاف طاقت استعمال ہوئی تو کچھ نہیں بچے گا۔ ذرائع کے مطابق مولانا فضل الرحمان کے گرین سگنل کے بعد وزیراعظم اور مولانا فضل الرحمان کے درمیان ملاقات کا بھی امکان ہے۔

بقیہ 29

کی جانب سے مصالحانہ کردار کے لیے پیش کی گئی شرائط سے بھی آگاہ کردیا گیا، وزیراعظم کو مولانا فضل الرحمان کا خصوصی پیغام بھی پہنچایا گیا ہے۔ ذرائع نے کہا کہ وزیراعظم کی جانب سے مولانا فضل الرحمان کے ساتھ ٹیلی فونک رابطہ متوقع ہے۔ خیال رہے کہ سربراہ جے یو آئی مولانا فضل الرحمان نے گزشتہ روز قومی اسمبلی کے اسپیکر ایاز صادق کی سربراہی میں ملاقات کیلئے آنیوالے حکومتی وفد کو خیبر پختونخوا میں گورنر راج نہ لگانے کا مشورہ دیا تھا۔

بقیہ 30

کے خلاف کارروائیاں کیں، فتنۃ الخوارج کے ہلاک اہم دہشتگرد کمانڈرز میں خارجی خالد رضا، خارجی کامران، خارجی موسیٰ اور خارجی مفتوم شامل ہیں۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق سیکیورٹی فورسز کی مؤثر کارروائی کے دوران ہلاک دہشتگردوں سے بھاری مقدار میں اسلحہ، گولہ بارود بھی برآمد ہوا، عزم استحکام ویژن کے تحت جاری کارروائیوں کیدوران فتنۃ الخوارج کے متعدد ٹھکانے بھی تباہ کیے گئے۔

بقیہ 31

19 ارب روپے کا اضافی بوجھ منتقل ہوگا۔ لائف لائن صارفین پر اس اضافے کا اطلاق نہیں ہوگا۔

بقیہ 32

اور قوم کی تعمیر و ترقی کے لئے اقدامات اٹھاتے ہوئے پارٹی کی تنظیم سازی اور ورکروں کے مسائل کے حل پر خصوصی توجہ دی جارہی ہے کیونکہ ورکر ہی پارٹی میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں۔ یہ بات انہوں نے پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے جنرل سیکرٹری و رکن قومی اسمبلی جمال شاہ کاکڑ سے اسمبلی سیکرٹریٹ اسپیکر چیمبر میں ملاقات کے دوران کہی۔ سردار ایاز صادق کو جمال شاہ کاکڑ نے جماعت کی تنظیمی حوالے سے کی جانے والی کاوشوں، اقدامات اور بلوچستان میں پارٹی امور اور صوبے کے حالات کے حوالے سے آگاہ کیا اور تنظیمی معاملات کو بہتر بنانے کے لئے تجاویز بتائیں۔ سردار ایاز صادق نے پارٹی کارکنوں کی وزراء اور عہدیداروں سمیت پارلیمانی نمائندوں سے با آسانی ملاقات کے لئے پارٹی سیکرٹریٹ کے قیام کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے ان کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کے حوالے سے تجاویز دیں

بقیہ 33

نیشن پاکستان کے تحت قومی سطح کا مرکزی ڈیٹا سینٹر حکومتی خدمات اور شہری سہولیات پہنچانے میں کلیدی کردار ادا کرے گا، وفاقی وزارتوں کی ذمہ داریاں کارکردگی اور متعلقہ ڈیٹا کی مرکزی ڈیٹا سینٹر میں فراہمی حکومتی نظام کو عصر حاضر سے ہم آہنگ کرے گا۔ اسلام آباد میں وزیراعظم کی زیر صدارت پاکستان ڈیجیٹل نیشن پروگرام کے تحت وفاقی وزارتوں کی کارکردگی، متعلقہ اعداد و شمار کی ڈیجیٹائزیشن پر پیشرفت جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔ مختلف وفاقی وزارتوں نے اپنی عوامی خدمات، کارکردگی اور متعلقہ اعداد وشمار کی مرکزی ڈیٹا سینٹر میں فراہمی پر بریفنگ دی۔ وفاقی وزارت صحت سے متعلقہ اعداد وشمار کی مرکزی ڈیٹا سینٹر میں فراہمی اور ادویات کی معیاری تصدیق میں ڈیجیٹائزیشن کے استعمال پر خصوصی بریفنگ دی گئی۔

بقیہ 34

کاروباری اداروں کے درمیان روابط کو فروغ دینے کی ضرورت ہے۔ ایوان صدر کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق صدرِ مملکت نے ان خیالات کا اظہار جرمنی کے لئے پاکستان کے نامزد سفیر سلمان شریف سے ایوانِ صدر میں ملاقات کے دوران کیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان جرمنی کے ساتھ اپنے دیرینہ تعلقات کو بہت اہمیت دیتا ہے اور 2026 میں سفارتی تعلقات کے قیام کی 75 ویں سالگرہ کو دوطرفہ تعاون کو مزید گہرا کرنے کا نتیجہ خیز موقع بنانے کا خواہاں ہے۔ صدرِ مملکت نے دوطرفہ تجارت اور کاروباری روابط بڑھانے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ جرمنی یورپی یونین میں پاکستان کی برآمدات کی سب سے بڑی منڈی ہے۔

بقیہ 35

ملاقات ہونے کی خبروں سے متعلق سوال پر دوٹوک کہا کہ فی الحال وزیراعظم سے کوئی ملاقات نہیں ہوئی۔ حافظ نعیم نے کہا کہ معلوم نہیں کس ذرائع سے ملاقات کی خبریں چلائی گئیں حالانکہ ابھی تک ہماری کوئی ملاقات نہیں ہوئی۔ انہوں نے بتایا کہ وفاقی وزیر احسن اقبال نے جماعت اسلامی کی مذاکراتی کمیٹی کے سربراہ لیاقت بلوچ سے رابطہ کرکے یقین دلایا ہے کہ وزیراعظم سے ملاقات جلد متوقع ہے اور امکان یہی ہے کہ آئندہ دو روز میں وزیراعظم سے ملیں گے۔ حافظ نعیم کا کہنا تھا کہ چاہتا ہوں اب وزیراعظم سے ملاقات ہو تو وہ لیوی کو ختم کرنے کی طرف جائیں کیونکہ آئی ایم ایف سے بھی ان کی ملاقات ہوگئی ہے اب ان کو عوام کو ریلیف دینا چاہیے۔

بقیہ 36

اور ناجائز منافع خوری کے خلاف کاروائی کی جائے۔ احسن اقبال نے کہا کہ تھوک اور پرچون قیمتوں میں غیرضروری فرق ختم کیا جائے، پیٹرولیم قیمتوں میں اضافے کے بعد ٹرانسپورٹ کرایوں میں اضافے کا موازنہ کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ عالمی منڈی میں ڈی اے پی کی قیمتوں میں کمی کا فائدہ کسانوں تک پہنچنا چاہیے، عالمی قیمتوں میں کمی کے باوجود پاکستان میں ڈی اے پی مہنگی کیوں ہے؟ ۔احسن اقبال نے کہا کہ گھی، خوردنی تیل اور ڈیری مصنوعات کی معائنہ رپورٹ ایک ہفتے میں پیش کی جائے، قیمتوں میں اضافے کی وجوہات اور مارکیٹ میں بگاڑ کی نشاندہی کی جائے۔

بقیہ 37

یادوں میں موجود ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس قدرتی آفت نے بڑے پیمانے پر انسانی نقصان کے ساتھ ساتھ بنیادی ڈھانچے کو بھی شدید متاثر کیا، تاہم پوری قوم نے دکھ کی اس گھڑی میں متاثرین کو تنہا نہیں چھوڑا اور ہر ممکن تعاون کے لیے آگے بڑھی۔ قائم مقام چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ بڑے پیمانے پر آنے والی قدرتی آفات سے نمٹنے کے لیے صرف حادثے کے بعد امدادی کارروائیاں کافی نہیں بلکہ پیشگی منصوبہ بندی، ادارہ جاتی استعداد اور فوری فیصلہ سازی کو بھی ترجیح دینا ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ موسمی اور قدرتی خطرات کے تناظر میں جدید سائنسی معلومات، پیشگی اطلاع کے نظام، مؤثر ریسکیو میکنزم اور ہنگامی طبی سہولیات کو مزید بہتر بنانے کی ضرورت ہے تاکہ مستقبل میں کسی بھی ناگہانی صورتحال کے دوران قیمتی انسانی جانوں کے تحفظ کو یقینی بنایا جاسکے۔ سیدال خان ناصر نے کہا کہ 2005ء کے زلزلے کے بعد جس جذبہ انسانیت اور باہمی تعاون کا مظاہرہ کیا گیا، وہ قومی یکجہتی کی ایک روشن مثال ہے۔

بقیہ 38

اسماعیل بقائی نے بتایا کہ دونوں ممالک نے آبنائے ہرمز میں داخل ہونے اور وہاں سے نکلنے والے بحری جہازوں کے لیے مقررہ محفوظ راستوں کے جغرافیائی کوآرڈینیٹس طے کرلیے ہیں۔ ایرانی سرکاری خبر رساں ادارے ارنا کے مطابق ایران اور عمان اس بات پر بھی متفق ہوگئے ہیں کہ ان راستوں کے جغرافیائی نقاط متعلقہ بین الاقوامی بحری اداروں تک کس طریقے سے پہنچائے جائیں گے۔ یہ پیش رفت آبنائے ہرمز میں بحری آمدورفت بحال کرنے کے لیے ایران اور عمان کے درمیان طے پانے والے مرحلہ وار فریم ورک کا حصہ ہے۔

بقیہ 39

مرکزی شاہراہ سے قریبی پہاڑوں کی طرف فرار ہو گئے۔ سیکیورٹی فورسز کے پہنچنے کے بعد شاہراہ کو مکمل طور پر کلیئر کراکے ٹریفک کے لیے دوبارہ کھول دیا گیا۔

بقیہ 40

2026 کو امتحان منعقد کیا گیا، جس میں ڈسٹرکٹ پولیس کے کانسٹیبلز، CHP کانسٹیبلز اور سابق لیویز کانسٹیبلز سمیت مجموعی طور پر 278 امیدواروں نے حصہ لینے کے لیے رجسٹریشن کرائی۔ امتحان میں 227 امیدوار شریک ہوئے جبکہ 51 امیدوار غیر حاضر رہے۔ امتحان کے نتائج کے مطابق 198 امیدوار کامیاب جبکہ 29 امیدوار ناکام قرار پائے۔ کامیاب امیدواروں کے انٹرویوز کا سلسلہ 8 اکتوبر سے 10 اکتوبر 2026 تک جاری رہے گا، جس میں امیدواروں کی پیشہ ورانہ اہلیت، کارکردگی اور دیگر مقررہ معیار کا جائزہ لیا جارہا ہے۔

بقیہ 41

ہے۔ ان منفرد اور تاریخی کھلی کچہریوں میں تینوں اضلاع سے تعلق رکھنے والی سینکڑوں خواتین نے جوش و خروش کے ساتھ شرکت کی اور ضلعی انتظامیہ اور سکیورٹی اداروں کے سامنے اپنے دیرینہ مسائل کھل کر بیان کیے۔ کھلی کچہریوں کے دوران خواتین کے قانونی و سماجی حقوق، بنیادی سہولیات کی فراہمی، تعلیم کے فروغ، صحت کی بہتر سہولیات، روزگار کے مواقع اور دیگر گھریلو و عوامی مسائل براہِ راست سنے گئے۔ موقع پر موجود متعلقہ اداروں کے اعلیٰ حکام نے خواتین کے تمام مسائل کو بغور سنا اور ان کے فوری اور منصفانہ حل کے لیے عملی اقدامات اٹھانے کی مکمل یقین دہانی کرائی۔

بقیہ 42

بیان کا خیرمقدم کیا ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان دفاعی تعلقات دہائیوں پر محیط اور لازوال ہیں، اور مکہ معاہدہ مسلم دنیا کے مشترکہ دفاع اور اسٹریٹیجک خودانحصاری کی جانب ایک انقلابی قدم ہے۔ سینیٹر محمد عبدالقادر نے اپنے ایک اہم بیان میں کہا کہ ترجمان پاک فوج کا یہ واضح اعلان کہ پاکستانی عسکری دستے پہلے سے ہی سعودی عرب میں مختلف صلاحیتوں کے تحت خدمات انجام دے رہے ہیں، اس بات کا ثبوت ہے کہ پاکستان ہمیشہ سے حرمین شریفین اور سعودیہ کی سلامتی کو اپنی اولین ترجیح مانتا آیا ہے۔

بقیہ 43

فراموش نہیں کیا جاسکتا جنہیں ہمیشہ یاد رکھا جائے گا ۔ انہوں نے اپنے قلم کے ذریعے انسانیت کی خدمت کی ہے ان کی موت سے پیدا ہونے والا خلاء پرنہیں ہوسکتا۔ ان خیالات کا اظہار جنرل سیکرٹری پریس کلب ایوب ترین، جنرل سیکرٹری بی یو جے شاہ حسین ترین، سینئر صحافیوں پی ایف یو جے کے سابق صدر سینئر اینکر شہزادہ ذوالفقار، رضا الرحمٰن، خلیل احمد، عبدالخالق رند، محمد کاظم مینگل، مرحوم صحافی سید خلیل الرحمٰن کے بھائی سید بہادر شاہ، مرحوم عابد بخاری کے بھائی سید زاہد بخاری، مرحوم موسیٰ فرمان کے بھائی شمعون فرمان ، زبیر ابابکی کے بھائی سہیل ابابکی اور مرحوم عبدالستار کاکڑ کے فرزند نثار کاکڑ نے مرحوم صحافیوں کی صحافتی خدمات پر خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے ہمیشہ اپنے فرائض کی بجا آوری کے ذریعے عوام تک حق اور سچ پر مبنی خبریں پہنچائی ہے اور اپنے اصولوں پر کار بند رہے کبھی بھی سمجھوتہ نہیں کیا

بقیہ 44

طرح نوچا جا رہا ہے، وہ سب کے سامنے ہے، وزیراعظم کے ساتھ سیاسی نہیں بلکہ بیوروکریسی تعینات ہوتی ہے، ہم سیاسی لوگ کمپرومائز ہیں، جس نے اصلاحات کی کوشش کی، اس کا حال آپ نے دیکھ لیا، ذوالفقار بھٹو نے اصلاحات لانے کی کوشش کی اور پھانسی چڑھ گئے۔ ندیم افضل چن نے کہا کہ اس ملک میں ڈی ایم جی گروپ کا راج ہے، بانی پی ٹی آئی نے اصلاحات کیلئے کمیٹی بنائی تھی، میں نے کابینہ میں کہا، بیوروکریسی اپنی اصلاحات کیسے کرسکتی ہے، بیوروکریسی اپنے اختیارات کیسے دے گی، بانی پی ٹی آئی سے کہا، اصلاحات لانی ہیں تو سیاستدانوں پر مشتمل کمیٹی بنائیں، یہاں دن دیہاڑے آئین کی خلاف ورزی ہورہی ہے۔

بقیہ 45

پختونخوا ممبر بار کونسل علی زمان نائب صدر بلوچستان غنی خلجی اور راحب خان بلیدی نے اپنے ایک بیان میں پاکستان تحریک انصاف کے پرامن لانگ مارچ اور ان کی تمام مطالبات کی حمایت کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ تحریک انصاف کا لانگ مارچ ملک کے اندر جمہوریت کے استحکام آئین وقانون کی بالادستی آزاد عدلیہ آزاد پارلمنٹ ملک میں جاری سیاسی معاشی بحران امن وامان کے بگڑتی ہوئی صورتحال سیاسی قائدین و کارکنوں کی غیر قانونی گرفتاریوں انسانی حقوق کے پامالیوں مہنگائی لاقانونیت اقرباء پروری کرپشن لوٹ کھسوٹ کے خلاف تاریخی جدوجہد ہوگی آل پاکستان وکلاء ایکشن کمیٹی اس تاریخی جدوجہد میں تحریک انصاف کے حمایت کا اعلان کرتی ہے ہم تحریک انصاف کے سربراہ عمران خان، شاہ محمد قریشی سمیت ملک بھر قید سیاسی کارکنوں ڈاکٹر ماہ رنگ اور ان کے ساتھیوں علی وزیر، ایمان مزاری، ہادی چھٹہ، ڈاکٹر یاسمین راشد کی فوری رہائی کا بھی مطالبہ کرتے ہیں بیان کہا کہ حکومت فوری طور پران کے جائز مطالبات تسلیم کرے اور پرامن ریلی کے شرکاء کے تحفظ کو یقینی بنائے کسی بھی غیر آئینی وغیر قانونی رکاوٹوں سے گریز کرے

بقیہ 46

کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشت گرد عناصر امن، ترقی اور عوام کے محفوظ مستقبل کے دشمن ہیں، ان کے مذموم عزائم کسی صورت کامیاب نہیں ہونے دیے جائیں گے۔ اپنے ایک بیان میں میر علی حسن زہری نے گزشتہ روز ضلع مستونگ میں سیکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائی کو سراہتے ہوئے کہا کہ کارروائی کے دوران متعدد دہشت گردوں کی ہلاکت اور بڑی مقدار میں اسلحہ و گولہ بارود کی برآمدگی سیکیورٹی فورسز کی بروقت کارروائی، پیشہ ورانہ صلاحیت اور مؤثر انٹیلی جنس کا ثبوت ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں امن دشمن عناصر کے خلاف سیکیورٹی فورسز جس عزم اور حوصلے کے ساتھ کارروائیاں کررہی ہیں، وہ قابلِ تحسین ہے۔ قوم اپنے ان بہادر جوانوں کو خراج تحسین پیش کرتی ہے جو اپنی جانوں کی پروا کیے بغیر عوام کے جان و مال کے تحفظ اور ملک کے امن کے لیے فرائض انجام دے رہے ہیں۔ میر علی حسن زہری نے کہا کہ حالیہ واقعات ایک بار پھر اس امر کی ضرورت اجاگر کرتے ہیں کہ دہشت گردی کے خلاف قومی سطح پر اتحاد اور یکجہتی کو مزید مضبوط کیا جائے۔ دہشت گردی کسی ایک علاقے یا طبقے کا مسئلہ نہیں بلکہ پورے ملک کے امن، معیشت اور مستقبل کے لیے خطرہ ہے۔

بقیہ 47

دونوں میرزا خان قوم ملاخیل، کلی ملا عبداللہ کے رہائشی تھے۔ پولیس ذرائع کے مطابق دونوں بھائی گھر سے ناراض ہوکر نکلے تھے، جن کی لاشیں بعدازاں کوئلے کی بند کان سے برآمد ہوئیں۔ پولیس کے مطابق لاشوں کو ضروری کارروائی کے لیے اسپتال منتقل کردیا گیا ہے، جبکہ واقعے سے متعلق مزید تحقیقات جاری ہیں۔ دوسری جانب درہ آدم خیل کے علاقے اخوروال میں کوئلے کان میں پیش آنے والے حادثے کے نتیجے میں شانگلہ سے تعلق رکھنے والے 2 محنت کش مزدور جاں بحق ہوگئے۔ جاں بحق ہونے والوں میں زرین تاج ولد فضل کریم سکنہ بانڈہ دولت الپوری اور محمد قیوم ولد محمد زمان سکنہ چچلو یونین کونسل رانیال الپوری ضلع شانگلہ شامل ہیں۔ حادثے کی اطلاع ملتے ہی دونوں 2 محنت کش مزدوروں کے آبائی علاقوں میں سوگ کی فضا پھیل گئی جبکہ اہل خانہ غم سے نڈھال ہوگئے۔ دونوں محنت کش مزدور روزگار کے سلسلے میں درہ آدم خیل کے علاقے اخوروال میں کوئلے کی کان میں کام کررہے تھے

بقیہ 48

دہی کا باقاعدہ سلسلہ شروع ہوگیا ہے۔ ڈسٹرکٹ کمپلیکس میں کمشنر لسبیلہ ڈویژن، ڈی آئی جی لسبیلہ ڈویژن سمیت مختلف سرکاری محکموں کے افسران بیٹھ کر سرکاری امور انجام دیں گے۔ ڈسٹرکٹ کمپلیکس کے فعال ہونے سے ضلع لسبیلہ، حب اور آواران کے عوام کو انتظامی امور اور مختلف سرکاری محکموں سے متعلق مسائل کے حل کے لیے سہولت میسر آئے گی، جبکہ سرکاری دفاتر ایک ہی مقام پر دستیاب ہونے سے عوام کو متعلقہ افسران تک رسائی میں بھی آسانی ہوگی۔ کمشنر لسبیلہ ڈویژن سائرہ عطا نے ڈسٹرکٹ کمپلیکس اوتھل کے احاطے میں پودا بھی لگایا اس موقع پر ڈسٹرکٹ چیئرمین لسبیلہ چیف ٹرائبل سردار غلام فاروق شیخ، سابق وائس چیئرمین لسبیلہ قادر بخش جاموٹ، چیئرمین میونسپل کمیٹی اوتھل سید سومار شاہ کاظمی نے بھی پودے لگائے، اس موقع پر ڈپٹی کمشنر لسبیلہ حمیرا بلوچ، ایس ایس پی لسبیلہ نجیب اللہ پندرانی، اے ڈی سی جنرل لسبیلہ سراج کریم بلوچ، اے ڈی سی ریونیو آفتاب احمد لاسی، اسسٹنٹ کمشنر اوتھل میرمن کاکڑ، اسسٹنٹ کمشنر کنراج کشش چوہدری، تحصیلدار اوتھل حبیب اللہ کھوسہ، صحافی محمد عمر لاسی، وائس چیئرمین اوتھل وسیم احمد لاسی، جنرل کونسلر میونسپل کمیٹی اوتھل نصیر احمد لنگاہ، اسسٹنٹ میونسپل کمیٹی عبداللہ رونجھو، شفیع محمد دودا، کیشیئر ڈی سی آفس غلام اکبر شیخ، سپرنٹنڈنٹ کمشنر آفس غلام مرتضیٰ شیخ سمیت دیگر موجود تھے۔

بقیہ 49

نقصان پہنچا۔ ابتدائی اطلاعات کے مطابق کسی جانی نقصان کی اطلاع موصول نہیں ہوئی تاہم دھماکے کی نوعیت تاحال معلوم نہیں ہوسکی۔

بقیہ 50

عبدالقدوس اچکزئی نے کیا، جبکہ اس موقع پر ڈی ایچ او ڈاکٹر رفیق مستوئی ایم ایس شمس اللہ متعلقہ محکمہ صحت کے افسران اور دیگر حکام بھی موجود تھے۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر عبدالقدوس اچکزئی نے کہا کہ ڈائیلاسز کی سہولت کا مقامی سطح پر آغاز ضلع زیارت اور گردونواح کے گردوں کے امراض میں مبتلا مریضوں کے لیے ایک اہم طبی سہولت ہے، جس سے مریضوں کو علاج کی غرض سے کوئٹہ سمیت دیگر شہروں کا سفر کرنے کی ضرورت کم ہوگی۔

بقیہ 51

نامزد جنرل قونصل مولانا فضل حق شاکر سے ملاقات کی اور انہیں نیا عہدہ سنبھالنے پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے خیر سگالی کے جذبات کا اظہار کیا۔ اس موقع پر سابق جنرل قونصل مولانا حبیب اللہ مولوی حمداللہ و دیگر بھی موجود تھے ملاقات میں جے یو آئی نظریاتی کے رہنماؤں نے عالمی برادری اور بین الاقوامی مالیاتی اداروں سے مطالبہ کیا کہ وہ افغانستان میں پیدا ہونے والے بحران پر قابو پانے کے لیے معاشی اور انسانی بنیادوں پر فوری مدد فراہم کریں۔ عالمی بینک اور دیگر بین الاقوامی ادارے افغانستان کے ترقیاتی فنڈز اور منجمد کیے گئے اثاثوں کو بلا تاخیر بحال کریں۔ رہنماؤں نے کہا کہ امارتِ اسلامی افغانستان میں ترقی و استحکام: افغانستان میں امن، خوشحالی، ترقی اور استحکام کے ایک نئے دور کا آغاز ہوچکا ہے۔

بقیہ 52

مطالبات کے حوالے سے دستخطی مہم کا آغاز کیا کریں گے مہم کے مطالبات میں امن کا قیام، پٹرولیم لیوی کی شکل میں نافذ بھتہ ٹیکس و مہنگائی کے خاتمے، مفت خوروں ونام نقادوں وی آئی پیز اور اراکین اسمبلی کو مفت گیس، پٹرول اور بجلی کی سہولیات کی بندش اور اراکین اسمبلی و پروٹوکول کے لیے 1300 سی سی گاڑیوں کے استعمال کو لازمی قرار دینے سمیت عوامی مطالبات پیش کیے جائیں گے۔ جماعت اسلامی نے کوئٹہ میں موجود تمام صوبائی و ضلعی ذمہ داران ارکان و کارکنان اور عوام سے بھرپور شرکت کی اپیل کی ہے۔

بقیہ 53

آگے لانے والے بانی چیئرمین عمران خان ہیں، اگر انہیں ہٹانے یا نااہل کرنے کی کوئی بھی سازش کی گئی تو اس سے تحریک ہرگز نہیں رکے گی کیونکہ عمران خان متبادل قیادت سامنے لے آئیں گے۔ اینکر پرسن ثمینہ پاشا کے ساتھ گفتگو کرتے ہوئے ان کا کہنا تھا کہ سہیل آفریدی جیسی قیادت کو ان ہتھکنڈوں کی کوئی پرواہ نہیں ہوتی، اصل پریشانی اور خوف ان عناصر کو لاحق ہے جو مبینہ طور پر فارم 47 کے ذریعے اقتدار میں آئے ہیں اور اپنے ذاتی کاروبار، نسلوں کے مستقبل اور عیاشیوں کو محفوظ بنانے میں لگے ہوئے ہیں۔ تحریک انصاف کے لانگ مارچ کی بین الاقوامی میڈیا کوریج کا ذکر کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ بی بی سی اور سی این این سمیت دنیا بھر کے تمام بڑے گلوبل نیٹ ورکس اور انسانی حقوق کی بین الاقوامی تنظیمیں اس مارچ کو بھرپور انداز میں کور کررہی ہیں، جس سے حکومتی صفوں میں شدید ہلچل مچ گئی ہے۔

بقیہ 54

فروغ پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ایتھوپیا کے سفیر ڈاکٹر اومر حسین اوبا، پاکستان میں روانڈا کی ہائی کمشنر ہریریمانا فاتو اور جمہوریہ تاجکستان کے سفیر برائے غیر معمولی و مکمل اختیارات یوسف شریف زودہ نے 8 اکتوبر 2026 کو وزیر دفاع خواجہ محمد آصف سے ان کے دفتر میں ملاقاتیں کیں۔ ملاقاتوں کے دوران پاکستان اور تینوں ممالک کے درمیان دوطرفہ تعلقات، دفاعی تعاون اور ہوا بازی کے شعبے میں باہمی روابط کے فروغ سمیت باہمی دلچسپی کے امور پر گفتگو کی گئی۔ وزیر دفاع خواجہ محمد آصف نے اس موقع پر پاکستان کی جانب سے ایتھوپیا، روانڈا اور تاجکستان کے ساتھ دوطرفہ تعلقات کو مزید مستحکم کرنے اور باہمی مفاد پر مبنی تعاون کے دائرہ کار کو وسیع کرنے کی خواہش کا اعادہ کیا۔ وزیر دفاع نے کہا کہ پاکستان دوست ممالک کے ساتھ مختلف شعبوں میں تعاون کو فروغ دینے اور باہمی تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کیلئے پرعزم ہے۔

بقیہ 55

بھی نصب کیا جا رہا ہے جس کا مقصد ڈرون سے گرائے جانے والے دھماکہ خیز مواد کے اثرات کو کم کرنا ہے۔ دہشتگردی سے متاثرہ خیبر پختونخوا میں ڈرون حملوں جیسے بدلتے طریقہ واردات کے بعد پولیس نے صوبے بھر کی حساس تنصیبات پر حفاظتی جال نصب کرنا شروع کردیے ہیں۔ پولیس حکام کے مطابق پشاور میں اب تک 31 حساس پولیس تنصیبات پر یہ جال نصب کیے جاچکے ہیں جن پر تقریباً 2 ہزار 81 میٹر جال نصب کیا گیا ہے جب کہ ضرورت پڑنے پر مزید حفاظتی جال بھی نصب کیے جائیں گے۔ عام سے دکھنے والے جال میں ڈرون سے گرایا جانے والا ایے لوڈ پھنس جاتا ہے

بقیہ 56

کیلئے ہفتہ وار شپنگ رابطہ بحال ہوا ہے، ایم ایس سی نے پریمیم آئی پاک سروس دوبارہ شروع کردی، اس براہ راست یورپی شپنگ سروس سے برآمد کنندگان کو ریلیف ملے گا۔ انہوں نے کہا کراچی پورٹ سے شپنگ سروس کی بحالی برآمدی صنعت کیلئے اہم پیش رفت ہے، اس سے یورپ کیلئے ٹیکسٹائل سمیت برآمدی سامان کی ترسیل مزید بہتر ہوگی، قابل اعتماد شپنگ رابطے برآمد کنندگان کے لئے انتہائی اہم ہیں۔ وزیر بحری امور نے کے پی ٹی چیئرمین اور کے جی ٹی ایل انتظامیہ کی کاوشیں قابل تحسین قرار دیں، چیئرمین کے پی ٹی ریئر ایڈمرل (ر) شاہد احمد نے کہا کہ بحری لاجسٹکس نظام مزید موثر بنانے کیلئے اقدامات جاری ہیں، اور کراچی سے یورپ کی اہم منڈیوں تک رسائی بہتر ہوگی۔

بقیہ 57

اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ گنداخہ شہر میں صفائی ستھرائی، اشیائے خورد ونوش کی قیمتوں، معیار اور سرکاری نرخناموں پر عملدرآمد سمیت دیگر عوامی امور کی مسلسل نگرانی کی جارہی ہے۔ خلاف ورزی کرنے والے دکانداروں کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ اسسٹنٹ کمشنر ماریہ شمعون نے کہا کہ شہریوں کی شکایات کو سنجیدگی سے لیا جائے گا اور عوامی مسائل کے حل کے لیے متعلقہ اداروں کے ساتھ مل کر اقدامات کیے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ میڈیا عوامی مسائل کو اجاگر کرنے اور انتظامیہ تک عوام کی آواز پہنچانے میں اہم کردار ادا کر رہا ہے۔ اس موقع پر تحصیل پریس کلب گنداخہ کے صدر وصحافی ساجد جمالی نے مختلف علاقائی وعوامی مسائل پر گفتگو کرتے ہوئے انتظامیہ کی توجہ اہم مسائل کی جانب مبذول کرائی۔

بقیہ 58

آر کے آن لائن پورٹل کے ذریعے جمع کرانے کے پابند ہوں گے۔ وفاقی حکومت کے فیصلے پر آئی جی سندھ نے بھی سندھ پولیس میں عمل درآمد کے احکامات جاری کردیئے ہیں۔ سندھ پولیس کے گریڈ 17 اور اس سے اوپر کے افسران کو مالی سال 2025-26 کے اثاثوں کی تفصیلات 30 اکتوبر تک جمع کرانے کی ہدایت کی گئی ہے۔ احکامات میں کہا گیا کہ افسران کو اپنی آمدن، بینک اکاؤنٹس، جائیدادوں اور سرمایہ کاری کی تفصیلات فراہم کرنا ہوں گی، جبکہ شریک حیات کی منقولہ اور غیر منقولہ جائیدادوں کی تفصیلات بھی ظاہر کرنا لازمی ہوگا۔ افسران کو گاڑیوں، شیئرز، پرائز بانڈز، دیگر قیمتی اثاثوں اور ملکی وغیر ملکی بینک اکاؤنٹس کی معلومات بھی جمع کرانا ہوں گی۔ اس کے علاوہ آمدن کے ذرائع، اہل خانہ کی آمدن، بچوں کی تعلیم اور تعلیمی اخراجات کی تفصیلات بھی فراہم کرنا ہوں گی۔ حکام کے مطابق بجلی اور گیس سمیت یوٹیلیٹی بلز، نجی غیر ملکی دوروں کے اخراجات، بینک قرضوں اور دیگر واجبات کی تفصیلات بھی ظاہر کرنا ہوں گی، جبکہ گزشتہ مالی سال کے مقابلے میں اثاثوں کی مالیت میں ہونے والی تبدیلی کی وضاحت بھی دینا ہوگی

بقیہ 59

گا۔ جوڈیشل کمیشن اجلاس 13 اکتوبر کو ڈیڑھ بجے دن سپریم کورٹ کانفرنس روم میں ہوگا۔ واضح رہے کہ سندھ ہائیکورٹ میں آئینی بنچز کی مدت 25 اکتوبر کو ختم ہورہی ہے۔

بقیہ 60

گئے بلوچستان پرائیویٹ اسکولز ایسوسی ایشن الائنس کے ساتھ طے پانے والے معاہدے کے تحت حاضر سروس اور وفات پاجانے والے ملازمین کے بچوں کو ٹیوشن فیس میں 30 فیصد رعایت دی جائے گی جبکہ پولیس شہداء کے بچوں کے لیے ٹیوشن فیس مکمل طور پر معاف ہوگی۔ اس کے علاوہ داخلہ فیس امتحانی فیس اور دیگر ادارہ جاتی اخراجات میں بھی خصوصی اضافی رعایتیں فراہم کی جائیں گی۔ اس موقع پر ڈی آئی جی ہیڈکوارٹر طاہر علاالدین نے کہا کہ اس شراکت داری کا مقصد پولیس اہلکاروں کے بچوں کو معیاری تعلیم تک رسائی فراہم کرنا اور پولیس خاندانوں کی تعلیمی ضروریات کو بہتر انداز میں پورا کرنا مقصود ہے انہوں نے کہا کہ یہ اقدام نہ صرف پولیس اہلکاروں کے خدمات کے اعتراف کا عملی مظہر ہے بلکہ ان کے خاندانوں کی فلاح و بہبود کی جانب ایک اہم قدم بھی ہے۔ دوسری جانب بلوچستان پولیس اور کارپوریٹ ہیلتھ سروسز (CHS) کے درمیان ہونے والے معاہدے کے تحت پولیس اہلکاروں اور ان کے خاندانوں کی معیاری طبی سہولیات کے رعایتی نرخوں ، ریڈیالوجی اور دیگر تشخیصی ٹیسٹوں پر 40 فیصد تک رعایت دی جائے گی

بقیہ 61

اہل بلوچستان کو ہر قیمت پر فوری اور دیرپا امن دینا ہوگا۔ بدامنی، بدعنوانی اور دہشت گردی نے پورے بلوچستان کو متاثر کر رکھا ہے۔ طاقت کے استعمال اور فوجی آپریشن کے بجائے امن کے قیام کے لیے مذاکرات، بامقصد بات چیت اور سیاسی حل کا راستہ اختیار کیا جائے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کوئٹہ میں وفود سے ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی شاہراہیں ویران اور عوام پریشان ہیں۔ بدامنی اور قتل و غارت گری سے ہر علاقہ متاثر ہے، معیشت اور تجارت تباہ ہوچکی ہے۔ حکومتی سطح پر روزگار کے مواقع نہیں، نہ ہی سرکار کی طرف سے روزگار اور کاروبار کے لیے کارخانے قائم کیے گئے ہیں، جبکہ بارڈرز کی بندش نے جلتی پر تیل کا کام کیا ہے۔

بقیہ 62

احسان اللہ کی شہادت پر گہرے غم اور رنج کا اظہار اور اس المناک واقعے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کرتی ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ چمن شہر اور مضافاتی علاقوں میں بدامنی، ڈکیتی اور لاقانونیت کے بڑھتے ہوئے واقعات نے عوام کو شدید عدم تحفظ سے دوچار کر دیا ہے۔ حافظ احسان اللہ کی شہادت اسی تشویشناک صورتحال کی ایک المناک مثال ہے۔ پشتونخوا میپ ضلع چمن حکومت اور متعلقہ اداروں سے مطالبہ کرتی ہے کہ شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنایا جائے، واقعے میں ملوث عناصر کو فوری گرفتار کرکے قانون کے مطابق سخت سزا دی جائے اور چمن میں امن وامان کی صورتحال بہتر بنانے کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں۔ پشتونخوا میپ چمن سوگوار خاندان سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ شہید حافظ احسان اللہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور پسماندگان کو صبرِ جمیل دے۔

بقیہ 63

مستقبل میں ممکنہ سیلاب اور موسمیاتی خطرات سے محفوظ بنانا ہے۔ سندھ حکومت اور ورلڈ بینک کے وفد کے درمیان صوبے کے ترقیاتی منصوبوں سے متعلق اہم اجلاس ہوا، جس کی صدارت صوبائی وزیر آبپاشی، منصوبہ بندی و ترقی جام خان شورو نے کی۔ اجلاس میں ورلڈ بینک کے وفد کی جانب سے لیڈ اربن اسپیشلسٹ سلیم روحانہ، ٹاسک ٹیم لیڈر و ڈیزاسٹر رسک مینجمنٹ اسپیشلسٹ بلال خالد اور امپاروسیمپر ہیراللڈو نے شرکت کی۔ اجلاس میں چیئرمین منصوبہ بندی و ترقی نجم شاہ، سیکریٹری آبپاشی ظریف کھیڑو اور پی اینڈ ڈی بورڈ کے ممبر واٹر محمد احسان لغاری بھی موجود تھے۔ صوبائی وزیر جام خان شورو نے بتایا کہ مالی سال 2027 کے لیے سندھ فلڈ ریزیلینس پروجیکٹ کی مد میں ورلڈ بینک سے 350 ملین امریکی ڈالر کی مالی معاونت کی تجویز پیش کی گئی ہے۔ جام خان شورو نے کہا کہ 2022 کے تباہ کن سیلاب سے سندھ میں ایک کروڑ 46 لاکھ افراد متاثر ہوئے، جبکہ مالی اور بنیادی ڈھانچے کو مجموعی طور پر 9 ارب 10 کروڑ ڈالر کا نقصان پہنچا۔

بقیہ 64

مت کے پیروکار اس درخت کو، جسے مقامی طور پر بدھاٹری کہا جاتا ہے، مقدس سمجھتے ہیں، پی ایچ اے ریکارڈ کے مطابق سدھارتھ گوتم نے اسی قسم کے درخت کے نیچے سات ہفتے تک بغیر کھائے پیے مراقبہ کیا تھا، جس کے بعد انہیں روشن ضمیری حاصل ہوئی اور وہ بدھ یعنی بیدار شخص کہلائے۔ موریہ سلطنت کے بادشاہ اشوک کے بارے میں بھی کہا جاتا ہے کہ انہوں نے اسی مقام پر اسی درخت کے سائے میں مراقبہ کیا تھا۔ ہندوستان کی مشرقی ریاست بہار کے شہر بودھ گیا میں موجود اصل درخت اب باقی نہیں رہا، تاہم مہابودھی مندر میں موجود درخت، جو دنیا کا مقدس ترین بدھ مت زیارتی مقام سمجھا جاتا ہے، اسی اصل درخت کی براہ راست نسل سے منسوب کیا جاتا ہے۔

بقیہ 65

ہو جائیں۔ اسلام آباد میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ ملک کی موجودہ صورتحال میں بہتری کیلئے یہی بہتر ہے کہ مذاکرات کئے جائیں اور فضل الرحمان کی بھی خواہش ہے کہ پی ٹی آئی اور حکومت میں کسی طرح سے مذاکرات ہوجائیں۔ کامران مرتضی کا کہنا تھا کہ مولانا فضل الرحمان بزرگ سیاستدان ہیں ان کی باتیں سنی جاتی ہے اور وہ حالات کی بہتری کیلئے اپنے طور پر کردار ادا کر رہے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ پی ٹی آئی قیادت نے مولانا فضل الرحمان سے اے پی سی کے حوالے بات کی تھی اور آل پارٹیز کانفرنس کی تجویز مولانا فضل الرحمان کی ہی تھی۔

بقیہ 66

جانے والی کوششوں کو موثر انداز میں اجاگر کرنے کی ضرورت پر زور دیا ہے تاکہ زیادہ سے زیادہ لوگ اس کی خدمات سے استفادہ کرسکیں۔ صدر مملکت آصف علی زرداری سے وفاقی محتسب نوید کامران بلوچ نے جمعرات کو یہاں ایوان صدر میں ملاقات کی جس میں انہوں نے صدر مملکت کو سال 2025 کی سالانہ رپورٹ پیش کی۔ ایوان صدر کے میڈیا ونگ کی طرف سے جاری بیان کے مطابق وفاقی محتسب نے صدر مملکت کو ادارے کی کارکردگی اور عوام کو انتظامی انصاف تک رسائی بہتر بنانے کے لئے کئے گئے اقدامات سے آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ وفاقی محتسب نے 2025 میں ریکارڈ 261,101 شکایات کا ازالہ کیا جبکہ 2024 میں 223,198 شکایات نمٹائی گئی تھیں۔ انہوں نے بتایا کہ وفاقی محتسب کے فیصلوں پر عمل درآمد کی شرح 96.8 فیصد رہی۔

بقیہ 67

بہت کم ہے، بارڈر ہیلتھ سروسز کو تمام پوائنٹس آف اینٹری پر الرٹ کردیا ہے، این آئی ایچ کے پاس طاعون کی تشخیص کی صلاحیت موجود ہے۔ دوسری جانب ڈی جی ہیلتھ کا کہنا ہے کہ وفاقی وزارت صحت اور قومی ادارہ صحت صورت حال سے مکمل آگاہ ہیں۔

بقیہ 68

مطابق حملہ آوروں نے پولیس اہلکار پیر جان کے گھر کو نشانہ بنایا اور دستی بم حملے کے بعد خودکار ہتھیاروں سے فائرنگ کی، جس کے نتیجے میں پیر جان موقع پر ہی جاں بحق ہوگئے۔ پولیس ذرائع نے بتایا کہ جاں بحق اہلکار کی شناخت پیر جان ولد محمد ابراہیم کے نام سے ہوئی ہے۔ واقعے سے متعلق مزید تفصیلات تاحال سامنے نہیں آسکیں۔

بقیہ 69

صوبے کو بچانے کیلئے ایمرجنسی یا گورنر راج ضروری ہے تو آئین کے آرٹیکل 232 اور 234 کے تحت ایسا کیا جاسکتا ہے۔ فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ پُرامن احتجاج پر اعتراض نہیں تاہم احتجاج کے نام پر انتشار کی اجازت نہیں دی جائے گی، ان کا کہنا تھا کہ وہ اپنے آئینی کردار سے پوری طرح واقف ہیں، آئین کے تحت گورنر صوبائی امور اور امن وامان کی صورتحال پر اجلاس طلب کرسکتا ہے۔

بقیہ 70

کہ خیبر پختونخوا پولیس دن رات دہشتگردی کے خلاف جنگ میں قربانیاں دے رہی ہے، آج کرک میں بھی ایک ایس ایچ او اور کانسٹیبل کو بیدردی سے شہید کردیا گیا۔ انہوں نے خیبر پختونخوا حکومت کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ صوبائی حکومت کی نااہلی کا خمیازہ عوام کو بھگتنا پڑ رہا ہے، اگر صوبائی حکومت دہشتگردی کے خلاف جنگ میں پولیس اور دیگر اداروں کو درکار فنڈز اور اسلحہ فراہم کرنے کے لیے تیار نہیں تو اس کی نیت پر سوال اٹھتے ہیں۔ بلال اظہر کیانی کا کہنا تھا کہ تحریک انصاف کے لوگ کہتے ہیں کہ یہ جنگ ڈالرز کی ہے، تاہم خیبر پختونخوا میں دہشتگردی کے خلاف جنگ میں پولیس اور دیگر فورسز کے اہلکار اپنی جانیں قربان کررہے ہیں۔

بقیہ 71

وزیردفاع نے کہا کہ یہ پی ٹی آئی کی خوش فہمی ہے کہ لانگ مارچ کرکے حکومت کو بلیک میل کرسکے گی، مذاکرات کی ٹیبل پر بیٹھ کر واپس گھر جائیں، خیبر پختونخوا میں دہشت گردوں کی حمایت اور فنانسنگ بند کریں۔ خواجہ آصف نے کہا کہ روایت بن گئی ہے کہ آپ ہر دو تین ماہ بعد اسلام آباد پر حملہ آور ہوں، مجھے ٹی ٹی پی یا ان کے جو سرپرست ہیں ان کے خلاف ان کا ایک بیان دکھادیں۔ انہوں نے کہا کہ ان پیسوں کو بھتہ کہہ لیں یا خوشی کے ساتھ کہہ لیں، یہ دیتے ہیں، دہشتگرد خیبر پختونخوا کے مختلف اضلاع میں دندناتے پھرتے ہیں، صوبائی حکومت کی ان اضلاع میں رٹ نہیں۔

بقیہ 72

بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے سامنے پیش کیا، جس پر وزیراعلیٰ بلوچستان نے متعلقہ حکام کو ماحولیاتی قوانین پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ وزیراعلیٰ بلوچستان کے احکامات کی روشنی میں سیکریٹری ماحولیات وموسمیاتی تبدیلی نور احمد پرکانی اور ڈائریکٹر جنرل ادارہ تحفظ ماحولیات بلوچستان (EPA) ظہور بلوچ کی ہدایات پر ماحولیاتی معائنہ کارٹیموں نے کوئٹہ صنعتی زون میں واقع مختلف صنعتی یونٹس کا تفصیلی معائنہ کیا۔ ڈائریکٹر ایڈمن اینڈ فنانس محمد علی کی سربراہی میں انفورسمنٹ، لیبارٹری اور پبلک اویئرنس ونگز پر مشتمل مشترکہ ٹیم نے مختلف کارخانوں میں ماحولیاتی تحفظ کے انتظامات، صنعتی اخراج، فضلے کے انتظام اور ورکرز کے حفاظتی اقدامات کا جائزہ لیا۔ معائنے کے دوران متعدد صنعتی یونٹس میں ماحولیاتی قوانین اور ضوابط کی خلاف ورزیاں سامنے آئیں۔

بقیہ 73

انتخابی ریلی کیلئے روانگی کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ان کا کہنا تھا کہ ایران کے خلاف یہ جنگ ہمیں لازمی کرنی تھی تاکہ ان کے جوہری ہتھیاروں کا خاتمہ کیا جاسکے، اگر ایران کے پاس جوہری طاقت برقرار رہتی تو دنیا کو ایسے سنگین مسائل کا سامنا کرنا پڑتا جو پہلے کبھی نہیں دیکھے گئے تھے، اس وقت ایران کا پورا ملک تباہ ہو چکا ہے، یہ جنگ بہت جلد اپنے انجام کو پہنچ جائے گی اور اس کے خاتمے پر تیل کی قیمتیں تیزی سے نیچے آجائیں گی۔ ٹیکساس میں ایک انتخابی ریلی سے خطاب کرتے ہوئے ٹرمپ نے کہا کہ امریکہ ایران کو کسی صورت جوہری ہتھیار حاصل کرنے کی اجازت نہیں دے گا، ایران کے ساتھ کسی ممکنہ معاہدے کے خواہاں ہیں، تاہم سوال یہ ہے کہ آیا تہران اپنے جوہری پروگرام کو روکنے کے لیے قابل قبول اقدامات کرنے پر آمادہ ہے یا نہیں، میں سمجھتا ہوں معاہدہ ایک ایسی چیز ہے جو میں واقعی کرنا چاہتا ہوں لیکن کیا ایران اپنے جوہری پروگرام کو روکنے کے لیے کچھ پیش کرنے کو تیار ہے؟ ہم ایران کو کبھی بھی جوہری ہتھیار رکھنے کی اجازت نہیں دیں گے۔

بقیہ 74

ہوگی۔ واضح رہے کہ 190 ملین پاؤنڈ کیس میں بشریٰ بی بی کی سزا معطلی کیلئے وفاقی آئینی عدالت سے رجوع کیا گیا تھا، ایڈووکیٹ سلمان صفدر کے ذریعے وفاقی آئینی عدالت میں سزا معطلی کیلئے درخواست دائر کی گئی تھی۔

بقیہ 75

سلسلے میں بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے زیراہتمام دیہی خواتین کی کاروباری تربیت اور آگاہی کیلئے 15 اکتوبر کو ایک خصوصی تقریب منعقد کی جائے گی، جس میں بلوچستان بھر کے دور دراز علاقوں سے تعلق رکھنے والی خواتین کو مدعو کیا جائے گا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے تقریب کی تیاریوں سے متعلق اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں سی ای او عبدالمنان، سوشل انوویشن اکیڈمی کی نمائندہ روزینہ کاکڑ اور دیگر حکام نے شرکت کی۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی دیہی خواتین میں کاروباری صلاحیتوں کو اجاگر کرنے، انہیں جدید کاروباری طریقوں سے روشناس کرانے اور اپنے وسائل کو آمدن کے مؤثر ذرائع میں تبدیل کرنے کے مواقع فراہم کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ خواتین صوبے کی معیشت میں اہم کردار ادا کرسکتی ہیں،

بقیہ 76

امن و امان کی بہتری اور موثر حکمرانی کیلئے عملی اقدامات کی ضرورت ہے۔ اسلام آباد میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے خیبر پختونخوا میں پی ٹی آئی کی گزشتہ 13 سالہ حکمرانی کو تنقید کا نشانہ بنایا اور صوبائی حکومت پر عوامی مسائل سے عدم توجہی کا الزام عائد کیا ہے۔ امیر مقام نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں پی ٹی آئی کو مسلسل 13 سال سے اقتدار حاصل ہے، تاہم اس کے باوجود صوبے اور عوام کے حقیقی مسائل پر صوبائی قیادت اور وزیراعلیٰ کی توجہ دکھائی نہیں دیتی۔ ان کا خیبر پختونخوا میں امن وامان کی صورتحال پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہنا تھا کہ صوبے میں روزانہ کی بنیاد پر دہشت گردی اور دیگر ناخوشگوار واقعات پیش آ رہے ہیں، جس کے باعث عوام کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ امیر مقام نے کہا کہ پی ٹی آئی نے اقتدار میں آنے سے قبل عوام سے بڑے بڑے وعدے کیے تھے، تاہم آج اس کی کارکردگی پر سوالات اٹھ رہے ہیں، انہوں نے سوال کیا کہ پی ٹی آئی کے دور حکومت میں خیبر پختونخوا کے عوام کو کیا ریلیف ملا؟۔

بقیہ 77

ہیں صحبت پور کی ترقی خوشحالی اور عوام کی فلاح و بہبود اور انہیں زندگی کی بنیادی سہولیات کی فراہمی ہماری اولین ترجیح ہے صحبت پور کی ترقی اور عوام کو درپیش مسائل کا حل ہمارا مشن ہے، ہم عوام کے خادم ہیں اور عوامی خدمت کو اپنا فرض سمجھتے ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے ملنے والے مختلف عوامی وفود سے ملاقات کے دوران بات چیت کرتے ہوئے کیا صوبائی وزیر میر سلیم احمد خان کھوسہ نے کہا کہ موجودہ حکومت صوبے کے تمام علاقوں میں یکساں ترقی اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے عملی اقدامات اٹھا رہی ہے

بقیہ 78

رہنماؤں کو دہگل ناکہ سے ہی واپس روانہ کردیا گیا۔ ذرائع کے مطابق بانی پی ٹی آئی سے ملاقات کے لیے پارٹی رہنماؤں کی آمد کا سلسلہ جاری رہا، تاہم انہیں اڈیالہ جیل تک جانے کی اجازت نہیں دی گئی۔ ملاقات کے لیے آنے والے رہنماؤں کو دہگل ناکہ پر روک لیا گیا، جہاں سے وہ واپس روانہ ہوگئے۔ بانی پی ٹی آئی سے ملاقات کے لیے مرتضیٰ طوری، عاصمہ راجہ، مبشر حسین، ندیم عباسی اور سید حمزہ گیلانی دہگل ناکہ پہنچے تھے، تاہم انہیں آگے جانے کی اجازت نہ مل سکی۔ ذرائع کے مطابق بانی پی ٹی آئی سے ملاقات کے لیے مرتب کی گئی فہرست میں رئیس عبدالقیوم کا نام بھی شامل تھا، تاہم وہ اڈیالہ جیل ملاقات کے لیے نہیں پہنچے۔ تاحال کسی پارٹی رہنما کو بانی پی ٹی آئی سے ملاقات کی اجازت نہ ملنے کے باعث ملاقاتوں کا عمل شروع نہیں ہوسکا۔

بقیہ 79

اطلاعاتی ماحول میں پیدا ہونے والے نئے چیلنجز پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ڈیجیٹل گورننس اور ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجیز کے شعبوں میں تجربات کے تبادلے کے امکانات پر بھی گفتگو ہوئی۔ اس موقع پر پاکستان اور ترکیہ کے برادرانہ تعلقات اور باہمی دلچسپی کے امور پر مسلسل تعاون کی اہمیت کا اعادہ کیا گیا۔

بقیہ 80

زیرصدارت استعمال شدہ گاڑیوں کی درآمد سے متعلق اہم اجلاس میں کمرشل اور گفٹ اسکیم کے تحت استعمال شدہ گاڑیوں کی درآمد کا جائزہ لیا گیا، اجلاس کو استعمال شدہ گاڑیوں کی درآمد کے اعداد وشمار پر بریفنگ دی گئی۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ پاکستان نے ستمبر 2026 میں 2 ہزار 276 استعمال شدہ گاڑیاں درآمد کیں جب کہ مئی 2026 میں صرف 48 استعمال شدہ گاڑیاں درآمد کی گئی تھیں۔ حکومتی ذرائع کے مطابق مقامی مینوفیکچررز کو استعمال شدہ گاڑیوں کی درآمد میں اضافے پر تحفظات ہیں جب کہ امپورٹرز اس اقدام سے آٹوسیکٹر میں مسابقت مزید بڑھنے کا امکان ظاہر کررہے ہیں۔

بقیہ 81

ادارے کی نجکاری کا فیصلہ واپس لیکر ادارے کو مزید فعال اور مستحکم بنانے کیلئے عملی اقدامات کرے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ حاجی محمد یونس ترین نے کہا کہ پاکستان منرل ڈویلپمنٹ کارپوریشن (پی ایم ڈی سی) ملکی معدنی وسائل کی ترقی، کان کنی کے فروغ اور قومی معیشت میں اہم کردار ادا کر رہا ہے جبکہ ادارے کے ملازمین اپنی ذمہ داریاں پوری محنت اور لگن سے انجام دے کر ادارے کی ترقی میں بنیادی کردار ادا کررہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ منافع بخش قومی اداروں کو نجی شعبے کے حوالے کرنے کے بجائے اس کی کارکردگی کو مزید بہتر بنانے، جدید ٹیکنالوجی متعارف کرانے اور پیداواری صلاحیت میں اضافے پر توجہ دی جانی چاہیے، پی ایم ڈی سی کو درپیش مسائل حل کرکے اسے مزید منافع بخش اور مضبوط ادارہ بنایا جاسکتا ہے۔

بقیہ 82

شہید، صاحب خان شہید اور باز محمد باز شہید کو ان کی لازوال قربانیوں پر انہیں زبردست خراج عقیدت پیش کرتا ہے اور ان کے قومی جمہوری سیاسی خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ 1۔آج کا یہ پروقار اور عظیم الشان جلسہ عام ملک میں آئین کی بحالی ، جمہوریت ، چوری شدہ عوامی مینڈیٹ کی واپسی اور عمران خان سمیت تمام سیاسی اسیران کی رہائی کے لیے پاکستان تحریک انصاف کے لانگ مارچ کی حمایت کرتا ہے۔ 2۔یہ جلسہ عام خبردار کرتا ہے کہ خیبر پشتونخوا کی منتخب اسمبلی اور حکومت ، جو ملک کی واحد صوبائی حکومت ہے جسے حقیقی عوامی مینڈیٹ حاصل ہے، کے خلاف گورنر راج یا نیشنل ایمرجنسی کے ذریعے کسی بھی قسم کی غیر آئینی کارروائی سے باز رہا جائے۔ اس قسم کا کوئی بھی اقدام خیبر پشتونخوا کے عوام کے حق حکمرانی اور صوبائی خودمختاری پر ڈاکہ تصور ہوگا، جس کے مستقبل میں انتہائی سنگین اور بھیانک نتائج برآمد ہوسکتے ہیں۔ 3۔ آج کا یہ پروقار جلسہ عام جنوبی پشتونخوا ، خیبر پشتونخوا میں سرکاری پراکسیز کی مسلط کردہ بدامنی، دہشت گردی ، ڈاکہ زنی، سرکاری لوٹ مار کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کرتا ہے اور سرکاری سرپرستی میں جاری بدامنی بند کرنا کا مطالبہ کرتا ہے۔ 4۔ آج کا یہ جلسہ عام پشتونوں کی ڈیورنڈ خط کے کراسنگ پوائنٹس پر تجارت بند کرنے ، تمام ملک میں پشتونوں کے سرومال کی عدم تحفظ اور شناختی کارڈ کی آئے روز سینکڑوں کے حساب سے منسوخی کی شدید الفاظ میں مذمت کرتا ہے اور پشتون تاجروں کی تجارت کی بحالی، سرومال کو تحفظ فراہم کرنے کا مطالبہ کرتا ہے۔ 5۔ آج کا یہ جلسہ عام 8 فروری 2024 کو تمام ملک پر زرِ زور سے مسلط غیر منتخب حکومت کی فوری خاتمے اور آزاد خودمختار الیکشن کمیشن کے ذریعے صاف شفاف اور ایجنسیوں کی مداخلت کے عام انتخابات مسائل کا حل سمجھتا ہے اور عوام کے اختیار کی پائمالی کو بربادی کار استہ سمجھتے ہوئے اسے ختم کرنے کا مطالبہ کرتا ہے۔ 6۔ آج یا یہ پروقار جلسہ عام صوبے کے پشتون اضلاع کوئٹہ ، زیارت ، ہرنائی ، دکی ، پشین ، قلعہ عبداللہ خان ، پشین ، شیرانی ، ژوب میں حکومتی پراکسیز کے ذریعے امن تباہ کرنے ، راستوں کو غیر محفوظ بنانے ، سرکاری مقصد ارادتاً امن تباہ کرنے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کرتا ہے۔

بقیہ 83

جاری کیے گئے مراسلے میں لانگ مارچ میں کالعدم تحریک طالبان پاکستان (ٹی ٹی پی) اور منظم اسمگلنگ گروہوں کے مبینہ عناصر کی موجودگی کے پیش نظر سکیورٹی انتظامات مزید سخت کرنے اور ممکنہ خطرات سے نمٹنے کے لیے مختلف اقدامات کی ہدایات دی گئی ہیں۔ مراسلے کے مطابق لانگ مارچ میں شریک یا اسے سہولت فراہم کرنے والی تمام گاڑیوں کی فارنزک اسکریننگ کی جائے گی، جبکہ گاڑیوں کی رجسٹریشن، انجن اور چیسز نمبرز مرکزی سکیورٹی ڈیٹا بیس میں درج کیے جا رہے ہیں۔ دستاویز میں ہدایت کی گئی ہے کہ ایسی گاڑیاں جو عسکریت پسندوں کی منتقلی، ممنوعہ اشیا کی اسمگلنگ یا تشدد پر اکسانے کے لیے استعمال ہوتی پائی جائیں،

بقیہ 84

تعداد نے شہید کی میت کے ہمراہ ڈی سی کمپلیکس کے سامنے شدید احتجاجی دھرنا دیا۔ موصولہ تفصیلات کے مطابق حافظ احسان اللہ روزانہ کی طرح آج صبح اپنے گھر سے مدرسے جا رہے تھے کہ راستے میں محمود آباد کے مقام پر مسلح ڈاکوؤں نے انہیں روک کر لوٹنے کی کوشش کی، اور مزاحمت کرنے پر سفاک ڈاکوؤں نے اندھا دھند فائرنگ کرکے انہیں موت کے گھاٹ اتار دیا۔ اس دلخراش واقعے کے خلاف آل پارٹیز، جمعیت علما اسلام کے ضلعی رہنماؤں اور کارکنوں نے فوری طور پر شدید احتجاج کرتے ہوئے شہید کی میت ڈی سی کمپلیکس کے سامنے رکھ دی اور دھرنا دیا۔

ڈیجیٹل نیشن پاکستان حکومتی خدمات اور شہری سہولت کی فراہمی میں کلیدی کردار ادا کرے گا، وزیراعظم

تمام وفاقی وزارتیں متعلقہ اعداد و شمار کی قومی ڈیجیٹل پلیٹ فارم پر فراہمی کے لیے بروقت ضروری اقدامات مکمل کریں' شہباز شریف

وفاقی وزارتوں کی ذمہ داریاں کارکردگی اور متعلقہ ڈیٹا کی مرکزی ڈیٹا سینٹر میں فراہمی حکومتی نظام کو عصر حاضر سے ہم آہنگ کرے گا

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے ہدایت کی ہے کہ تمام وفاقی وزارتیں متعلقہ اعداد و شمار کی قومی ڈیجیٹل پلیٹ فارم پر فراہمی کے لیے بروقت ضروری اقدامات مکمل کریں، ڈیجیٹل

بقیہ نمبر 33 صفحہ 7 پر

صدر مملکت جرمن سفیر کی ملاقات، دوطرفہ تعلقات پر گفتگو

صدرِ کا پاکستان اور جرمنی کے درمیان تعلقات کو مزید مضبوط بنانے پر زور

اسلام آباد (این این آئی) صدرِ مملکت آصف علی زرداری نے پاکستان اور جرمنی کے درمیان تعلقات کو مزید مضبوط بنانے پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ بالخصوص تجارت و سرمایہ کاری، ترقیاتی تعاون، دفاع، ہنرمند افرادی قوت کی آمدورفت اور

بقیہ نمبر 34 صفحہ 7 پر

احسن اقبال کی زیر صدارت اجلاس، ضروری اشیا کی قیمتوں میں اضافے پر تشویش

اسلام آباد (آئی این پی) وفاقی وزیر منصوبہ بندی وترقی احسن اقبال نے ضروری اشیا کی قیمتوں میں اضافے پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔ احسن اقبال کی زیر صدارت نیشنل پرائس مانیٹرنگ کمیٹی کا اجلاس اسلام آباد میں ہوا۔ اجلاس کے اعلامیہ کے مطابق وفاقی وزیر نے کہا کہ صوبائی اور ضلعی انتظامیہ غذائی اشیا کی قیمتوں کی موثر نگرانی کریں، ذخیرہ اندوزی

بقیہ نمبر 36 صفحہ 7 پر

وزیراعظم نے ریلیف نہ دیا تو ہم ملتان سے ہی مارچ کا آغاز کریں گے

حکومت نے رابطہ کیا ہے، امید ہے آئندہ دو دنوں میں وزیراعظم سے ملاقات ہو جائے گی، حافظ نعیم الرحمان

کراچی (آئی این پی) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمان نے کہا ہے کہ حکومت نے رابطہ کیا ہے اور امید ہے آئندہ دو دنوں میں وزیراعظم سے ملاقات ہو جائے گی۔ ایک انٹرویو میں حافظ نعیم الرحمان نے وزیراعظم شہباز شریف کی

بقیہ نمبر 35 صفحہ 7 پر

اسلام آباد، نائب وزیراعظم محمد اسحاق ڈار اور بحرین کے وزیر خارجہ مشترکہ پریس کانفرنس کررہے ہیں

قائم مقام چیئرمین سینیٹ کا 8 اکتوبر 2005ء کے زلزلے کے شہداء کو خراجِ عقیدت

کوئٹہ (این این آئی) قائم مقام چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر نے 8 اکتوبر 2005ء کے تباہ کن زلزلے کے نتیجے میں جاں بحق افراد کو خراجِ عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ آٹھ اکتوبر کا زلزلہ قومی تاریخ میں ایک ایسا دردناک سانحہ ہے جس کے اثرات آج بھی متاثرہ خاندانوں اور علاقوں کی

بقیہ نمبر 37 صفحہ 7 پر

آبنائے ہرمز سے متعلق بڑی پیش رفت، ایران اور عمان کا محفوظ بحری راستوں پر اتفاق

ان راستوں کے جغرافیائی نقاط متعلقہ بین الاقوامی بحری ادارے تک کس طریقے سے پہنچائے جائیں گے' اسماعیل بقائی

محفوظ راستوں کے کوآرڈینیٹس پر اتفاق کا یہ مطلب نہیں کہ آبنائے ہرمز مکمل طور پر کھول دی گئی ہے' ایرانی خبر رساں ایجنسی

تہران (نیوز ڈیسک) ایران اور عمان نے آبنائے ہرمز سے گزرنے والے بحری جہازوں کے لیے مخصوص محفوظ بحری راستوں کے جغرافیائی نقاط پر اتفاق کرلیا ہے۔ ایرانی وزارت خارجہ کے ترجمان

بقیہ نمبر 38 صفحہ 7 پر

ژوب، مسلح افراد کا ناکہ، مسافروں کے شناختی کارڈز چیک کیے گئے

سیکیورٹی فورسز کی بروقت روانگی پر ملزمان قریبی پہاڑوں کی طرف فرار، مرکزی شاہراہ ٹریفک کے لیے بحال

ژوب (یو این اے) ژوب اور ڈی آئی خان روڈ پر حسوبند کے مقام (شیرانی) پر گزشتہ شب نامعلوم مسلح افراد نے ناکہ لگا کر گاڑیوں کی کڑی چیکنگ کی۔ ذرائع کے مطابق مسلح افراد نے رات 8 بجے سے 10 بجے تک شاہراہ پر آنے جانے والی گاڑیوں کو روکا اور اس دوران مسافروں کے شناختی کارڈز بھی چیک کیے جاتے رہے۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی سیکیورٹی فورسز فوری طور پر جائے وقوعہ کی جانب روانہ ہوئیں، جن کی آمد کی خبر ملتے ہی مسلح افراد

بقیہ نمبر 39 صفحہ 7 پر

ایف سی بلوچستان اور ضلعی انتظامیہ کے تعاون سے خواتین کے لیے خصوصی کھلی کچہریوں کا انعقاد

سبی (یو این اے) فرنٹیئر کور (ایف سی) بلوچستان (نارتھ) اور ضلعی انتظامیہ کے باہمی تعاون سے بلوچستان کے تین اہم اضلاع سبی، صحبت پور اور ہرنائی میں تاریخ میں پہلی بار خواتین کے لیے خصوصی "کھلی کچہریوں" کا کامیاب انعقاد کیا گیا

بقیہ نمبر 41 صفحہ 7 پر

گوادر پولیس میں کانسٹیبلوں کی ترقی کے لیے ٹیسٹ و انٹرویوز جاری

198 امیدوار کامیاب' پولیس پروموشن عمل میں میرٹ اور شفافیت کو یقینی بنایا جا رہا ہے' ایس ایس پی

گوادر (آئی این پی) محکمہ پولیس میں میرٹ، پیشہ ورانہ صلاحیت اور کارکردگی کی بنیاد پر ترقی کے عمل کو یقینی بنانے کے لیے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر گوادر ایس ایس پی عطاالرحمان خان کی نگرانی میں پولیس کانسٹیبلوں کی پروموشن کے لیے ٹیسٹ اور انٹرویوز کا عمل جاری ہے۔ تفصیلات کے مطابق ضلع گوادر میں پولیس کانسٹیبلوں کی پروموشن کے لیے 24 ستمبر

بقیہ نمبر 40 صفحہ 7 پر

سعودی عرب میں پاکستانی افواج کی موجودگی دفاعی استحکام کی ضامن ہے' سینیٹر محمد عبدالقادر

کوئٹہ (این این آئی) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری کی جانب سے سعودی عرب میں پاک فوج کے دستوں کی موجودگی اور 'مکہ دفاعی معاہدے' سے متعلق اہم

بقیہ نمبر 42 صفحہ 7 پر

مرحوم صحافیوں نے اپنے قلم کے ذریعے انسانیت کی خدمت کی' عرفان سعید

ان کی صحافتی خدمات مشعل راہ ہیں نوجوان صحافی ان کے تجربے اور خدمات سے استفادہ حاصل کر سکتے ہیں

پریس کلب میں منعقدہ تقریب سے شہزادہ ذوالفقار' رضاء الرحمان' خلیل احمد' عبدالخالق رند' منظور بلوچ ودیگر کا خطاب

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ پریس کلب کے صدر عرفان سعید اور بلوچستان یونین آف جرنلسٹ کے صدر منظور احمد رند، سینئر صحافیوں اور حال ہی میں وفات پانے والے صحافیوں کے بھائیوں اور بیٹے نے کہا کہ انہوں نے اپنی پیشہ ور صحافتی امور کی انجام دہی میں نشیب و فراز کا سامنا کرتے ہوئے حق اور سچ کو عوام کے سامنے پیش کیا ان کی صحافتی خدمات کو

بقیہ نمبر 43 صفحہ 7 پر

کوئٹہ، پریس کلب اور بی یو جے کے زیراہتمام وفات پانیوالے صحافیوں کی یاد میں تعزیتی ریفرنس سے صدر عرفان سعید، شہزادہ ذوالفقار، اور دیگر خطاب کررہے ہیں

پاکستان کی بیوروکریسی میں اصلاحات ہونی چاہئیں، ندیم افضل چن

وزیراعظم کے ساتھ سیاسی نہیں بلکہ بیوروکریسی تعینات ہوتی ہے، ہم سیاسی لوگ کمپرومائز ہیں

اسلام آباد (آئی این پی) پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما ندیم افضل چن نے کہا ہے کہ پاکستان کی بیوروکریسی میں اصلاحات ہونی چاہئیں، ہمارا بیوروکریسی کا ماڈل گوروں کا دیا ہوا ہے، گوروں نے اپنے ممالک میں یہ بیوروکریسی ماڈل نافذ نہیں کیا۔ پی پی رہنما نے بیان میں کہا کہ 2010 میں پتہ چل گیا تھا کہ یہ نظام تباہ ہو چکا ہے، اس ملک کو جس

بقیہ نمبر 44 صفحہ 7 پر

پاکستان تحریک انصاف کی حمایت کا اعلان کرتے ہیں، علی احمد کرد

کوئٹہ (آن لائن) آل پاکستان وکلاء ایکشن کمیٹی کے چیئرمین علی احمد کرد سیکریٹری صدر سندھ ہائیکورٹ بار ایسوسی ایشن حسیب جمالی نائب صدر سندھ ممبر پاکستان بار کونسل بیرسٹر صلاح الدین نائب صدر پنجاب ربعیہ باجوہ نائب صدر خیبر

بقیہ نمبر 45 صفحہ 7 پر

ملک دشمن عناصر ناکام ہوں گے، میر علی حسن زہری

دہشت گردی کے خلاف قومی سطح پر اتحاد اور یکجہتی کو مزید مضبوط کیا جائے

کوئٹہ/ اسلام آباد (نیوز ایجنسیاں) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے سینئر نائب صدر اور صدرِ پاکستان آصف علی زرداری کے ترجمان برائے بلوچستان میر علی حسن زہری نے بلوچستان سمیت ملک بھر میں دہشت گردی کی حالیہ کارروائیوں کی شدید مذمت

بقیہ نمبر 46 صفحہ 7 پر

کمشنر لسبیلہ ڈویژن نے ڈسٹرکٹ کمپلیکس اوتھل میں کمشنر آفس کا افتتاح کردیا

حب (خ ن + آن لائن) لسبیلہ ڈویژن کی پہلی خاتون کمشنر سائرہ عطاء نے ڈسٹرکٹ کمپلیکس اوتھل میں کمشنر آفس کا افتتاح کردیا اور سرکاری امور کا باقاعدہ آغاز کردیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق کمشنر لسبیلہ ڈویژن سائرہ عطاء نے ڈسٹرکٹ کمپلیکس اوتھل کا افتتاح کردیا ہے جس کے بعد کمشنر لسبیلہ ڈویژن کے دفتر میں باقاعدہ سرکاری امور کا آغاز ہوگیا۔ لسبیلہ ڈویژن کی پہلی خاتون کمشنر سائرہ عطاء کی جانب سے کمشنر آفس کے افتتاح کے بعد ڈسٹرکٹ کمپلیکس اوتھل میں انتظامی امور کی انجام

بقیہ نمبر 48 صفحہ 7 پر

دکی، گھر سے ناراض ہوکر نکلنے والے دو بھائیوں کی لاشیں کوئلہ کان سے برآمد

درہ آدم خیل میں کوئلے کان حادثے میں شانگلہ سے تعلق رکھنے والے 2 محنت کش مزدور بھی جاں بحق

دکی (این این آئی) دکی کے مقامی کوئلہ کان سے دو بھائیوں کی لاشیں برآمد ہوئی ہیں، دونوں بھائی زہریلی گیس بھرنے کے باعث جاں بحق ہوئے۔ تفصیلات کے مطابق جاں بحق افراد کی شناخت محمد حسن اور محمد ہاشم کے نام سے ہوئی ہے،

بقیہ نمبر 47 صفحہ 7 پر

کوہاٹ میں رات گئے زوردار دھماکا، پرزے گرنے سے گھر تباہ، مسجد کو نقصان

پرزے گرنے سے کئی گھروں کو بھی نقصان پہنچا، دھماکے کی نوعیت کا تعین نہیں ہوسکا

ڈیرہ اسماعیل خان (این این آئی) کوہاٹ کے گاں سپین علی بانڈہ کی حدود میں رات ڈھائی بجے زوردار دھماکے کی آواز سنی گئی، جس کی شدت اور آواز دور دور تک محسوس کی گئی۔ ذرائع نے بتایا کہ دھماکے کے بعد قریبی گھروں میں کچھ پرزے بھی گرے، دھماکے کے نتیجے میں مقامی شہری رومان گل ماما کا گھر مکمل طور پر تباہ ہوگیا، جبکہ قریبی مسجد کی عمارت کو بھی شدید

بقیہ نمبر 49 صفحہ 7 پر

جے یو آئی نظریاتی کا افغان قونصل خانے کوئٹہ کا دورہ نئے جنرل قونصل کو مبارکباد

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے امیر مرکزیہ کے قیادت میں مرکزی صوبائی قیادت کے ایک اعلیٰ سطح کے وفد نے کوئٹہ میں قائم اسلامی امارت افغانستان کے قونصلیٹ کا دورہ کیا۔ وفد میں، مرکزی امیر مولانا عبدالقادر لونی، صوبائی امیر بلوچستان مولانا قاری مہر اللہ، مرکزی سیکرٹری اطلاعات سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی، صوبائی محتسب مولانا نیاز محمد اور ضلعی سیکرٹری اطلاعات مولانا صالح محمد شامل تھے۔ جے یو آئی (نظریاتی) کے وفد نے افغانستان کے نئے

بقیہ نمبر 51 صفحہ 7 پر

ڈسٹرکٹ ہسپتال زیارت میں ڈائیلاسز مشین کا آغاز ہوگیا

مریضوں کو اپنے ضلع میں ہی بروقت علاج کی سہولت میسر آئے گی' ڈی ایچ او

زیارت (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان کے وژن کے مطابق محکمہ صحت بلوچستان کی جانب سے ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال زیارت میں ڈائیلاسز مشین کی تنصیب مکمل کر کے باقاعدہ سروس کا آغاز کردیا گیا ہے۔ ڈائیلاسز مشین کا افتتاح ڈپٹی کمشنر زیارت

بقیہ نمبر 50 صفحہ 7 پر

جماعت اسلامی کے زیراہتمام دستخطی مہم کا آغاز آج ہوگا

کوئٹہ (آئی این پی) جماعت اسلامی کے زیرِ اہتمام مطالبات کے حق میں دستخطی مہم کا افتتاح امیر جماعت اسلامی بلوچستان و رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ آج جمعہ 9 اکتوبر بعد نماز جمعہ دوپہر 2 بجے مدرسہ دارالرشاد جامع مسجد چمن پھاٹک میں کریں گے۔ اس موقع پر مولانا ہدایت الرحمان بلوچ میڈیا سے گفتگو اور شرکا سے خطاب اور عوامی

بقیہ نمبر 52 صفحہ 7 پر

کراچی، چیئرمین نورالحق بلوچ گوادر پورٹ سے ایرانی ٹرانزٹ سرگرمیوں سے متعلق اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

کوئٹہ صنعتی زون میں ماحولیاتی قوانین کی خلاف ورزیوں پر EPA کا کریک ڈاؤن

متعدد فیکٹریوں کو نوٹس جاری صوبائی وزیر علی مدد جتک کی نشاندہی پر وزیراعلیٰ بلوچستان کا نوٹس

کوئٹہ (خ ن) صوبائی کابینہ کے اجلاس کے دوران صوبائی وزیر علی مدد جتک نے کوئٹہ صنعتی زون میں ماحولیاتی قوانین کی خلاف ورزیوں کا معاملہ وزیراعلیٰ

بقیہ نمبر 72 صفحہ 7 پر

اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

خیبر پختونخوا میں گورنر راج نہیں نالائق حکومت مسلط ہے، فیصل کریم کنڈی

صوبے کو بچانے کیلئے ایمرجنسی یا گورنر راج ضروری ہے تو آرٹیکل 232 اور 234 کے تحت ایسا کیا جاسکتا ہے

پشاور (آن لائن) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں اس وقت گورنر راج نہیں بلکہ نالائق حکومت مسلط ہے۔ گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے ایک انٹرویو میں کہا کہ صدر، وزیراعظم اور متعلقہ ادارے سمجھیں کہ

بقیہ نمبر 69 صفحہ 7 پر

پنجگور' گھر پر دستی بم حملہ اور مسلح افراد کی فائرنگ، پولیس اہلکار جاں بحق

نامعلوم مسلح افراد نے پہلے گھر پر دستی بم سے حملہ کیا پھر خودکار ہتھیاروں سے فائرنگ کی، پولیس

کوئٹہ (اے این این) بلوچستان کے ضلع پنجگور کے علاقے خدا بادان میں نامعلوم مسلح افراد نے پولیس اہلکار کے گھر پر دستی بم سے حملہ کرنے کے بعد خودکار ہتھیاروں سے فائرنگ کر دی، جس کے نتیجے میں پولیس اہلکار جاں بحق ہوگیا۔ پولیس ذرائع کے

بقیہ نمبر 68 صفحہ 7 پر

صدر زرداری سے وفاقی محتسب نوید کامران بلوچ کی ملاقات

صدر کا عوامی شکایات کے فوری ازالے کیلئے کوششوں کو موثر انداز میں اجاگر کرنے کی ضرورت پر زور

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے وفاقی محتسب کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے عوامی شکایات کے فوری ازالے کے لئے کی

بقیہ نمبر 66 صفحہ 7 پر

موجودہ صورتحال میں بہتری کیلئے یہی بہتر ہے کہ مذاکرات کئے جائیں

مولانا فضل الرحمان چاہتے ہیں پی ٹی آئی اور حکومت میں مذاکرات ہو جائیں، سینیٹر کامران مرتضیٰ

اسلام آباد (آئی این پی) جے یو آئی کے سینیٹر کامران مرتضیٰ نے کہا ہے کہ مولانا فضل الرحمان کی خواہش ہے کہ پی ٹی آئی اور حکومت میں کسی طرح مذاکرات

بقیہ نمبر 65 صفحہ 7 پر

کوئٹہ، گورنر جعفر خان مندوخیل سے فوڈ اینڈ ایگریکلچر آرگنائزیشن کا وفد ملاقات کررہا ہے

چمن میں مکمل ڈاکو راج قائم ہے، پشتونخوامیپ

حافظ احسان اللہ کے شہادت کے واقع پر اظہار افسوس، ملوث عناصر کی گرفتاری کا مطالبہ

چمن (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی ضلع چمن کے جاری کردہ بیان میں مکمل ڈاکو راج پر سخت تشویش، جمعیت طلبا اسلام ضلع چمن کے نائب صدر حافظ

بقیہ نمبر 62 صفحہ 7 پر

بلوچستان میں امن کیلئے مذاکرات اور سیاسی راستہ اختیار کیا جائے' مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ

بلوچستان کے نوجوانوں کو بندوق نہیں تعلیم، روزگار اور ترقی کے مواقع درکار ہیں، عوامی اعتماد بحال کیا جائے

کوئٹہ (آئی این پی) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ورکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے کہا ہے کہ طاقتور طبقات، حکمرانوں اور مقتدر قوتوں کو

بقیہ نمبر 61 صفحہ 7 پر

بلوچستان پولیس کے تعلیم و صحت کے شعبوں میں اہم معاہدے، اہلکاروں اور خاندانوں کیلئے خصوصی رعایتیں

پولیس اہلکاروں کے بچوں کیلئے ٹیوشن فیس میں 30 فیصد رعایت، شہدا کے بچوں کی فیس معاف، طبی سہولیات پر 40 فیصد تک ڈسکاؤنٹ

اہلکاروں اور اُن کے خاندانوں کی معیاری طبی سہولیات کے رعایتی نرخوں، ریڈیالوجی اور دیگر تشخیصی ٹیسٹوں پر 40 فیصد تک رعایت دی جائے گی

کوئٹہ (آئی این پی) بلوچستان پولیس نے اپنے اہلکاروں اور ان کے خاندانوں کے فلاح و بہبود کے لیے دو اہم معاہدوں پر دستخط کیے ہیں جن کے تحت تعلیم اور صحت کے شعبوں میں نمایاں سہولیات اور مالی رعایتیں فراہم کی جائیں گی۔ اس سلسلے میں بلوچستان پرائیویٹ اسکولز ایسوسی ایشن اور کارپوریٹ ہیلتھ سروسز (CHS) کے ساتھ الگ الگ مفاہمتی یادداشتوں (MOU) پر دستخط کئے

بقیہ نمبر 60 صفحہ 7 پر

سرکاری افسران کے اثاثوں اور آمدن کی تفصیلات آن لائن جمع کرانا لازمی قرار

سندھ پولیس کے افسران کو مالی سال 26-2025 کے اثاثوں کی تفصیلات 30 اکتوبر تک جمع کرانے کی ہدایت

کراچی (آئی این پی) سرکاری افسران کے اثاثوں کی چھان بین مزید سخت کرتے ہوئے اثاثوں اور آمدن کی تفصیلات آن لائن جمع کرانا لازمی قرار دے دیا گیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق سرکاری افسران کے اثاثوں اور آمدن کی تفصیلات جمع کرانے کا پرانا دستی نظام ختم کردیا گیا، اب افسران اپنی آمدن اور اثاثوں کی تفصیلات ایف بی

بقیہ نمبر 58 صفحہ 7 پر

عوامی مسائل حل کرنا اور سہولیات فراہمی ہماری زمہ داری بنتی ہے' ماریہ شمعون

عوامی مسائل کا حل، صفائی اور سرکاری نرخناموں پر عملدرآمد انتظامیہ کی ترجیحات ہیں' اسسٹنٹ کمشنر

گنداخہ (خ ن + اے این این) اسسٹنٹ کمشنر اوستہ محمد محترمہ ماریہ شمعون نے تحصیل پریس کلب گنداخہ کے صدر وصحافی ساجد جمالی سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ عوامی مسائل کا حل اور شہریوں کو بنیادی سہولیات کی فراہمی انتظامیہ کی

بقیہ نمبر 57 صفحہ 7 پر

کوئٹہ، نیشنل پارٹی کے سربراہ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ کتاب کی رونمائی کی تقریب سے خطاب کررہے ہیں

کے پی پولیس نے ڈرون حملوں سے بچنے کیلئے روس یوکرین جنگ میں استعمال ہونیوالا حفاظتی جال لگالیا

اب تک 3 حساس پولیس تنصیبات پر یہ جال نصب کیے جاچکے ہیں جن پر تقریباً 2 ہزار 8 میٹر جال نصب کیا گیا ہے، رپورٹ

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا میں ڈرون حملوں کے خطرے کے پیش نظر پولیس نے دفاع کا ایک سادہ اور کم لاگت طریقہ اپنالیا۔ روس اور یوکرین کی جنگ میں استعمال ہونے والا حفاظتی جال اب خیبر پختونخوا کے حساس پولیس تھانوں اور چوکیوں پر

بقیہ نمبر 55 صفحہ 7 پر

ایتھوپیا، روانڈا اور تاجکستان کے سفیروں کی وزیرِ دفاع خواجہ آصف سے ملاقات

دوطرفہ تعلقات، دفاع اور ہوابازی کے شعبوں میں تعاون پر تبادلہ خیال، باہمی تعاون مزید بڑھانے پر اتفاق

اسلام آباد (آن لائن) ایتھوپیا، روانڈا اور تاجکستان کے سفارتی نمائندگان نے وزیرِ دفاع خواجہ محمد آصف سے اسلام آباد میں الگ الگ ملاقاتیں کیں، جن میں دوطرفہ تعلقات اور مختلف شعبوں بالخصوص دفاع اور ہوابازی میں تعاون کے

بقیہ نمبر 54 صفحہ 7 پر

حکومت کیلئے سر درد ہے کہ ہر طرف عمران خان عمران خان ہورہی ہے، زبیر عمر

اچھا خاصا ایران امریکہ جنگ کا ایشو چل رہا تھا لیکن اب پوری دنیا میں عمران خان کا ایشو ڈسکس ہو رہا ہے

لاہور (جی این ایم) تحریکِ تحفظِ آئین پاکستان کے رہنما اور سابق گورنر سندھ محمد زبیر عمر نے موجودہ سیاسی صورتحال، حکومت کی پالیسیوں اور تحریکِ انصاف کے احتجاجی مارچ کے حوالے سے کہا ہے کہ وزیرِ اعلیٰ خیبر پختونخواہ سہیل آفریدی کو سیاست میں

بقیہ نمبر 53 صفحہ 7 پر

دبا و میں آکر پی ٹی آئی کو ریلیف نہیں دیں، خیبر پختونخوا میں دہشتگردی کی حمایت اور فنانسنگ بند کی جائے، خواجہ آصف

مذاکرات کی ٹیبل پر بیٹھ کر واپس گھر جائیں' اپنے صوبے کا خیال رکھیں، اگر یہ بلیک میلنگ کریں گے تو مستقبل میں بانی کیلئے کوئی ریلیف نظر نہیں آرہا

دہشتگرد خیبر پختونخوا کے مختلف اضلاع میں دندناتے پھرتے ہیں، صوبائی حکومت کی ان اضلاع میں رٹ نہیں، وزیر دفاع کی میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ دبا میں آ کر پی ٹی آئی کو ریلیف نہیں دیں گے، اگر یہ بلیک میلنگ کریں گے تو مستقبل میں بانی کے لیے کوئی ریلیف نظر نہیں آرہا۔ پارلیمنٹ ہاؤس اسلام آباد میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے

بقیہ نمبر 71 صفحہ 7 پر

تیل کی قیمتیں تیزی سے نیچے گرنے والی ہیں، ڈونلڈ ٹرمپ

جلد ایران سے نکل جائیں گے یہ جنگ لازمی کرنی تھی تا کہ ان کے جوہری ہتھیاروں کا خاتمہ کیا جا سکے

ایران کے پاس جوہری طاقت رہتی تو دنیا ایسے سنگین مسائل کا سامنا کرتی جو پہلے کبھی نہیں دیکھے گئے

واشنگٹن (جی این ایم) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے دعویٰ کیا ہے کہ ایران کے ساتھ جاری جنگ بہت جلد ختم ہوجائے گی، جس کے بعد عالمی مارکیٹ میں تیل کی قیمتوں میں نمایاں کمی واقع ہوگی۔ واشنگٹن سے سان انٹونیو میں ایک ریپبلکن

بقیہ نمبر 73 صفحہ 7 پر

خیبر پختونخوا کو حکومت کی نااہلی کا خمیازہ بھگتنا پڑ رہا ہے، بلال اظہر کیانی

اسلام آباد (آئی این پی) وزیر مملکت برائے خزانہ بلال اظہر کیانی نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا میں دہشتگردی نے ایک بار پھر سر اٹھا لیا ہے اور صوبے میں دہشتگردی کی صورتحال سب کے سامنے ہے، جس کا خمیازہ عوام کو بھگتنا پڑ رہا ہے۔ اسلام آباد میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے بلال اظہر کیانی نے کہا

بقیہ نمبر 70 صفحہ 7 پر

190 ملین پاؤنڈ کیس، بشریٰ بی بی کی ضمانت کا کیس وفاقی آئینی عدالت میں مقرر

جسٹس امین الدین خان اور جسٹس علی باقر نجفی پر مشتمل دو رکنی بینچ 15 اکتوبر کو سماعت کرے گا

اسلام آباد (آئی این پی) وفاقی آئینی عدالت نے بشریٰ بی بی کی ضمانت سے متعلق کیس سماعت کے لیے مقرر کردیا۔ جسٹس امین الدین خان اور جسٹس علی باقر نجفی پر مشتمل دو رکنی بینچ سماعت کرے گا جب کہ کیس کی سماعت 15 اکتوبر جمعرات کو

بقیہ نمبر 74 صفحہ 7 پر

کوئٹہ، وزیراعلیٰ رائز بلوچستان کے تحت تربیت مکمل کرنیوالی خواتین کو سرٹیفکیٹس دے رہے ہیں

پاکستان میں اس وقت طاعون کے پھیلنے کا رسک بہت کم ہے، مصطفیٰ کمال

اسلام آباد (آئی این پی) وفاقی وزیر برائے صحت مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ پاکستان میں اس وقت طاعون پھیلنے کا رسک بہت کم ہے۔ اپنے ایک بیان میں مصطفیٰ کمال نے کہا کہ روس کے شہر سائبیریا میں طاعون کے مشتبہ کیس پر عالمی ادارہ صحت کو بھی صورت حال سے مکمل آگاہی نہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں اس وقت طاعون پھیلنے کا رسک

بقیہ نمبر 67 صفحہ 7 پر

خواتین صوبے کی معیشت میں اہم کردار ادا کرسکتی ہیں، بلال کاکڑ

بلوچستان کے دور دراز علاقوں میں موجود باصلاحیت خواتین کو معاشی سرگرمیوں کا حصہ بنانا صوبے کی مجموعی ترقی اور خوشحالی کیلئے ناگزیر ہے

صوبے کے دیہی علاقوں کی خواتین کو کاروباری لحاظ سے بااختیار بنانے کیلئے مؤثر اقدامات کیے جا رہے ہیں' میر سرفراز بگٹی

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کے وژن کے مطابق صوبے کے دیہی علاقوں کی خواتین کو کاروباری لحاظ سے بااختیار بنانے کیلئے مؤثر اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ اس

بقیہ نمبر 75 صفحہ 7 پر

لاہور کے تاریخی لارنس گارڈن میں بدھ مت کے مقدس درختوں مشتمل ایونیو قائم

لاہور (آئی این پی) پنجاب ہارٹی کلچر اتھارٹی کی جانب سے لاہور کے تاریخی باغ جناح (لارنس گارڈن) میں سوسالہ قدیم بدھا کے درختوں پر مشتمل ایک ایونیو قائم کیا گیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق بدھ

بقیہ نمبر 64 صفحہ 7 پر

خیبر پختونخوا میں پی ٹی آئی کی 13 سالہ حکمرانی، کارکردگی پر بڑا سوالیہ نشان ہے، امیر مقام

صوبے کے عوام کو درپیش مسائل کے حل، امن وامان کی بہتری اور موثر حکمرانی کیلئے عملی اقدامات کی ضرورت ہے

اسلام آباد (آئی این پی) وفاقی وزیر برائے امور کشمیر وگلگت بلتستان اور مسلم لیگ ن کے سینئر رہنما انجینئر امیر مقام نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا میں پی ٹی آئی کی 13 سالہ حکمرانی، کارکردگی پر بڑا سوالیہ نشان ہے، خیبر پختونخوا کے عوام کو درپیش مسائل کے حل،

بقیہ نمبر 76 صفحہ 7 پر

سیلاب سے تحفظ، سندھ حکومت نے ورلڈ بینک سے 350 ملین ڈالر مانگ لئے

کراچی (آئی این پی) سندھ حکومت نے مالی سال 2027 کیلئے سندھ فلڈ ریزیلینس پروجیکٹ کے تحت 350 ملین امریکی ڈالر کی مالی معاونت کی تجویز ورلڈ بینک کے وفد کو پیش کر دی۔ مجوزہ منصوبے کا مقصد صوبے کے دیہی اور شہری علاقوں کو

بقیہ نمبر 63 صفحہ 7 پر

سیاست کا اصل مقصد عوامی خدمت اور سہولیات کی فراہمی اولین ترجیح ہے' میر سلیم کھوسہ

صحبت پور میں سڑکوں، صحت، تعلیم، صاف پانی اور نکاسی آب کی سہولیات کیلئے ہر ممکن اقدامات جاری ہیں

نصیرآباد (آئی این پی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے پارلیمانی لیڈر و صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات میر سلیم احمد خان کھوسہ نے کہا ہے کہ سیاست کا اصل مقصد عوام کی خدمت ہے اور وہ خدمت کو محض سیاسی نعرہ نہیں بلکہ اپنی ذمہ داری سمجھتے

بقیہ نمبر 77 صفحہ 7 پر

وزیراعظم سے وفاقی وزیر خالد مگسی کی ملاقات

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف سے وفاقی وزیر سائنس وٹیکنالوجی خالد حسین مگسی کی ملاقات جس میں وزارت سائنس وٹیکنالوجی اور بلوچستان سے متعلق امور پر گفتگو کی گئی۔

بانی پی ٹی آئی سے ملاقات کا دن' ملاقات نہ ہوسکا

ملاقات کے لیے آنے والے رہنماؤں کو دہگل ناکہ پر روک لیا گیا

راولپنڈی (آن لائن) بانی پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) سے رفقاء اور پارٹی رہنماؤں کی ملاقات کے مقررہ روز کسی بھی پارٹی لیڈر کو تا حال ملاقات کی اجازت نہ مل سکی، جبکہ بانی پی ٹی آئی سے ملاقات کے لیے اڈیالہ جیل آنے والے متعدد

بقیہ نمبر 78 صفحہ 7 پر

اسلام آباد، وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب ای سی سی اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

وزیراعظم کے معاونِ خصوصی فہد ہارون سے ترکیہ کے سفیر کی ملاقات

ڈیجیٹل پلیٹ فارمز کے بڑھتے ہوئے اثر و رسوخ اور اطلاعاتی ماحول کے چیلنجز پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (آئی این پی) پاکستان میں ترکیہ کے سفیر ڈاکٹر عرفان نذیر اوغلو نے وزیرِ مملکت و وزیراعظم کے معاونِ خصوصی برائے ڈیجیٹل میڈیا فہد ہارون سے اسلام آباد میں ان کے دفتر میں ملاقات کی۔ جمعرات کو ہونے والی ملاقات کے دوران ڈیجیٹل شعبے میں ہونے والی پیش رفت، ڈیجیٹل پلیٹ فارمز کے بڑھتے ہوئے اثر و رسوخ اور

بقیہ نمبر 79 صفحہ 7 پر

سندھ ہائیکورٹ آئینی بنچز کی مدت میں توسیع کیلئے جوڈیشل کمیشن کا اجلاس 13 اکتوبر کو طلب

اسلام آباد (آئی این پی) جوڈیشل کمیشن کا اجلاس 13 اکتوبر کو طلب کر لیا گیا۔ چیف جسٹس پاکستان یحییٰ آفریدی جوڈیشل کمیشن اجلاس کی صدارت کریں گے، اجلاس میں سندھ ہائیکورٹ میں آئینی بنچز کی مدت میں توسیع کا معاملہ زیر بحث آئے

بقیہ نمبر 59 صفحہ 7 پر

استعمال شدہ گاڑیوں سے متعلق امور کو نئی آٹو پالیسی میں شامل کرنے کا فیصلہ

ریگولیشنز میں نرمی کے بعد استعمال شدہ گاڑیوں کی درآمد میں اضافہ ہوا ہے، ذرائع

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے استعمال شدہ گاڑیوں سے متعلق امور کو نئی آٹو پالیسی میں شامل کرنے کا فیصلہ کرلیا۔ نجی ٹی وی کے مطابق ریگولیشنز میں نرمی کے بعد استعمال شدہ گاڑیوں کی درآمد میں اضافہ ہوا ہے۔ وزیراعظم کی

بقیہ نمبر 80 صفحہ 7 پر

کراچی بندرگاہ سے یورپ کیلئے براہ راست شپنگ سروس بحال

اسلام آباد (آئی این پی) کراچی بندرگاہ سے یورپ کیلئے براہ راست شپنگ سروس بحال کر دی گئی۔ وفاقی وزیر بحری امور جنید انوار چوہدری نے کہا ہے کہ 7 یورپی بندرگاہوں کے لئے شپنگ رابطہ بحال کر دیا گیا ہے۔ اپنے بیان میں جنید انوار چوہدری نے کہا کراچی گیٹ وے ٹرمینل سے یورپ

بقیہ نمبر 56 صفحہ 7 پر

پی ایم ڈی سی منافع قومی بخش ادارہ، نجکاری قبول نہیں' یونس ترین

پی ایم ڈی سی ایمپلائز یونین ورکرز محمد نعیم اور نور شاہ کی قیادت میں اپنے ادارے کا تحفظ کریں گے

کوئٹہ (آن لائن) پی ایم ڈی سی ایمپلائز یونین شاہرگ کے جوائنٹ سیکرٹری حاجی محمد یونس ترین نے کہا ہے کہ پاکستان منرل ڈویلپمنٹ کارپوریشن (پی ایم ڈی سی) ایک منافع بخش قومی ادارہ ہے اس کی نجکاری کسی صورت قبول نہیں، وفاقی حکومت قومی

بقیہ نمبر 81 صفحہ 7 پر

آزاد خود مختار الیکشن کمیشن کے زیر نگرانی شفاف اور منصفانہ انتخابات کرائے جائیں، پشتونخوامیپ

تمام قوموں کی برابری تسلیم کی جائے' میں آئین کی بحالی، جمہوریت، چوری شدہ عوامی مینڈیٹ کی واپسی یقینی بنائی جائے

سیاسی اسیران کی رہائی کے لیے پاکستان تحریک انصاف کے لانگ مارچ کی حمایت کرتے ہے' ژوب' کے جلسے میں پیش کی گئی قرار دادیں

ژوب (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے زیر اہتمام 7 اکتوبر 1983 کے شہدا جمہوریت اور 11 اکتوبر 1991 کے شہداوطن کی برسیوں کے موقع پر ضلع ژوب و ضلع شیرانی کے زیر اہتمام باز محمد شہید پارک ژوب میں پارٹی کے مرکزی جلسہ عام کی قرار دادیں پشتونخوامیپ کے مرکزی جنرل سیکرٹری عبدالرحیم زیارتوال نے پیش کی۔ آج کا یہ پروقار عظیم الشان ضلع ژوب جلسہ عام 7 اکتوبر 1983 کے شہداء جمہوریت اولس یار شہید، کاکا محمود شہید، داؤد شہید اور رمضان شہید اور 11 اکتوبر 1991 کے شہداوطن عبدالرحیم کلیوال شہید، صابر شاہ شہید، حبیب الرحمٰن

بقیہ نمبر 82 صفحہ 7 پر

لانگ مارچ میں کالعدم تنظیموں کے عناصر کی موجودگی کا خدشہ

سکیورٹی اداروں کو سخت کارروائی کی ہدایت' تمام گاڑیوں کی فارنزک اسکریننگ کی جائے گی

پشاور (آن لائن) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی کی ہدایات پر خیبر پختونخوا ہوم اینڈ ٹرائبل افیئرز ڈیپارٹمنٹ نے وزیراعلیٰ سہیل آفریدی کے لانگ مارچ کے حوالے سے سکیورٹی اداروں کو سخت اقدامات کی ہدایت کردی۔ 8 اکتوبر 2026 کو

بقیہ نمبر 83 صفحہ 7 پر

حافظ احسان اللہ ڈاکوؤں کی فائرنگ سے شہید، لواحقین کا احتجاج

انتظامیہ نے ملزمان کی گرفتاری اور مقتول کو سرکاری طور پر شہید قرار دینے کا اعلان کر دیا

چمن (یو این اے) چمن کے نواحی علاقے محمود آباد میں موٹر سائیکل سوار ڈاکوؤں کی فائرنگ سے جمعیت طلبا اسلام کے ضلعی رہنما حافظ احسان اللہ جاں بحق (شہید) ہوگئے۔ واقعے کے خلاف آل پارٹیز اور جمعیت طلبا اسلام کے رہنماؤں و کارکنوں کی بڑی

بقیہ نمبر 84 صفحہ 7 پر

چیف ایڈیٹر: گلریز خان
ایگزیکٹو ایڈیٹر: شاغاسی
پرنٹر پبلشر شاغاسی نے روزنامہ باخبر آریانہ
پرنٹرز نب چیمبر شارع عدالت کوئٹہ سے چھپوا
کر زینب چیمبر شارع عدالت سے شائع کیا
فون نمبر: 2825169
فیکس نمبر: 2840564
فیکس نمبر: 2826720
موڈیم نمبر: 2826705